سکتا تھا۔ انسان کا خمیر جس مٹی سے اُٹھتا ہے اُس کا گہرا اثر اُس کی شخصیت پر مرتّب ہوتا ہے اسلئے یہ ضروری ہو جاتا ہے کہ انسان کو پہچاننے کے لئے اُس کا ماحول اور آنے والا زمانہ 'اُس انسان کی مٹی' ملک اور آب و ہوا سے کماحقہُ تحقیقی طور پر واقفیت حاصل کرے۔ اس عظیم نقطہء آغاز اور دیگر متعلقہ تحقیقی موضوعات کو پیشِ نظر رکھ کر ڈاکٹر جمال الدین فالح الکیلانی نے اللہ کا نام لے کر اس بامقصد تحقیقی کام کا بیڑا اُٹھایا اور مسلسل عرق ریز کاوشوں کے بعد اپنے جدّامجد ؓ پر ۲۰۱۵ء میں اس تحقیق کو اپنی حد تک مکمل کر کے خود اپنے آپ کو پہچاننے کے راستے متعیّن کر لئے۔ ڈاکٹر جمال الدین الکیلانی کا یہ مقالہ عربی زبان میں لکھا ہوا ہے۔

جب اللہ تعالیٰ کسی سے کچھ کام لینے کا ارادہ فرماتا ہے تو وہ خود بخود ایسے اسباب پیدا کر دیتا ہے کہ عقلِ انسانی حیران ہو جاتی ہے۔ ڈاکٹر جمال الدین فالح الکیلانی کا ربط جناب سید وحید القادری عارف سے ہوا اور انہوں نے یہ خواہش ظاہر کی کہ اُن کی اس تحقیق کا اردو ترجمہ 'عقید تمندانِ غوثِ پاک ؓ کے استفادہ کے لئے انٹرنیٹ پر پوسٹ کر دیا جائے تو زمانہ اس تحقیق سے استفادہ کر سکتا ہے۔

اِس سے پہلے کہ بات آگے بڑھے 'پہلے جناب سید وحید القادری عارف کے نام اور کام پر روشنی ڈالنا ضروری ہے۔ جناب سید وحید القادری عارف اپنے والد حضرت العلّامہ ابوالفضل سید محمود قادری ؒ سابق سیشن جج کے لختِ جگر ہیں۔ بچپن ہی سے ان کی تعلیم و تربیت حضرت ؒ کے سایہء عاطفت میں رہی جس کی وجہ سے اوائلِ عمری ہی میں اُردو' عربی اور فارسی زبانوں میں دسترس حاصل ہو گئی۔ لکھنے پڑھنے کا ہنر اور شعر و شاعری کا شغف گھٹی میں پڑ گیا۔ کمسنی کا خوابیدہ شعور' تربیت کی آب و ہوا سے بیدار ہو کر مہکنے چہکنے لگا۔ پھر کیا تھا زبان و بیان کو پر لگ گئے۔ مذہبی و ادبی محفلوں میں شرکتوں اور نمائندہ بزرگوں کی صحبتوں نے ان کو اپنے رنگ میں رنگ دیا۔ ذہن کو جِلا ملی تو ذہن کو عطا اور پھر قلم رواں دواں ہو کر صفحہء قرطاس پر نظم و نثر کے موتی لٹانے لگا۔

یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ جناب سید وحید القادری عارف پدری نسب سے نسبتی قادری اور مادری نسب سے حقیقی قادری ہیں۔ قادریت ہر دو طرح ان کا جزوِ بدن ہے۔ ان کے والدِ محترم ؒ حضرت پیر سید ابراہیم سیف الدین قادری الکیلانی ؒ نقیب الاشراف بغدادِ شریف کے خلیفہ تھے۔ اس طرح ان کا خاندانی اور نسبتی سلسلہ حضرت پیرانِ پیر سیدنا غوثِ اعظم دستگیر ؒ تک پہنچ جاتا ہے۔

جنابِ عارف نہ صرف ایک اچھے ادیب و شاعر ہیں بلکہ ایک اعلیٰ درجہ کے مترجم بھی ہیں۔ "مشکوٰۃ النبّوۃ" (مصنّفہ حضرت سید شاہ غلام علی قادری ؒ خلفِ اکبر حضرت سید شاہ موسیٰ قادری ؒ) کی آخری تین جلدوں کا فارسی زبان سے اُردو زبان میں ترجمہ کرنے کا سہرہ ان ہی کے سر جاتا ہے۔ ترجمہ میں زبان کی نزاکتوں کا خیال رکھنا اور زبان کی چاشنی کو برقرار رکھنا کوئی آسان کام نہ تھا لیکن جنابِ عارف نے بڑی خوبی اور اہتمام سے ان تمام مراحل کو بہ حُسن و خوبی طے فرمایا ہے۔ ان کے علاوہ "ذکرِ محمود" (سوانحِ حیات حضرت علامہ ابوالفضل سید محمود ؒ) کی تالیف کچھ اس دلچسپ پیرایہ میں فرمائی ہے کہ کتاب ہاتھ سے نہیں چھوٹتی۔ اسی طرح "افکارِ محمود" (رشحاتِ قلمِ سحر نگار حضرت مولانا ابوالفضل سید محمود قادری ؒ) کو مرتّب فرما کر جنابِ عارف نے ایک باکمال ادیب و شاعر کے مضامین کو منظر عام پر لانے کی عظیم ادبی خدمت انجام دی ہے۔ "سرمایہء حیات" (در مدحِ سرورِ کائینات صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) جناب سید وحید القادری عارف کے نعتیہ کلام کا پر سوز مجموعہ ہے جس میں انہوں نے اپنی منتخب نعتوں کو یکجا کر کے زیورِ طبع سے آراستہ فرمایا ہے۔ ان کے علاوہ جنابِ عارف کے کئی ایک مذہبی و ادبی مضامین مختلف اخبارات و رسائل میں شائع ہو چکے ہیں۔

جنابِ عارف ایک زمانہ سے جدّہ میں مقیم ہیں اور حرمین الشریفین سے حد درجہ قربت رکھتے ہیں۔ دن بھر کی مصروفیات کے بعد جو وقت ملتا ہے وہ لکھنے پڑھنے میں صرف کرتے ہیں۔ نام و نمود سے دور ہیں اسلئے محفلوں 'مشاعروں میں بہت کم نظر آتے ہیں۔ آجکل الکٹرانک ٹیکنالوجی کی ترقی سے بہت سہولتیں میسر آگئی ہیں جن سے بجا طور پر استفادہ کرتے ہوئے جنابِ عارف "آن لائن مشاعروں و محفلوں" میں

شریک ہو جاتے ہیں۔ اپنا تازہ کلام فیس بک پر پوسٹ کرتے ہیں اور شائقانِ سخن سے بے ساختہ داد وصول کرتے رہتے ہیں۔

جناب سید وحید القادری عارف نے ڈاکٹر جمال الدین فالح الکیلانی کے تحقیقی مقالہ "جغرافیۃ الباز الأشهب" یعنی حضرت سیدنا الشیخ عبد القادر الجیلانیؒ کی سیرتِ مبارکہ وولادت باسعادت کا اُردو ترجمہ محقق و مولف کی خواہش پر بالآخر اوائلِ جنوری ۲۰۱۶ء میں مکمل فرما کر اس کو خصوصی ویب سائٹ پر ارادتمندوں کے لئے پوسٹ کر دیا اور پھر اس ترجمہ کی ایک کاپی اس عاجز کو بذریعہ ای میل روانہ فرمادی تاکہ امریکہ کی سرزمین پر بھی اہلِ عقیدت اس سے مستفیض ہو سکیں۔ جنابِ عارف سے یہاں شخصی ملاقات میں خصوصی محفلیں منعقد ہوئیں جس میں منتخب اہلِ مذہب و ادب نے ان کی شخصیت اور کلام کو خراجِ تحسین سے نوازا۔

جنابِ عارف سے متعارف ہونے والی ان ہی شخصیتوں میں اک مشہور نام جناب خلیل الزماں خان صاحب کا بھی ہے۔ خلیل صاحب شکاگو کی سرکردہ مذہبی وادبی شخصیت ہیں۔ دی عثمانینس یو ایس اے کے صدر و دیگر انجمنوں کے سرپرست کی حیثیت سے ان کا نام و کام زبان زدِ خاص وعام ہے۔ حضرت سیدنا غوثِ اعظم دستگیرؒ سے عقیدت کا یہ عالم ہے کہ شکاگو میں پچھلے تریالیس (۴۳) سال سے پابندی کے ساتھ ' ہر سال حضرت پیرانِ پیرؒ کی نذر و نیاز اور جلسہ کا اہتمام کرتے ہیں جس میں ہر گوشہ سے عقید تمندوں کا ہجوم رہتا ہے۔ اس عاجز کے ذریعہ جب خلیل الزماں خان صاحب کو جناب سید وحید القادری عارف کے غوثِ پاکؒ پر اُردو ترجمہ کا تفصیلی علم ہوا تو اُنہوں نے فوراً اس ترجمہ کو اپنی جانب سے کتابی صورت میں اشاعت کیلئے پیشکش فرمادی (جزاک اللہ خیر) جس کو شکریہ کے ساتھ قبول کر لیا گیا۔

حضرت سیدنا عبد القادر الجیلانیؒ کی جائے ولادت و پاک سیرت پر اب جناب سید وحید القادری عارف کا یہ تاریخی اُردو ترجمہ زیورِ طبع سے آراستہ ہو کر منظرِ عام پر آرہا ہے اور اس میں کچھ تاخیر ضرور ہوئی

ہے لیکن "دیر آید درست آید" کے مصداق یہ تاخیر بہر صورت خیر کی جانب ہی رجوع کرتی ہے۔ شاید قدرت کو یہی منظور تھا کہ اس تحقیق کی ابتداء کرنے والا'اس کا ترجمہ کرنے والا'اس کام کو کتابی صورت دینے والا'اس کی صورتگری میں حصہ لینے والا اور اس کو پڑھنے والا'سب ہی موتیوں کی طرح ایک ہار میں جڑ کر منبعِ تحقیق اور صاحبِ تصدیق حضرت سیدنا عبد القادر الجیلانی غوثِ اعظم دستگیرؒ کی ذاتِ گرامی کو خراجِ عقیدت پیش کریں۔

اور آخر میں اللہ تعالیٰ سے عاجزانہ دعا ہے کہ وہ اپنے حبیبِ پاک سرورِ کائینات صلی اللہ علیہ وآلہ و سلم کے واسطے سے ہم سب کی اس سعی کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے (آمین ثم آمین)۔

دعا گو

توفیق انصاری احمد

عرضِ حال

سید وحید القادری عارف

قطبِ ربّانی' صاحب الاشاراتِ والمعانی' سیّدنا عبد القادر الجیلانی قدّس اللہ سرّہ العزیز سے میری قلبی وابستگی کا ظاہری سبب تو یہ ہے کہ آپ میرے جدّ مادری ہیں اور میں آپ کے سلسلہء طریقتِ قادریہ سے منسلک ہوں لیکن اس سے سوا جو بنیادی وجہ ہے وہ یہ کہ آپ کی عظیم مقناطیسی شخصیت میں پنہاں جاذبیت نے ہمیشہ مجھے آپ کے دامانِ بیکس پناہ سے مربوط رکھا۔ آپ شارحِ آیاتِ قرآنی بھی ہیں معلّمِ رموزِ عرفانی بھی۔ مربیّءدینِ فطرت بھی ہیں منبعِ علم و حکمت بھی۔ یہ وہ شخصیت ہے جو کمسنی میں ادب و اخلاق کی تصویر ہے' عنفوانِ شباب میں حصولِ علم کے لئے منہمک و مشغول ہونے کی بے مثال عملی تعبیر ہے تو پھر تا دمِ آخر ابنائے امّتِ عربیہ و اسلامیہ کی اصلاح و تربیت کے ذریعہ احیائے دینِ متین و سنّتِ حضورِ نبیءکریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کی مسلسل تنویر ہے ۔ جہاں علمائے کرام' اساتذہء عظام اور مشائخِ ذی احتشام کی خدمت میں استمرارِ طلبِ سعادت آپ کے حسنِ عقیدت کی دلیل ہے وہیں ان اکابرینِ دین و ملت کی آپ پر شفقت و عنایت اور اپنے شیوخ و اساتذہ کی موجودگی میں مجالسِ وعظ و نصیحت کا انعقاد اور ان کی مسندِ ارشاد پر آپ کا متمکن ہونا اس خوبیءسیرت کی سند ہے۔ آپ کی سیرتِ مبارکہ جہاں مسجد و مدرسہ و خانقاہ سے آپ کی ہمہ تن وابستگی کا نام ہے وہیں مشکل عرصہءحیات میں عملی جدوجہد کا جاودانی پیغام ہے۔ یہاں پاسِ شریعت بھی ہے عبادت و ریاضت کی کثرت بھی ہے اور درس و تدریس و تربیت کا اہتمام بھی ہے۔ ایک طرف تو آپ ان وابستگانِ مدرسہء قادریہ کی عملی تربیت فرماتے ہیں جو ہر سمت سے جوق در جوق آپ کی جانب کھنچے چلے آتے ہیں تو دوسری طرف آپ کے نوکِ قلم سے پھیلتی انوارِ ہدایت کی کرنیں چہار دانگِ عالم میں ضوفشانی کرتی نظر آتی ہیں۔ جہاں آپ کی تعلیمات باعثِ تجدیدِ ایمان و ایقان ہیں وہیں ان سے ایسی

تربیتِ روحانی میسّر آتی ہے کہ قلوبِ انسانی پاکیزگیء نفس اور بالیدگیء روح کی منازل سے آشنا ہو جاتے ہیں۔ یہ وہ درِ بارِ دُربار ہے کہ جس سے وابستگی فلاحِ دارین کی ضمانت ہو جاتی ہے۔ آپ کی ذاتِ ستودہ صفات آپ کے حینِ حیات بھی علمائے حق کے لئے مشعلِ راہ اور اولیائے برحق کے لئے محورِ نگاہ رہی اور آپ کے اس جہانِ فانی سے پردہ فرمانے کے بعد سے آج تک بھی اس بحرِ ذخّار سے لاتعداد طالبانِ ہدایت فیضیاب اور اس رہنمائے راہِ حق کی رہنمائی میں اپنی منزلِ مقصود پر فائز ہوتے آئے ہیں اور یہ سلسلہ ان شاءاللہ العزیز تا قیامِ قیامت جاری و ساری رہے گا۔

آپ کی سیرتِ مبارکہ پر یوں تو صدیوں سے کتابیں لکھی جاتی رہی ہیں جن سے آپ کی علوِّ شان کے چرچے انحائے عالم میں ہوتے رہے ہیں لیکن ان میں زیادہ تر کتابیں آپ کی بغدادِ شریف میں آمد اور اس کے بعد کی عملی زندگی پر مشتمل ہیں جبکہ آپ کے مقامِ ولادت اور وہاں کے حالات پر ہمیں شاذ و نادر ہی کوئی تصنیف نظر آتی ہے۔ اکثر و بیشتر مصنفین نے گیلانِ طبرستان کو آپ کا مقامِ ولادت بتایا اور یہ روایت نقل در نقل کتبِ سیر و تاریخ میں منتقل ہوتی چلی آئی جس سے آپ عربی الاصل ہونے کے باوجود عجمی قرار پاتے رہے۔ یہ موضوع عراقی علماء' خاص طور پر افرادِ خاندانِ کیلانیہ کا مرکزِ توجہ بنا رہا اور وقتاً فوقتاً اس پر سوال اُٹھتے رہے۔ پچھلے سال اسی خاندانِ کیلانیہ کے فردِ فرید ڈاکٹر جمال الدین فالح الکیلانی بارک اللہ فی علمہ و شرفہ نے اپنی تالیف " جغرافیة الباز الاشهب" کی الکٹرانک کاپی میرے پاس روانہ کی اور خواہش فرمائی کہ میں اس کتاب پر ایک تعارفی مضمون بزبانِ اردو انٹرنیٹ پر لکھوں۔ ڈاکٹر جمال الدین فالح الکیلانی نے تاریخ میں اختصاص کیا ہے اور ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی ہے۔ تکمیلِ تعلیم کے بعد انہوں نے یوں تو کئی تاریخی کتب و مضامین تحریر کئے لیکن اپنے جدّ اعلیٰ حضرت سیدّنا الشیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شخصیت ' تعلیمات اور کارناموں پر ان کی تصانیف بڑی اہمیت کی حامل ہیں۔ زیرِ نظر کتاب "جغرافیۃ الباز الاشہب" میں قابل مصنف نے خاص طور پر حضرت غوثیت مآب رضی اللہ عنہ کے مقامِ ولادت پر سیر حاصل بحث کی

ہے جس کے بعد قاری پر بلا کسی شک و شبہہ واضح ہو جاتا ہے کہ آپ کی ولادت اور نشو نما جیلانِ عراق میں ہوئی اور وہیں سے آپ نے بغداد کا قصد کیا جہاں آپ نے اپنی باقی ماندہ حیاتِ مبارکہ بسر فرمائی۔ اکثر کبارِ مورخین اور اساتذہء شعبہء تاریخ نے ڈاکٹر کیلانی کے اس اقدام کو بے حد سراہا کہ انہوں نے جدید مورخین اور تاریخ کے طالبانِ علم کو عرصہء دراز سے بلا تحقیق نقل ہوتی روایتوں سے صرفِ نظر کرنے اور اصل موضوع پر کھلے دل و دماغ سے غور و فکر اور تحقیق کرنے کی جانب متوجہ کیا ہے۔ میں نے اس کتاب کے مطالعہ کے بعد یہ مناسب محسوس کیا کہ ایک مختصر تعارفی مضمون کی بجائے اس تمام تر مقالہ کو حضرت غوثِ جیلانی رضی اللہ عنہ کے اردو داں معتقدین و وابستگانِ سلسلہ کے حسنِ مطالعہ کے لئے اردو زبان میں پیش کیا جائے۔ میں نے ڈاکٹر کیلانی سے اپنے اس خیال کا اظہار کیا تو انہوں نے مجھے ہی اس کی ذمہ داری دیدی جسے میں نے بسر و چشم قبول تو کر لیا لیکن اپنی مصروفیات کے باعث اس کام کی تکمیل میں تاخیر کر دی جس کے لئے میں تہہ دل سے معذرت خواہ ہوں۔ دیگر یہ کہ کتاب کا مطالعہ کر لینا اور اس پر اپنی رائے ظاہر کر دینا نسبتاً آسان ہوتا ہے لیکن جب معاملہ اسے کسی دوسری زبان کے پیکر میں ڈھالنے کا ہو تو اس میں رفتارِ قلم سست ہو جاتی ہے۔ اور یہ کچھ عجب بھی نہیں کہ کسی موضوع پر قلم اُٹھانے اور اپنے افکار کو الفاظ کا روپ دینے میں صاحبِ قلم بالکل آزاد ہوتا ہے جبکہ کسی کتاب کے ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ وپیشکش کے لئے کئی پابندیوں کا سامنا ہوتا ہے۔ ایک تو یہ کہ مترجم مصنّفِ کتاب کے افکار کا پابند ہوتا ہے اور ان میں اپنی جانب سے کسی طرح کی کمی بیشی کے لئے آزاد نہیں ہوتا۔ دوسرے ہر زبان کے اپنے محاورے ہوتے ہیں اور اپنا اندازِ بیان ہوتا ہے اور اگر انہیں لفظ بہ لفظ دوسری زبان میں منتقل کیا جائے تو کبھی لذّتِ تحریر شہید ہو جاتی ہے تو کبھی ترجمہ اصل مقصدِ تحریر سے بعید ہو جاتا ہے۔ پھر ہر زبان اور اُس کے اہلِ زبان کی اپنی تہذیب ہوتی ہے جو اگر جوں کی توں دوسری زبان میں پیش کر دی جائے تو بعض اوقات یہ اِس زبان اور اِس کے اہلِ زبان کے لئے بد تہذیبی کے دائرے میں تک شمار ہو جاتی ہے۔ انہی اسباب کے پیشِ نظر میں نے

ڈاکٹر جمال الدین الکیلانی سے عرض کیا کہ میری اردو تحریر کسی طور عربی مضامین کا لفظی ترجمہ نہ ہو گی بلکہ میں اپنی اس تحریر کو ترجمہ کی بجائے مصنّفِ کتاب کے اقوال کی ترجمانی قرار دوں گا اور میری کوشش یہ ہو گی کہ جو کچھ میں نے پڑھا اسے اپنی حسبِ فہم و استطاعت اپنے اندازِ بیان میں اپنے ہم زبان افرادِ ملت خاص طور پر حضرت سیدنا الشیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ سے وابستگان اور آپ کے عقیدت مندوں تک پہنچادوں۔ میں نے اس اردو تحریر میں اس بات کا خیال رکھا کہ فصول کی ترتیب اور ان کے عنوانات اصل عربی کتاب کے مطابق ہی رہیں اور حتی الامکان جملوں کی اصل ترتیب و تشکیل بھی قایم رہے اگرچیکہ الفاظ میرے اپنے ہوں۔ عربی تحریر میں اکثر القابات کا خیال نہیں رکھا جاتا اس لئے حضرت 'رحمۃاللہ علیہ' رضی اللہ تعالیٰ عنہ وغیرہ جیسے القاب میری جانب سے اضافتیں ہیں۔ اسی طرح کتاب کی ابتداء میں جن اہم شخصیات کے کلماتِ تحسین پیش کئے گئے ہیں اور تتمہ ء کتاب میں کتاب کے متعلق جن شخصیات کے منتخب اقوال شامل ہوئے ہیں ان کے ناموں کے ساتھ اصل کتاب میں ان کے عہدوں کا ذکر نہ تھا جنہیں میں نے اپنی جانب سے شامل کیا ہے تاکہ اس طرح اردو قارئین کے لئے ان کا تعارف بھی ہو جائے اور میرے خیال میں یہ ضروری بھی تھا کیونکہ یہ شخصیات عالمِ عرب کی مشہور و معروف اور نمائندہ شخصیات ضرور ہیں لیکن اردو دان طبقہ میں شائد ہی کوئی ان سے متعارف ہو گا۔

مجھے یقین ہے کہ قارئین تاریخ کے لئے عموماً اور وابستگانِ سلسلہ ء قادریہ کے لئے خصوصاً یہ تحقیق ایک بیش قیمت تحفہ سے کم نہیں اور قوی امید ہے کہ مصنفِ محترم کی دیگر تصانیف بھی اِن شاءاللہ عنقریب ان کے مطالعہ کے لئے میسّر ہوں گی۔

و ما توفیقی الّا باللہ العلي العظیم

سید وحید القادری عارف

جنوری ۲۰۱۶ء

هدیہ ءتشکر

ڈاکٹر جمال الدین فالح الکیلانی

میں اللہ سبحانہ تعالیٰ کی اس نعمت پر شاکر ہوں کہ مجھے اس عاجزانہ تحقیق کی توفیق دی۔ بعد ازاں اپنے استاد محترم ڈاکٹر عبد السلام روؤف صاحب کی خدمت میں ہدیہ ءتشکر پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے اس پر نہ صرف مقدمہ تحریر کیا بلکہ میری اس تحریر پر نظرِ ثانی کی اور اصل مواد کی تحسین پر بھی توجہ فرمائی۔

ڈاکٹر محی ہلال السرحان اور ڈاکٹر سالم الآلوسی صاحبان کا بھی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اس تحریر کو دیکھا اور اپنے تجربہ کا فیض علمی نصیحتوں کی صورت میں مجھ تک پہنچایا اور مجھے بعض نادر و نایاب مخطوطات کی نقلیں بھی فراہم کیں۔

میں ڈاکٹر ماجد عرسان الکیلانی صاحب کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے میری اس تحریر کے متعلق معلومات حاصل کیں اور اپنے مفید مشوروں سے نوازا جن سے مجھے کافی مدد ملی۔

ڈاکٹر سعید عبد الفتاح عاشور صاحب کا بھی شکریہ کہ انہوں نے تحقیق کے ابتدائی مراحل میں تصحیح فرمائی۔

اور اپنے ہمزلف شیخ عفیف الدین عبد القادر الکیلانی صاحب کی مسلسل ہمت افزائی کے لئے میں ان کا ممنون ہوں۔

مقدمة الكتاب

فضیلت مآب پروفیسر ڈاکٹر عماد عبدالسلام رؤف صاحب

پروفیسر تاریخِ حدیث وصدر مرکز احیاء التراث العلمی العربی۔ بغداد یونیورسٹی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فَأَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَاءً وَأَمَّا مَا يَنفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْأَرْضِ

سو جھاگ تو سوکھ کر زائل ہو جاتا ہے اور (پانی) جو لوگوں کو فائدہ پہنچاتا ہے وہ زمین میں ٹھہرا رہتا ہے۔

(سورہء اعراف آیت ۱۷)

صدق اللہ العظیم

ماضیء قریب میں تحقیق کے دوران بعض متنوع وجوہات نے تاریخ اور اس کے رجحاناتِ مطالعہ ' تشریح اور تحریر پر نظرِ ثانی کے اہتمام کی جانب محققین کو راغب کیا۔ یہ اہتمام امتِ مسلمہ کی عام طرزِ زندگی پر اثر انداز ہونے والے بنیادی امور کے حقیقی ادراک کی ضرورت کے احساس کے باعث ظہور پذیر ہوا۔ گزشتہ تحریر شدہ تواریخ میں جو مواد تھا وہ تہذیب و ثقافت کے محققین کو مطمئن کرنے کے لئے کافی نہیں تھا اور نہ ان میں موجود دلائل کے ذریعہ وہ عہدِ ماضی کی گہرائی تک پہنچ سکتے تھے۔ چنانچہ ضرورت اس بات کی تھی کہ تاریخ کی بنیادوں کو ایک بار پھر لکھوجا جائے اور ان کے بغور مطالعہ کے بعد حقائق معیارِ علمی کے اصولوں پر ثابت ہو جائیں اور انہیں سادگی کے ساتھ یوں تحریر کیا جائے کہ دورِ حاضر اور مستقبل میں تاریخ کو اس جدید منہج پر بہتر انداز میں سمجھا جاسکے۔

اہم تفصیلات

سر کردہ شخصیات کی مفصل سوانح حیات فی نفسہ نہایت اہمیت کی حامل ہوتی ہیں کیوں کہ یہ نہ صرف مذکورہ شخصیت کے مرتبہ پر دلالت کرتی ہیں بلکہ اس کے فکری اور اجتماعی رجحانات کی بھی عکاس ہوتی ہیں اور ان سے بسا اوقات بعض ایسے باریک مسائل کی بھی تشریح ہو جاتی ہے جو عموماً غیر اہم جان کر نظر انداز کر دئے جاتے ہیں۔ انسان نہ خلا میں بستا ہے اور نہ جغرافیائی حدود سے خارج ہو سکتا ہے۔ وہ فطری طور پر اسی اولین ماحول کا حصہ ہوتا ہے جس میں اس کی پیدائش اور پرورش ہوتی ہے۔ اسی باعث اس ماحول کا تفصیلی مطالعہ موضوعِ تحقیق شخصیت کے مزاج کو سمجھنے کے لئے ضروری ہوتا ہے۔ اور جب تحقیق حضرت الشیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ جیسی عظیم المرتبت شخصیت سے متعلق ہو تو محقق کے لئے محلِ فکر مزید غور طلب ہو جاتا ہے کیونکہ آپ کا دورِ حیات ہمہ اقسام کے فتنوں' سماجی تنازعات اور نظریاتی اختلافات سے پُر تھا اور یہ بسا اوقات مختلف انداز سے آپ کے سامنے سر اُبھارتے رہے تھے۔ آپ عنفوانِ شباب میں بغداد تشریف لائے اور وہیں سکونت پذیر ہو گئے۔ آپ نے علمائے بغداد سے تعلیم پائی اور وہاں کے ماحول میں اس طرح رنگ گئے کہ آپ اہلِ بغداد میں شمار ہوئے اور اپنی نشو نما' تعلیم و تربیت' ضعیفی' وفات اور مدفن کے اعتبار سے بغدادی ہی کہلائے۔ اسی باعث اس مقام کے متعلق محققین نے زیادہ توجہ نہ کی جو آپ کا مقامِ ولادت ہے اور جہاں آپ نے اپنی زندگی کے ابتدائی چند سال بسر فرمائے تھے۔ بعض مولفین نے اس روایت کو اپنایا جس کے مطابق آپ کا مقامِ ولادت جیلان بتایا گیا جو طبرستان کے گرد و نواح میں واقع ہے۔ بعض مورخینِ متاخرین نے بھی اسی روایت کو اپنی کتب میں نقل کیا سوائے ان محققین کے جنہیں اس روایت پر یقین نہ تھا اور جنہوں نے اپنے اس شک کا اظہار بھی کیا کہ جیلان نامی متعدد شہر دنیا میں موجود ہیں جن میں سے جیلان اور جیل عراق میں بغداد سے قریب واقع ہیں اور انہوں نے آپ کی نسبت ان کی جانب کی۔ لیکن ان کا یہ نظریہ کسی طرح عوام النّاس سے پوشیدہ رہا اور تاریخ میں اپنا مقام نہ پا سکا حالانکہ انہوں نے بڑے شرح و بسط کے ساتھ آپ کی جائے آفرینش اور بغداد میں تشریف آوری کے وقت وہاں موجود

تہذیب وثقافت کی تمام کڑیوں مثلاً علم وادب 'شعر وشاعری 'درس وتدریس 'تالیفات 'محاضرات کا آپس میں ربطِ محکم ثابت کیا ہے۔ڈاکٹر جمال الدین فالح الکیلانی نے حضرت الشیخ عبدالقادر الجیلانی رضی اللہ عنہ کی حیاتِ مبارکہ کا بڑے اہتمام سے مطالعہ کا کیا ہے اور اس خصوص میں متعدد تحقیقات وتالیفات کو بنظرِ غائر دیکھا اور ان رموز تک رسائی حاصل کی جن تک محققینِ ماضی نہ پہنچ سکے تھے۔انہوں نے حضرت الشیخ رضی اللہ عنہ کے وطنِ اصلی کے مسئلہ کا بھی مطالعہ کیا' اس سلسلہ میں وارد روایات کا تقابلی جائزہ لیا اور بلادِ اسلامیہ میں موجود لٹریچر اور سفر ناموں کی جانب رجوع کیا اور کافی مشقت اور طویل وقت صرف کرنے کے بعد اس نتیجہ پر پہنچے کہ حضرت الشیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ کی ولادت عراق میں واقع جیلان میں ہوئی نہ کہ اس جیلان میں جو مشرقِ اسلامی کا حصہ ہے۔ مجھے یقین ہے کہ یہ مسئلہ حقیقتاً اس مشقت اور توجہ کا مستحق تھا جس کا بیڑہ ڈاکٹر جمال الدین فالح الکیلانی نے اُٹھایا اور مختلف روایات اور وسائلِ علمی کی تاریخی اور جغرافیائی اہمیت کا مطالعہ کیا اور دراصل علمی تصانیف 'تاریخ سے گہری دلچسپی 'عظیم شخصیتوں کی سیرت سے دلی تعلق 'احیائے معارفِ اسلامیہ سے شغف وہ خصوصیات ہیں جن کے باعث وہ متمیز ہیں اور ان کی تحقیقات قدر ومنزلت کی نظر سے دیکھی جاتی ہیں۔اللہ تعالیٰ ان کے اس مشغلہء تحقیق میں برکت عطا فرمائے اور وہ اسی طرح مزید تاریخی تحقیقات کے ذریعہ اپنی علمی ضو فشانیاں عام کرتے رہیں۔

ڈاکٹر عماد عبدالسلام رؤف

کلمات

فضیلت مآب پروفیسر ڈاکٹر ماجد عرسان الکیلانی صاحب

پروفیسر شعبہء تعلیم۔اُمّ القریٰ یونیورسٹی۔ سعودی عرب

امامِ مصلح حضرت سیدنا الشیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ کے مقامِ ولادت سے متعلق آپ کی یہ تحقیق دراصل آپ کی ان تھک محنت کا پھل اور ایک خوش کن اور حیرت افزا خبر ہے جو اس تاریخی حقیقت کو بے نقاب کرتی ہے جو حضرت شیخِ جیلانی رضی اللہ عنہ کی ابتدائی حیات سے ناواقفیت کی وجہ سے پوشیدہ رہی۔

آپ کا یہ عمل میری نظر میں ان جلا کردہ موتیوں کی مانند ہے جنہیں غوطہ خور سمندر کی گہرائیوں سے نکالتے ہیں اور ان کو چمکاتے ہیں تاکہ وہ تاریخی حقائق اور جغرافیائی ثبوتیات کے درمیان اپنا صحیح مقام پا سکیں۔ اللہ سبحانہ تعالیٰ حضرت حسن البصری پر رحمت فرمائے کہ انہوں نے فرمایا "جس کی عقل اس کی رہنمانہ ہو اسے اوروں کی روایات کی کثرت سے بھی کچھ فائدہ نہیں ہوتا"۔

ڈاکٹر ماجد عرسان الکیلانی

کلمات

فضیلت مآب پروفیسر ڈاکٹر سعید عبدالفتاح عاشور صاحب

پروفیسر تاریخِ قرونِ وسطیٰ جامعہ اسکندریہ 'مصر و جامعہ عربی بیروت

تاریخِ اسلامی متعدد روایات پر مبنی ہے۔ اسی لئے مورخ اور محقق کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ وہ ان روایات کی اچھی طرح چھان بین کرے اور حقیقتِ حال تک پہنچنے کی کوشش کرے۔ خاص طور پر جب مورخ تاریخ پر کوئی فیصلہ کرے تو اس کا یہ فیصلہ منصفانہ اور صرف حقیقت کو منظرِ عام پر لانے کے لئے ہو۔

حضرت شیخ الاسلام عبد القادر رضی اللہ عنہ 'جنکا نامِ نامی ہماری تاریخ میں روشن و منور ہے' ان کے مقامِ ولادت سے متعلق آپ کی یہ تحقیق ایک علمی کارنامہ ہے اور اس سے ذہنوں میں ایک بار پھر اس امر کی اہمیت اجاگر ہوتی ہے کہ روایات کی تحقیق کی جائے اور انہیں بغیر غور و فکر تسلیم نہ کیا جائے۔

ڈاکٹر سعید عبدالفتاح عاشور

کلمات

فضیلت مآب ڈاکٹر محی ہلال سرحان صاحب

رکن "اتحاد الکتّاب و المؤلفین"-بغداد

رکن "اتحاد المورّخین"۔بغداد

مدیر تحریر "مجلة الشریعة والقانون"

مدیر تحریر "مجلة الرسالة الإسلامیة"

علمی تحقیق ہمارا سرمایہ ہے اور اس کو عامۃ الناس تک پہنچانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ خاص طور پر روایات کے انبار کی موجودگی میں مورخین کا یہ فریضہ ہے کہ وہ اپنے قلم کو قابو میں رکھیں۔ میری رائے میں عراق میں سیدنا عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ کے مقامِ ولادت سے متعلق آپ کا یہ مقالہ اسی امر کی توفیق کا مظہر ہے اور آپ نے جو تحقیق پیش کی ہے وہ یقیناً لائقِ ستائش ہے۔

ڈاکٹر محی ہلال سرحان

کلمات

فضیلت مآب ڈاکٹر رشید الخیون صاحب

مصنف "الادیان و المذاہب بالعراق"

ودیگر مطبوعاتِ متعددہ

حضرت الشیخ عبد القادر الکیلانی رضی اللہ عنہ نے اقدارِ تصوف کی روحانیت کا احاطہ کیا اور اس طرح ایک سنّتِ سنیّہ کی بنیاد ڈالی اور اس کے قیام کے لئے جدوجہد فرمائی۔ آج بھی قادریت حضرت بازِ اشہب سیدنا عبد القادر رضی اللہ عنہ کے انہی نظریات کی علمبردار 'عزم واستقلال سے معمور 'سیاست اور جانبداری سے بعید سماجی بلندیوں پر فائز نظر آتی ہے اور تصوفِ قادری کا اس خصوص میں ہمیشہ بڑا اہم کردار رہا ہے۔

مجھے ایامِ طالبعلمی میں حضرت علیہ الرحمہ کے روضہء مبارکہ کے قریب سکونت کا شرف حاصل رہا ہے۔

ڈاکٹر جمال الدین فالح الکیلانی حضرت الشیخ رضی اللہ عنہ کی اولاد سے ہیں اور اپنی تحقیق میں گہرائی اور گیرائی کے لئے معروف ہیں۔ اپنے اس مقالہ کے ذریعہ انہوں نے اپنے جدّ امجد رضی اللہ عنہ کی سیرتِ طیبہ کو تاریخی تحقیق کے نقطہء نظر کے عین مطابق بڑی احتیاط کے ساتھ مکمل 'مستند اور مدلل انداز میں تحریر کیا ہے جو اسلامی ورثہ میں ایک قابلِ قدر اضافہ ہے اور جس سے شدت پسندی اور تعصب سے مقابلہ میں مدد ملے گی اور پرچمِ اسلامی خوشگوار بلندیوں پر لہرائے گا۔

میں امید کرتا ہوں کہ ان کی یہ کتاب قارئین میں مقبول ہو گی اور اس سلسلہ میں مزید تحقیق کا سدِّ باب ثابت ہو گی۔

ڈاکٹر رشید الخیون

کلمات

فضیلت مآب پروفیسر ڈاکٹر محسن مہدی صاحب

سابق پروفیسر ہارورڈ یونیورسٹی-امریکہ

اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ کتاب مطالعہء تاریخ اور تنقیدِ سیرت میں ایک بہترین اضافہ ہے۔ موقر محقق ڈاکٹر جمال الدین فالح الکیلانی نے اپنے جدّ امجد رضی اللہ عنہ کی سیرت کا اس انداز سے مطالعہ کیا کہ بیک وقت تاریخی روایتوں پر اندرونی اور بیرونی تمام تر تنقیدوں کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے ان کے متن پر نظرِ ثانی کی'ان کا معترف شدہ شواہد اور دلائل سے تقابل کیا اور ان حقائق کو منظرِ عام پر لے آئے جو اب تک پردہء اخفا میں تھیں۔ یہ کتاب اپنے موضوع پر جامع و مدلل ہے اور قارئین کو قائل کرنے کی امتیازی خصوصیت رکھتی ہے اور اسی باعث خاطر خواہ پزیرائی کی مستحق ہے۔ اللہ سبحانہ تعالیٰ مصنفِ محترم کو مزید قابلِ قدر مطالعات کی توفیق عطا فرمائے۔

ڈاکٹر محسن مہدی

کلمات

فضیلت مآب پروفیسر ڈاکٹر کمال مظہر احمد صاحب

پروفیسر بغداد یونیورسٹی۔ عراق

اکثر دیکھا گیا ہے کہ محققین سابقہ تحقیقات 'کتب اور نظریات کو بآسانی قبول کر لیتے ہیں جس کے باعث ان کی تحقیق میں صلاحیت و جدّت کا فقدان ہوتا ہے۔اس کے بر عکس آپ کا یہ مقالہ نہ صرف حقائق کی جانب ہماری رہنمائی کرتا ہے بلکہ میدانِ تحقیق میں صحیح طرزِ عمل کے ساتھ بے نظیر تخلیقی صلاحیتوں کا مظہر ہے۔ آپ کا شمار آپ کی اس تحریر کے باعث حقیقی تخلیق کاروں میں ہوتا ہے۔ آپ کی مزید تخلیقات کے لئے ہماری نیک خواہشات پیش ہیں۔

ڈاکٹر کمال مظہر احمد

ارشادات

حضرت امام حافظ محی الدین ابوذکریا یحییٰ النووی رحمۃ اللہ علیہ

کراماتِ اولیاء میں ہمیں حضرتِ قطب' شیخِ بغداد محی الدین عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ کی کرامات سے زیادہ کسی اور کی کرامات نہیں ملتیں۔ آپ بغداد میں سر گروہِ ساداتِ شافعیہ و حنابلہ تھے۔ اپنے وقت میں آپ علم و دانش کے اعلیٰ ترین منصب پر فائز تھے۔ آپ کی صحبت سے متعدد اکابرین فیضیاب ہوئے۔ عراق کے مشائخینِ عظام بھی آپ کی جانب رجوع کرتے تھے۔ تشنگانِ علم بکثرت آپ کی خدمت میں حصولِ علم کے لئے حاضر ہوتے تھے اور آپ کے بے شمار تلامذہ نے علم و حکمت کے بلند ترین مقامات تک رسائی حاصل کی ہے۔ تمام مشائخین اور علمائے وقت آپ کی بے انتہا توقیر و احترام کرتے تھے۔ آپ کا قول ان کے لئے قولِ فیصل ہوتا جس کی وہ بلا رد و کد تعمیل کرتے۔ اہلِ سلوک آپ کی خدمت میں دور دراز کے علاقوں سے جوق در جوق حاضر ہوتے تھے۔

آپ صفاتِ جمیلہ اور اخلاقِ شریفہ کے حامل' ادب و مروت میں کامل' تواضع و انکساری کے پیکر' خوش صورت' علم و دانش سے لبریز' احکامِ شریعت پر سختی سے عمل پیرا' اہلِ علم کے لئے قابلِ تعظیم' اربابِ دین و سنت کے لئے لائقِ تکریم' اہلِ بدعت و اصحابِ حرص و ہوس سے ناراض' مریدینِ حق سے محبت کرنے والے اور مجاہدہ اور مراقبہ کے تاحیات پابند تھے۔ علوم و معارف میں آپ کے اقوال بلند ہیں۔ حرماتِ اللہ کا لحاظ نہ کرنے والوں پر آپ شدت سے ناراض ہوتے تھے۔ کریم النّفس تھے۔ سخاوت میں بے مثال تھے۔ الغرض اس زمانہ میں کوئی آپ جیسا نہ تھا۔ رضی اللہ عنہ

(ماخوذ از کتاب "بستان العارفین")

اقوالِ زرین

حضرت امام غزالی

رحمۃ اللہ علیہ

"جس نے شک نہیں کیا اُس نے دیکھا نہیں

اور جس نے دیکھا نہیں وہ تاریکی میں بھٹکتا رہا"

حضرت امام طبری

رحمۃ اللہ علیہ

"جو قابلِ اعتماد ہو اسے قبول کرلو

اور جو ناقابلِ اعتماد ہو اسے قبول نہ کرنا"

جان جیک روسو

(Jean-Jacques Rousseau)

"عظیم تاریخی حقائق سطحِ آب پر بہتے اس برف کی مانند ہیں جس کا اوپری حصہ پانی پر بہتا نظر آتا ہے لیکن جس کا اصل تودہ زیرِ آب ہوتا ہے اور جس کی حقیقت غوطہ زنی کے بغیر معلوم نہیں ہو پاتی"

حقیقت اور تاریخ

حضرت سیدنا الشیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ (۴۷۰-۵۶۱ ھجری/۱۰۷۷-۱۱۶۵ء) کی سیرتِ طیبہ کی مختلف جہتیں ہیں جو عام طور پر عربی اور اسلامی نظریات کی تاریخ کے محققین کے لئے اور خاص طور پر خلافتِ عباسیہ کے اواخر میں اثر انگیز مسلم شخصیتوں پر ریسرچ کرنے والوں کے لئے نہایت اہم ہیں کیونکہ آپ کے عرصہء حیات میں واقع صلیبی جنگوں کے دوران آپ ہی نے مبلغین کے کئی گروہ تیار کئے تھے اور ان کی تعلیم و تربیت فرمائی تھی جنہوں نے صلاح الدین ایوبی کے ساتھ بیت المقدس کی آزادی میں حصہ لیا تھا۔

حضرت سیدنا الشیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ کی سیرتِ طیبہ یکساں طور پر آپ کے دورِ حیات میں اور آپ کی وفات کے بعد بیشتر مولفین اور مورخین کی تحقیق پر اثر انداز رہی ہے اور آج تک بھی عالمِ اسلامی میں محققین اور علماء کی تحقیق کا اہم موضوع بنی ہوئی ہے۔

میں نے حضرت الشیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ کے مقامِ ولادت کے متعلق یہ تحقیق اس لئے نہیں کی کہ میں متعدد تواریخ کے اس نظریہ پر حیرت زدہ ہوں جن کا تاریخ کی تشریح میں خرافات کو پروان چڑھانے میں بڑا اہم کردار رہا ہے بلکہ میری اس تحقیق کی اصل وجہ ان مصادر پر میرا شک تھا اور یہی شک اس مبہم و غامض موضوع کی جانب میرا رہنما بنا۔ چنانچہ میں نے متعدد تاریخی اور معاصر ذرائع کا گہرا مطالعہ کیا تاکہ کسی مشہور مصنف کا نام یا کسی تاریخی واقعہ پر پچھلے دور میں کی گئی اجتماعی نتیجہ خیزی میرے لئے باعثِ حیرت نہ رہے۔

میرا مقصد محض اختلاف کرنا نہیں بلکہ اس تاریخی واقعہ کو کماحقہٗ شفافیت کے ساتھ منظرِ عام پر لانا ہے۔ میں نے بکثرت موجود قدیم و معاصر ذرائع اور حوالہ جات، تعلیم اور تحقیق کے مختلف ذرائع سے متعلق معلومات کے حصول کے لیے کوشش کی اور مناسب نتائج تک پہنچنے کے بعد ان تاریخی حقائق کو ترتیب وار تحریر کیا۔ یہ مرحلہ بڑا صبر آزما تھا اور اس میں کئی سال صرف ہوئے۔

میں نے اپنے اس ہدف کی تکمیل کے لئے کسی طرح کے میلانِ طبع سے اجتناب کیا جو اکثر محققین کا انداز رہا ہے اور جس کے باعث وہ تاریخی حقائق کی تحقیق میں ان روایات پر اکتفا کر گئے جو معروف تواریخ کے صفحات میں موجود تھیں اور یہی ان کی تحریروں پر بھی اثر انداز رہیں۔

پھر جو کچھ میں نے تحریر کیا اس کی غرض و غایت بلا کسی شخصی جذبہ کے محض حقیقتِ حال تک رسائی اور سیرتِ قادریہ کی تشریح پر باندازِ نو ضوفشانی کرنا ہے۔ بہر حال مجھے امید ہے کہ میری اس تحریر سے مطالعاتِ تاریخ' تحقیق و تالیف اور امّتِ اسلامیہ کی سر کردہ شخصیات' بشمول حضرت الشیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ کی سیرت کے متعلق جو فکری سکوت کا خلا تھا وہ خاطر خواہ طور پر پُر ہو گا۔

مجھے فخر ہے کہ مجھے اس مقالہ کی تکمیل کے دن خواب میں سیدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کے دیدار کا شرف حاصل ہوا۔ میں نے دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم ہمارے جدّ امجد الباز الاشہب سیدنا عبد القادر الجیلی قدّس اللہ روحہُ کے ساتھ ہیں اور آپ نے میرے ہاتھ کو تھاما اور مجھے تاریکیوں سے نکال کر روشنی کی جانب لے آئے۔

اور تمام توفیق و تکمیل اللہ کی جانب سے ہے

جمال الدین فالح الکیلانی

بغداد

باب الداخلہ

جیلان 'عراق: عراق میں ایک تاریخی گاؤں ہے جو شہرِ مدائن کے ماتحت اور اس کے مشہور و معروف آثارِ قدیمہ میں شمار ہوتا ہے۔ یہ دارالحکومت بغداد سے ۴۰ کیلو میٹر جنوب میں واقع قدیم عراقی بابلی قریہ ہے۔ ڈاکٹر بہنام الصوف اس امر کی توثیق کرتے ہیں کہ وہ تمام شہر جنکا نام جیلان ہوا ہے ان کی وجہِ تسمیہ بابل قدیم کا یہی شہرِ جیلان ہے[1] اور اس کا ذکر بلادِ عرب کی متعدد تاریخی اور جغرافیائی کتابوں[2] میں موجود ہے۔ اور اسی شہرِ فرخندہ بنیاد کی جانب کئی عظیم شخصیتیں منسوب ہیں جن میں اہم ترین امام و فقیہ و مصلح حضرت سیدنا الشیخ عبدالقادر الجیلی رضی اللہ عنہ کی ذاتِ بابرکات ہے جو "تاج العارفین" "قطبِ بغداد" اور "باز اللہ الاشہب" کے القاب سے معروف ہیں اور جنہوں نے اس تاریک سرزمین میں نور و حکمت کے بیج بوئے اور خلق کے دلوں کو مالک الملک کے عشق سے لبریز کر دیا[3]۔

سلاسلِ تصوف میں طریقہء قادریہ آپ ہی سے منسوب ہے اور آپ ہی نے صلاح الدین ایوبی کے اس لشکر کی فراہمی میں مدد کی تھی جس نے بیت المقدس کو صلیبی طاقتوں سے آزاد کیا تھا[4]۔

۱-التادفی۔" قلائد الجواہر فی مناقب عبد القادر"۔ ص ۹۹ اور "جیلان العراق۔ اسکی وجہِ تسمیہ (بلندی پر واقع سرزمین) اور عراقِ قدیم' بابل میں اس کا محل وقوع۔ علامہ ڈاکٹر بہنام الصوف سے انٹرویو بتاریخ ۲۰۰۲/۱۲/۱۶ء اور علامہ ڈاکٹر فوزی رشید سے انٹرویو بتاریخ ۲۰۰۱/۱/۷ء

اور دیکھئے Delopote-L-Mesopotamia-london-1925- p136

The Archaeology: Formation and Transformation of an Ancient Iranian State

by D. T. Potts, Cambridge University Press, 29/07/1999 - pp. 45-46

ISBN 0-521-56358-5

۲-یاقوت الحموی۔ "معجم البلدان" جلد ۲۔ مادہ ص ۲۰۰

۳-الشطنوفی۔ "بهجة الاسرار ومعدن الانوار"۔ ص ۳۲' الآلوسی۔ شہاب الدین ابی الثناء (ت 0471 ھجری 0812 ء)۔ "الطراز المذهب فی شرح الباز الاشهب" مخطوطہ نمبر ۱۴۰۵ المکتبة القادرية ص ۱۲' زیدان- یوسف۔ "باز الله الاشهب" ص ۱۴

۴-الکیلانی۔ ماجد عرسان۔ "هكذا ظهر جيل صلاح الدين،" ص ۳۰۹۔ اور اسی مصنف کا غیر مطبوعہ مقالہ "نشأة القادرية" ص ۸۹

مشکلاتِ تحقیق

راقم الحروف کو اثنائے تحقیق میں متعدد مصائب کا سامنا کرنا پڑا۔ ان کے منجملہ کتبِ تذکرہ اور طبقات میں بکثرت پائی جانے والی معلومات ہیں جنکی اساس مختلف فیہ ہے۔ مزید برآں حضرت الشیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ کی کتبِ سیرت کسی خاص گروہ تک محدود نہیں جس کے باعث محقق کو ان میں سے اکثر و بیشتر کتب کی جانب رجوع ہونا پڑاتا کہ اگر کہیں کوئی کمی پائی جائے تو کسی اور مقام سے اس کا ازالہ ممکن ہو سکے۔

اسی طرح مختلف مقامات پر موجود نادر و نایاب مخطوطات کے بارے میں معلومات کا حصول اور پھر ان تک رسائی کا مرحلہ تھا جس کے لئے متعدد شہروں میں واقع لائبریریوں اور متعلقہ اشخاص سے خط و کتابت کی گئی تاکہ ان نوادرات کی نقل حاصل کی جائے اور ان کا مقارنہ کیا جا سکے۔

ایک اور مشکل یہ پیش آئی کہ جب میں نے مختلف کتب و رسائل کا مطالعہ کیا تو پتہ چلا کہ اکثر کتبِ تاریخ میں حضرت الشیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ کی ابتدائی زندگی کے زمان و مکان پر قابلِ اعتماد معلومات کی فراہمی کا اہتمام نہیں کیا گیا ہے۔ جہاں تک حضرتِ جیلی رضی اللہ عنہ سے متعلق کتبِ تصوف کا تعلق ہے تو وہ تاریخی واقعات سے قطعِ نظر زیادہ تر آپ کی کرامات کے تذکرہ اور بندہ اور اس کے رب کے درمیان تعلق پر مرکوز ہیں جس کے باعث ان سے تاریخی دلائل کا استخراج مشکل ہے۔

سفرِمکان وزمان

مورخین اور ماہرین جغرافیہ اس بات پر متفق ہیں کہ تاریخ اور جغرافیہ میں مشترک اقدار ہیں اور کسی مسئلہ پر روشنی ڈالنے کے لئے یہ باہم دیگر مربوط اور لازم وملزوم ہیں[1]۔ کسی مقام کی موجودہ حیثیت کو سمجھنے کے لئے بھی اس کے تاریخی جغرافیہ کا مطالعہ لازمی ہے اور محقق کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ وہ اپنے موضوع پر عہد و مقام دونوں کی رو سے تحقیق کرے۔

چنانچہ ہمارے اس تحقیقی مقالہ کی تدوین کے لئے نظریہء زمان و مکان سے دو جہتوں میں سفر ضروری ہے اور ہم خلافتِ عباسیہ کے عہدِ ثانی اور (دجلہ وفرات کے اطراف واکناف میں واقع) ارضِ سواد کی متعدد قرون پر مشتمل تاریخ کا یکساں جائزہ لیں گے۔

۱۔شلش۔اسماعیل سرور"جغرافية الإسلام التاريخية"ص ۳

ابن خلدون۔عبدالرحمٰن بن محمد (۸۰۸ ھجری)"المقدمة"ایڈیشن ۴'دارالکتب العلمیہ 'بیروت ۱۹۷۸'ص ۴۶۷

جعیط۔ہشام"في السيرة النبوية"مطبوعہ دارالطلیعہ بیروت ۱۹۹۰'ص ۱۳۲


حضرت سیدنا الشیخ عبد القادر الجیلی
رضی اللہ عنہ
کی سیرت پر نظرِ غائر

حضرت الشیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ

نام۔کنیت۔نسب

ابو صالح السید محی الدین عبد القادر بن السید ابی صالح موسٰی بن السید عبد الله الجيلاني بن السید یحیٰ الزاهد بن السید محمد المدني بن امیر مکه السید داود بن السید موسیٰ الثاني بن السید عبد الله ابی المکارم بن السید موسیٰ الجون بن السید عبد الله المحض بن السید الحسن المثنیٰ بن السید الإمام الحسن السبط بن امیر المومنین علي بن ابی طالب زوج السیدة البتول سیدة النساء العالمین فاطمة الزهراء بنت رسول الله سیدنا محمد مصطفیٰ صلی الله علیه وآله وسلم۔ چنانچہ آپ گیارہ واسطوں سے حضرت فاطمۃ الزھراء رضی اللہ عنہا کے صاحبزادے ہیں[1]۔

۱۔ ابن الجوزی۔ "المنتظم" جلد ۱۰' صفحہ ۲۱۹' جلد ۱۰۔ صفحہ ۷' جلد ۱۰۔ صفحہ ۱۹۴۔۔ یاقوت الحموی۔ "معجم البلدان" جلد ۱۔ صفحہ ۴۲۶۔۔۔ ابن الاثیر۔ "الکامل" اور سبط ابن الجوزی۔ "مرآۃ الزمان" جلد ۸۔ صفحات ۱۲۴ اور ۲۶۴۔۔ الشطنوفی۔ "بهجة الاسرار" اور ذھبی "تاریخ الاسلام"۔ جلد ۳۹۔ صفحات ۸۶-۱۰۰ اور جلد ۳۶ صفحہ ۱۰۱ اور "العبر فی خبر من غبر" جلد ۳۔ صفحہ ۳۶۔۔ ابن الدمیاطی۔ "المستفاد من ذیل تاریخ بغداد" صفحہ ۱۲۷ (نمبر ۱۲۵)۔۔ العمری۔ "مسالک الابصار" جلد ۸ صفحات ۱۸۸-۹۶ (نمبر ۴۹)۔۔ الصفدی۔ "الوافی بالوفیات" جلد ۱۹۔ صفحات ۲۶-۲۸ (نمبر ۱۵۸۷)۔۔ الیافعی۔ "مرآۃ الجنان" جلد ۳ صفحات ۲۶۲-۲۷۵۔۔ ابنِ کثیر۔ "البدایة و النهایة" جلد ۱۲ صفحہ ۳۱۳ اور جلد ۱۲ صفحہ ۲۴۴۔۔ ابنِ رجب۔ "الذیل علی طبقات الحنابله" دو جلدیں (تصحیح محمد حامد الفقي)، مطبعة السنة المحمدیه' قاہرہ-۱۹۵۲۔ جلد ا صفحات ۲۹۰۔۳۰۱ (نمبر ۱۳۴)۔۔ ابن الملقن۔ سراج الدین ابو حفص بن علی بن احمد المصری (ت ۸۱۲ ھجری.) ۔"طبقات الاولیاء" طبع ۲ (تحقیق نور الدین شریبہ)، دار المعرفہ، بیروت، ۱۹۸۶ صفحہ ۴۲۱۔۔ جامی۔ "نفحات الأُنس" جلد ۲۔ صفحات ۶۷۹-۶۸۲۔۔ التادفی۔ "قلائد الجواهر"۔۔ الشعرانی۔ "الطبقات الکبریٰ" جلد ا صفحات ۱۷۷-۱۸۶ (نمبر ۲۴۸)۔۔ المناوي۔ "الطبقات الکبریٰ" جلد ا۔ صفحہ ۶۷۶ (نمبر ۴۲۴)۔۔ ابن العماد۔ " شذرات الذهب" جلد ۶ صفحات ۳۳۰-۳۳۶۔۔ القادري۔ ظھیر الدین۔ "الفتح المبین" صفحہ ۲۱۔۔ مخطوطات محي ھلال السرحان، المھداوي، ایمان کمال مصطفی۔" عبدالقادر الکیلاني أدیباً" صفحہ ۳۲۔۔ اور حضرت الشیخ عبدالقادر الجیلي رضی اللہ عنہ کا نسب ثابت ہے جس سے کوئی جاہل یا آپ سے بغض وعناد والا ہی انکار کر سکتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ حضرت عماد الدین نصر بن عبدالرزاق بن الشیخ عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہم نے جو اپنے وقت میں بغداد کے قاضي القضاۃ تھے اس نسب کا اعلان کیا تھا اور اس کا جواب یہ ہے کہ حضرتِ مذکور علیہ الرحمہ اس

وقت بڑے ذمہ دار اور صاحبِ امانت مانے گئے ہیں جبکہ بغداد عالمی مرکز کی حیثیت کا حامل تھا اور جو انہوں نے اپنے خاندان کا نسب ترتیب دیا تو یہ دراصل سچائی کا اقرار اور اعلانِ حقیقت تھا۔ چنانچہ حضرت نصر بن عبد الرزاق بن الشیخ عبد القادر رحمۃ اللہ علیہم فرماتے ہیں:

نحن من أولاد خير الحسنين

من به أصلح بين الفئتين

يشبه المختار في أعلاه إذ

كان ادناه شبيها بالحسين

سرّ كتمان أبينا أصله

أنه قال بأن الفقر زين

یعنی "ہم حضرتِ امامِ حسن علیہ السلام کی اولاد سے ہیں جو خیر الحسنینین ہیں اور جن کے باعث دو گروہوں میں صلح ہوئی (عرضِ مترجم: یہاں سننِ نسائی میں مذکور حدیثِ مبارکہ "إن ابني هذا سيد ولعل الله أن يصلح به بين فئتين من المسلمين عظيمتين" کی طرف اشارہ ہے کہ ارشادِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے کہ میرا یہ بیٹا مسلمانوں کا سردار ہے اور بہت ممکن ہے کہ اس سے ان کے دو عظیم گروہوں میں صلح ہو جائے) اور جو جسم کے اوپری حصہ میں اپنے نانا نبیء مختار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مشابہہ تھے جب کہ حضرت امامِ حسین علیہ السلام جسم کے باقی آدھے حصہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مشابہت رکھتے تھے۔ ہمارے جدّ امجد کی پوشیدگی کا راز آپ کے اس فرمان میں ہے کہ فقر ہی بہتر ہے"۔

دیکھئے ابن الصابونی۔ "تكملة إكمال ا لإكمال في الأنساب والأسماء والألقاب"۔ جمال الدین ابی حامد محمد بن علی المحمودی المعروف ابن الصابونی۔ وفات ۶۸۰ ھجری۔ تحقیق و تعلیق ڈاکٹر مصطفیٰ جواد۔ مطبوعہ مطبع المجمع العلمی۔ عراق۔ ۱۹۵۷۔ صفحہ ۳۱۷۔ معلوم ہو کہ حضرت امامِ جیلی رضی اللہ عنہ نے خود اپنے متعدد مشہور و معروف اشعار میں اپنے نسبِ شریف کی جانب اشارہ فرمایا ہے جو ان مجلدات میں موجود ہیں۔ آپ کے نسبِ حسنی کی صراحت کرنے والوں میں مشہور ایرانی مفکر ڈاکٹر مرتضیٰ مطہری بھی شامل ہیں۔ دیکھئے کتاب "الإسلام و إیران" ترجمہ ہادی غروی 'مطبع سپہر ایران ۱۹۸۵ صفحہ ۲۰۷۔ اور اسی محقق کا علمی اسلوب اور تحقیقِ تاریخ کے اصول پر تحریر شدہ مقالہ بھی مخطوطہ حالت میں مکتبہء قادریہء شریفہ میں قسمِ تصوف نمبر ۵۰۴۶ کے تحت موجود ہے۔

مقامِ ولادت و آفرینش

مشہور ہے[1] کہ حضرت الشیخ عبدالقادر الجیلی رضی اللہ عنہ ۱۱ ربیع الثانی ۴۷۰ ھجری مطابق ۱۰۷۷ عیسوی[2] کو جیل میں تولد ہوئے جو عراق میں بغداد سے جنوب کی جانب مدائن سے قریب ایک قریہ ہے اور یہی ہمارے اس تحقیقی مقالہ کا ماخذ[3] و موضوع ہے کہ آپ کی ولادت جیلِ عراق میں ہوئی نہ کہ جیلانِ طبرستان میں جیسے بعض کتابوں میں بغیر تحقیق و تدقیق لکھا جاتا رہا ہے۔

حضرت الشیخ عبدالقادر رضی اللہ عنہ کی پرورش اس خاندان میں ہوئی جسے اسلامی مواخذ و مراجع میں خاندانِ صالح سے موصوف کیا گیا ہے[4]۔ آپ کے والدِ ماجد حضرت ابو صالح موسیٰ زہد و تقویٰ' ریاضت و مجاہدہ اور اعمالِ صالحہ کے ذریعہ تزکیہء نفس میں یکتائے زمانہ تھے اور اسی باعث اُن کا لقب "محب الجہاد" (جنگی دوست) تھا۔ آپ کی والدہء ماجدہ حضرتہ فاطمہ بنت عبداللہ الصومعی الزاھد الحسینی[5] تھیں۔ حضرت الشیخ موسیٰ علیہ الرحمہ کی ایک ہمشیرہء صالحہ عائشہ[6] نامی تھیں جن کے وسیلے سے لوگ بارش کے لئے دعا کرتے تھے اور آپ کے جدّ امجد حضرت عبداللہ بن یحییٰ الزاھد علیہ الرحمہ اصحابِ رشد و ہدایت سے تھے۔

جہاں تک حضرت سیدنا الشیخ عبدالقادر رضی اللہ عنہ کی صفاتِ مبارکہ کا تعلق ہے تو آپ نحیف البدن' درمیانی قد' کشادہ سینہ' طویل چوڑی بھوری ریشِ مبارک' جڑواں بھنویں' بارعب آواز' وضعدار شخصیت کے حامل اور صاحبِ علم و قدر تھے[7]۔

۱۔ الدروبی۔ ابراہیم۔ "المختصر في تاريخ شيخ الاسلام" صفحہ ۱۱۲ اور آلوسی کی مخطوطہ "أنساب الطالبين" صفحہ ۹۸

۲۔ ابن الجوزی۔ حوالہء گزشتہ جلد ۱۰۔ صفحات ۸۴-۸۵' ابن النجار۔ "ذيل تاريخ بغداد" جلد ۵۔ صفحات ۲۸-۲۹' اور سبط ابن الجوزی۔ "مرآة الزمان"۔ قسم ا جلد ۸ صفحہ ۱۷۳

۳۔ الکیلانی۔ جمال الدین فالح۔ "الشيخ عبد القادر الكيلاني، رؤية تاريخية معاصرة" صفحہ ۸۷

۴۔ابن الدبیثی۔ محمد سعید۔"المختصر المحتاج إليه من تاريخ بغداد"ایڈیشن ا۔جلد ۳۔منثورا۔مطالعہ و تحقیق مصطفیٰ عبدالقادر عطا۔جو خطیب البغدادی کی تصنیف "تاريخ بغداد" کی جلد ۱۵ کے ساتھ نشر ہوئی۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ۔بیروت۔۱۹۹۷۔صفحات ۸۷-۸۸(نمبر ۲۹۱)

۵۔ابن کثیر۔"البداية والنهاية في التاريخ" جلد ۱۱۔صفحہ ۱۱۶۔اور جب حضرت الشیخ عبدالقادر رضی اللہ عنہ نے بغداد کو اپنا جائے سکونت بنالیا اور وہاں آپ کی رفعتِ شان مشہور و معروف ہوگئی تو آپ کی والدہء ماجدہ بھی بغداد آگئیں اور آپ کے دوسرے سفرِ حج میں آپ کے ہمراہ رہیں۔اُن کی وفات بھی بغداد میں ہوئی لیکن افسوس کہ سنِ وفات معلوم نہ ہوسکا۔اسکوریال(El Escorial)لائبریری اسپین میں نمبر ۲/۴۱۷ کے تحت محفوظ قطب الدین موسیٰ بن محمد الیونینی کے مخطوطہ "مناقب الشيخ عبد القادر" صفحہ ۱۱ب جسکی تصویر ڈاکٹر محی ہلال السرحان نے لی۔

اکثر بلادِ اسلامیہ میں آپ کی اور آپ کی والدہء ماجدہ کی جانب جن مقامات کو منسوب کیا گیا ہے ان سے ڈاکٹر عبداللہ السامرانی نے انکار کیا ہے اور ڈاکٹر عماد عبدالسلام رؤوف نے بھی اس کی تائید کی ہے۔دیکھئے السامرانی۔عبداللہ سلوم۔"دراسة في سلسلة نسب الشيخ عبد القادر الكيلاني" مصورہ مخطوطہ جو جناب عبدالستار ہاشم سعید الکیلانی کے پاس موجود ہے۔

استادِ مکرم و شیخ ڈاکٹر عماد عبدالسلام رؤوف صاحب کے ساتھ ۱۹۹۶/۹/۱ کو اور اس کے بعد میری متعدد ملاقاتوں میں بھی ان موضوعات پر طویل گفتگو رہی۔

۶۔ابن العماد۔"شذرات الذهب في أخبار من ذهب"۔جلد ۴۔صفحہ ۱۹۹

۷۔یہ امر واضح ہے کہ آپ کے جدّ امجد حضرت "عبداللہ الجیلانی" جو جیل 'عراق میں پہلی بار سکونت پذیر ہوئے۔یہ مشرقِ اسلامی میں امارتِ حسنیین کے عہد میں جو کردستان اور اس کے وسیع و عریض اطراف و اکناف میں تھی جیل منتقل ہوئے تھے۔اور اُن کے والدِ ماجد حضرت یحییٰ الزاھد پہلے شخص تھے جو مشرق میں وارد ہوئے تھے۔آپ کے قریب ترین رشتہ دار حضرت امام علی الشرقی (عراقی لہجہ میں انہیں الشرجی کہا جاتا ہے) علیہ الرحمہ بن احمد بن محمد المدنی بن داؤد الامیر بن موسیٰ الثانی تھے جو علاقہء میسان میں واقع قضاء علی الشرقی میں مدفون ہیں۔ابن الاثیر۔"الكامل في التاريخ" جلد ۹ صفحہ ۵۶۱۔۔العمری۔ابو الحسن "المجدي في النسب"۔مخطوطہ۔مکتبۃ الاسکندریۃ نمبر ۳۴۷۲ صفحہ ۱۳۔۔الکیلانی۔جمال الدین فالح۔"الامام عبد القادر الجيلاني: جيلان العراق لا جيلان الطبرستان"۔۔"مجلة كلية الاداب" عین شمس یونیورسٹی۔۲۰۰۹۔ملاحظہ فرمائیں ڈاکٹر صالح احمد العلی کا عربِ خراسان کے موضوع پر تحریر کردہ مضمون' ڈاکٹر عبدالرزاق الانباری کا مقالہ "التوزيع الجغرافي لعرب خراسان" اور ڈاکٹر ناجی حسن الیافعی کی تالیف "القبائل العربية في المشرق" اور ان کے مصادر کی جانب مراجعت کی اہمیت۔

آپ کے سفر

الف: جیل سے بغداد کا سفر:

حضرت الشیخ عبدالقادر الجیلی رضی اللہ عنہ نے بعض علومِ شرعیہ کم سنی میں اپنے افرادِ خاندان سے حاصل کیے' اور پھر مزید علوم کے حصول کے لیے آپ ۱۸ سال کی عمر میں سن ۴۸۸ ھجری مطابق ۱۰۹۵ عیسوی' خلیفہء عباسی مستظہر باللہ ابو العباس احمد بن المقتدی بامر اللہ ابو القاسم عبداللہ العباسی کے دورِ خلافت میں بغداد تشریف لائے۔ بغداد میں سکونت پذیر ہونے کے بعد آپ حضرت الشیخ ابو سعید المخرمی رحمۃ اللہ علیہ کے مدرسہ سے وابستہ ہو گئے۔ یہ مدرسہ الرصافہ سے مشرق کی جانب محلہ "باب الازج" میں واقع تھا جو اب محلہء "باب الشیخ" سے موسوم ہے۔ آپ کے اس سفر کے دوران ایک واقعہ قابلِ اعتماد مخطوطات میں درج ہے اور اسے ہم بغرضِ درسِ اخلاقی یہاں نقل کرتے ہیں۔ حضرت الشیخ عبدالقادر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے ہر امر کی بنیاد سچائی پر رکھی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جس وقت میں طلبِ علم کی غرض سے جیل سے بغداد کی جانب روانہ ہونے لگا تو میری والدہ نے مجھے چالیس دینار دیئے اور مجھ سے ہمیشہ سچ کہنے کا وعدہ لیا۔ جب ہم ایک ویرانہ میں پہنچے تو کچھ عرب نمودار ہوئے اور انہوں نے قافلہ کو لوٹ لیا۔ ان میں سے ایک میرے پاس آیا اور پوچھنے لگا "تمہارے پاس کیا ہے؟" میں نے کہا چالیس دینار ہیں۔ اس نے خیال کیا کہ میں مذاق کر رہا ہوں اور مجھے چھوڑ دیا۔ پھر مجھے ایک دوسرے شخص نے دیکھ لیا۔ اس نے مجھ سے پوچھا "تمہارے پاس کیا ہے؟" میں نے اسے بھی بتا دیا تو وہ مجھے اپنے سردار کے پاس لے گیا۔ سردار نے بھی وہی سوال کیا اور میں نے اسے بھی وہی جواب دیا۔ تم ایسے سچ کیسے کہہ سکتے ہو۔ میں نے جواب دیا کہ میری ماں نے مجھ سے سچ کہنے کا وعدہ لیا ہے اور مجھے ڈر ہے کہ میں وعدہ خلافی نہ کر بیٹھوں۔ وہ چیخ کر رونے لگا اور کہا "کیا عجب ہے کہ تمہیں اپنی ماں سے وعدہ خلافی کا ڈر ہے اور میں اللہ سبحانہ تعالیٰ سے کیے گئے عہد میں خیانت سے تک نہیں ڈرتا"۔ پھر اس نے حکم دیا کہ اہلِ قافلہ کو ان کو ان سے

۱۔ ابن الدیثی۔ حوالہء گزشتہ۔ صفحہ ۳۰۶

لوٹا گیا مال واپس کر دیا جائے۔ اور کہا" میں آپ کے دستِ مبارک پر اللہ کے حضور توبہ کرتا ہوں"۔ اس کے ساتھیوں نے کہا: کہ آپ ہم سے بڑے قاطعِ طریق ہیں اور اب آپ توبہ میں ہمارے سر گروہ ہیں اور ان تمام نے آپ کی اور آپ کی صدق گوئی کی برکت سے توبہ کا شرف حاصل کیا[1]۔

ب: بغداد سے بعقوبہ کا سفر:

حضرت الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ کا دوسرا سفر بغداد سے شہرِ بعقوبہ کی جانب کسبِ معاش کے قصد سے تھا۔ آپ اپنے اس سفر کے متعلق فرماتے ہیں "اہلِ بغداد سے فقہاء کی ایک جماعت فصل کی کٹائی کے دنوں میں غلہ کے حصول کے لئے دیہی علاقوں کا رخ کرتی تھی۔ ایک دن انہوں نے مجھ سے کہا کہ ہمارے ساتھ چلو تاکہ کچھ غلہ لے آئیں اور میں ان کے ساتھ چلا گیا۔ بعقوبہ میں ایک نیک شخص تھے جن کا نام "الشریف البعقوبی" تھا۔ میں ان سے ملاقات کے لئے گیا تو انہوں نے فرمایا" طالبانِ حق اور صالحین کسی سے کچھ نہیں مانگتے" اور مجھے لوگوں سے سوال کرنے سے منع کیا۔ میں نے اس کے بعد اس غرض سے کسی مقام کا سفر نہ کیا"۔ یہ سفر حضرت الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ کے نفسِ مبارکہ کے لئے بڑا اہم' نفع بخش اور سبق آموز تھا جس کا آپ کی شخصیت پر گہرا اثر ہوا۔ آپ کا ترکِ سوال پر عمل پیرا ہونا آپ کے ارادہء صادقہ کی قوت اور نیک نصیحت کو قبول کرنے اور اس پر عمل کرنے کے جذبہ کی دلیل ہے[2]۔

ج: بغداد سے دیارِ مقدسہ کا سفر:

مصادر و مراجع سے پتہ چلتا ہے کہ یہ ایک نہیں دو سفر تھے جو فریضہء حج کی ادائیگی کی غرض سے تھے۔ آپ کا پہلا

۱۔ الذھبی۔ "سیر اعلام النبلاء" جلد ۲ صفحہ ۴۴۱۔ اور دیکھئے ابن الصابونی کی کتاب "تکملة اکمال الاکمال" ڈاکٹر مصطفیٰ جواد کی تحقیق۔ حاشیہ ۳۶۔ مطبوعہ المجمع العلمی العراقی۔ بغداد۔ ۱۹۵۷۔ اور دیکھئے شطنوفی کی "بهجة الأسرار" پر جمال فالح الکیلانی کی تحقیق۔ صفحہ ۱۵۶

۲۔ الشریف البعقوبی۔ ابو عبد اللہ محمد بن علی بن عرفۃ البعقوبی الشافعی الاشعری رحمۃ اللہ علیہ جو خلافتِ عباسیہ کے عہدِ ثانی میں شہرِ بعقوبہ اور اہلِ تصوفِ عراق کے سر کردگان سے اور حضرت الشیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ کے شیوخ سے تھے۔ دیکھئے واسطی کی تصنیف " تذكرة المقتفين لآثار اولي الصفا وتبصرة المقتدين" صفحہ ۴۲۱۔ مخطوطہ مصطفیٰ جواد جوان کے صاحبزادے جواد مصطفیٰ جواد کے پاس موجود ہے۔

حج سن ۵۰۹ ھجری میں تھا جس کے دوران آپ کی ملاقات حضرت الشیخ عدی بن مسافر رحمۃ اللہ علیہ سے ہوئی جبکہ دوسرا حج سن ۵۵۵ ھجری میں تھا جس میں آپ کی والدہ ماجدہ آپ کے ہمراہ تھیں[۱]۔ آپ نے اس حج کے دوران متعدد شیوخ سے ملاقات فرمائی جن میں حضرت الشیخ ابی مدین الشعیب رحمۃ اللہ علیہ قابل ذکر ہیں۔

حضرت عبدالرزاق بن الشیخ عبد القادر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں "میرے والد رضی اللہ عنہ نے اپنی شہرت کے بعد صرف ایک دفعہ حج کیا اور اس سفرِ حج میں زمامِ قیادت میرے ہاتھ میں تھی"۔

حضرت الشیخ عبدالقادر رضی اللہ عنہ کے ان سفروں کے علاوہ کسی اور سفر کا علم نہیں کیونکہ ان کے بعد آپ درس وتدریس اور وعظ ونصیحت میں مشغول ہوگئے۔

۱۔اس جانب اشارہ ملتا ہے کہ آپ کی والدہ ماجدہ اپنے نوجوان صاحبزادے سے ملاقات کے بعد بغداد میں ہی وفات پا گئیں لیکن ان مخطوطات میں ان کا سنِ وفات مذکور نہیں۔ دیکھئے ابن الجوزی کی تصنیف "كلام الشيخ عبدالقادر" جو سالم الآلوسی کی مخطوطہ ہے اور مزید ملاحظہ کریں اس مقالہ نگار کی کتاب " الشيخ عبد القادر الكيلاني رؤية تاريخية معاصرة "صفحات ۷ تا ۷۶

سیاسی اور سماجی پس منظر

جس عہد میں حضرت الشیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ بغداد تشریف لائے اس وقت حکومتِ عباسیہ کے تمام ممالک میں عجیب افرا تفری کا دور دورہ تھا[1]۔ صلیبی طاقتیں شام کے دہانے پر حملہ آور تھیں[2] اور انطاکیہ اور بیت المقدس پر قبضہ کرنے میں کامیابی کے بعد وہاں مسلمانوں کا قتل عام کر رہی تھیں اور ان کے اموال کو لوٹ رہی تھیں[3]۔ اسی دوران ترکی سلطان "برکیاروق" ایک عظیم لشکر کے ساتھ عازمِ بغداد ہوا تا کہ خلیفہء وقت کو اس کے وزیر "ابن جہیر" کو معزول کرنے پر آمادہ کر سکے۔ خلیفہ نے سلجوقی سلطان "محمد بن ملک شاہ" سے مدد حاصل کی۔ چنانچہ ترکی اور سلجوقی سلطانوں کے درمیان متعدد معرکے ہوئے۔ ایک تذبذب کی کیفیت تھی کہ ان میں سے جو کوئی کسی معرکہ میں فتحیاب ہوتا تو اگلے خطبہء جمعہ میں خلیفہ کے نام کے بعد اس کا نام لیا جاتا تھا[4]۔

اسی دوران فرقہء باطنیہ[5] بھی اپنی خفیہ سرگرمیوں اور مسلم امراء اور قائدین[6] کے خاتمہ میں منہمک

۱-ابن الدیثی۔ حوالہء گزشتہ۔ صفحہ ۱۲۴

۲-القادری۔ ظہیر الدین۔ حوالہء گزشتہ۔ صفحہ ۱۶'۔ علیوی۔ جعفر موسیٰ کا مقالہء ڈاکٹریٹ "عبدالقادر الجیلاني والتصوف"۔ کلیۃ الاداب۔ بغداد یونیورسٹی۔ ۲۰۰۲۔ صفحہ ۱۹۸

۳-ابن کثیر۔ حوالہء گزشتہ۔ جلد ۱۳ صفحہ ۴۳

۴-ابن الاثیر۔ "اللباب في معرفة الانساب" جلد ۱۔ صفحہ ۲۶۶

۵۔ ان کو "الحشیشیة" کہا جاتا تھا کیونکہ یہ لوگ سیاسی قتل و غارتگری اور اپنے مذہب کی ترویج میں حشیش کا استعمال کیا کرتے تھے۔ اسی باعث یورپین زبانوں میں لفظ "حشاش" بمعنی قاتل مشہور ہوا۔ دیکھئے الشہرستانی کی "الملل والنحل" صفحہ ۲۷ اور ۲۹ — القاری۔ علی بن السلطان۔ "نزهة الخاطر الفاتر في سيرة الشيخ عبد القادر الجيلاني" مخطوطہ القادریہ صفحہ ۴۳۔ شعبان۔ محمد عبدالحي محمد شعبان۔ "التاريخ الاسلامي تفسير جديد (الدولة العباسية)" المکتبۃ الاھلیہ بیروت۔ ۱۹۷۷۔ صفحہ ۱۳۴۔ ارکون۔ محمد۔ "الفكر الاسلامي: نقد واجتهاد"۔ ترجمہ ہاشم صالح۔ دار الساقی بیروت۔ ۲۰۰۹۔ صفحہ ۱۲۴

۶۔ المکی۔ بن عزوز۔ "السيف الرباني" صفحہ ۴۰۶

تھا۔ سلطانِ سلجوقی نے ایک بڑا لشکر تیار کیا اور اس کے ساتھ فارس کا رخ کیا جہاں اس نے "اصفہان" کے قلعہ کا محاصرہ کر لیا جو فرقہ ء باطنیہ کا گڑھ تھا۔ شدید گھیراؤ کے بعد اہلِ قلعہ نے ہتھیار ڈال دئے۔ سلطان نے قلعہ پر قبضہ کر لیا اور وہاں موجود باغیوں کو قتل کر دیا[1]۔ پھر امرائے قبیلہ ء بنی اسد[2] سے "صدقہ بن مزید" نے عرب اور کردیوں کے لشکر کے ساتھ بغداد پر قبضہ کا ارادہ کیا تو سلطانِ سلجوقی نے سلجوقیوں کی ایک بڑی فوج کے ساتھ اس کا مقابلہ کیا اور اسے شکست دی[3]۔ یہاں مجرم دراصل بے روزگار اشرار تھے جو سلاطین کو آپس میں جنگ وجدال پر اُکساتے تھے تاکہ شہر کا امن وامان درہم برہم ہو اور وہ لوگوں کو قتل کریں اور ان کا مال لوٹ سکیں۔ اور جب سلاطین جنگ سے لوٹتے تو وہ مجرموں کو سزائیں دینے میں مصروف ہو جاتے[4]۔ ظلم وبربریت اور دہشتگردی کے اس سیاسی پس منظر اور ماحول میں حضرت عبد القادر رضی اللہ عنہ بغداد میں حصولِ علم میں مشغول تھے[5]۔ آپ نے شیوخ اور فقہاء کی ایک جماعت سے فقہ کی تعلیم حاصل کی جن میں حضرت الشیخ ابوالخیر المخرّمی رحمۃاللہ علیہ بھی شامل تھے۔ آپ اختلاف واصول مذہب میں امتیاز کے حامل ہوئے' ادب کا مطالعہ کیا اور کبارِ محدثین سے سماعتِ حدیث کی۔ اس طرح حضرتِ شیخ رضی اللہ عنہ تیس سال تک علومِ شریعت کے اصول و فروع کی درس وتدریس میں مشغول رہے[6]۔

۱-الکیلانی۔علاءالدین۔"تحفة الابرار ولوامع الابرار" مخطوطہ۔پرنسٹن یونیورسٹی۔نسخہ جناب ہاشم سعید الکیلانی (ریٹائرڈ بریگیڈیر انجینئر)۔صفحہ ۷٦

۲-ابن تغری بردی۔"النجوم الزاھرة" جلد ۵' صفحہ ۱۷۳

۳-ابن الجوزی۔ نفسِ مصدر۔ جلد ۱۰۔ صفحات ۲۰۸۔ ۲۱۱۔ ۲۲۰۔ ۲۲۱۔ ۲۵۲۔ ۲۵۷۔ ۲٦۴۔ ۲۷۱

۴-ابنِ کثیر۔مصدرِ گذشتہ۔جلد ۹۔ صفحہ ۱٦۵۔۔ النجار۔ محمد رجب۔"حکایات الشطار والعیارین"۔عالم المعرفہ۔کویت۔۱۹۸۱۔ صفحہ ۱۷٦

۵-ابن خلکان۔"وفیات الاعیان" جلد ۳۔ صفحات ۲۴' ۲۲۷' ۲۵۴' ۴۴٦

٦-ابن الوردی۔"مخطوط خریدة العجائب وفریدة الغرائب"۔ نسخہ سالم الآلوسی۔ صفحہ ۱۸۱

مجلسِ وعظ وتدریس

جب حضرت ابو سعید المُخرمی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے شاگردِ رشید حضرت عبد القادر علیہ الرحمہ میں علم و استقامت کی کثرت پائی تو آپ کے لئے ۵۲۱ ھجری کے اوائل میں باب الازج میں واقع اپنے مدرسہ میں مجالسِ وعظ کا اہتمام فرمایا جہاں آپ ہفتہ میں تین دن 'بروزِ اتوار' بروزِ جمعہ اور منگل کی شب کو خطاب کرنے لگے۔

آپ کا پہلا فرمان یہ تھا:

"فکرِ معرفت کے متلاشی قلب کے سمندر میں غوطہ زن ہو کر معارف کی موتیوں کو ساحلِ صدر پر لے آتے ہیں، پھر زبان ان کی فروخت کے لئے آواز لگاتی ہے تو نفس حسنِ طاعت کے دام دے کر انہیں ان گھروں میں خرید لیتے ہیں جنہیں بلند کرنے کے لئے اللہ سبحانہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے"[1]

حضرت الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ اپنے مواعظِ حسنہ کے ذریعہ کئی ظالم حکمرانوں کو ظلم سے روکنے اور متعدد گمراہوں کو گمراہی سے پلٹانے میں کامیاب رہے۔ خاص طور پر حکام آپ کی تنقید کا نشانہ ہوتے تھے اور ساتھ ہی آپ عامۃ النّاس کو خلافِ شریعت امور میں ان کی اطاعت سے منع فرماتے تھے۔

ایک مجلس میں فرماتے ہیں:

"بادشاہ رعایا کے معبود ہو گئے۔ دنیا' مال و متاع' بے فکری' رتبہ و طاقت معبود بن گئے۔ تم نے فروع کو اصل بنالیا۔ رزق پانے والے کو رازق' مملوک کو مالک' فقیر کو غنی' عاجز کو قوی' مردہ کو زندہ سمجھ لیا۔ تم نے دنیا کے غرور کرنے والوں' فراعین' حکمرانوں اور دولتمندوں کی بڑائی شروع کر دی اور اللہ عزوجل کی عظمت

۱۔ابن الجوزی۔ حوالہء گزشتہ۔ جلد۹ صفحات ۱۶۸-۱۷۰' یاقوت الحموی۔ "معجم البلدان" جلد۴ صفحہ ۴۹' سبط ابن الجوزی۔ "مرآة الزمان" جلد۸' قسم ۱' صفحات ۳۹-۴۰' ابن خلکان۔ "وفيات الأعيان" جلد ۴ صفحات ۲۱۶-۲۱۹' السبکی۔ "طبقات الشافعية الكبرى" جلد۶ صفحہ ۱۹۱ (ترجمہ مطولہ)' الاسنوی۔ "طبقات الشافعية" جلد۲ صفحہ ۱۱۱' ابن کثیر۔ "البداية والنهاية" جلد۱۲ صفحہ ۲۱۴' جامی۔ "نفحات الأنس" جلد۲ صفحہ ۵۱۶' المناوی۔ "الطبقات الكبرى" جلد۱ صفحہ ۴۰۷ (نمبر ۴۴۵)' ابن رجب۔ "الذيل على طبقات الحنابلة" جلد۲ صفحہ ۴۰' الکیلانی۔ جمال الدین فالح۔ "الشيخ عبد القادر الكيلاني رؤية تاريخيةمعاصرة" صفحات ۶۷-۷۶

کو فراموش کر دیا تو تمہارا حکم وہی ہے جو بت پرستوں کا ہے کہ تم اپنے ان بتوں کی بڑائی کرنے والے ہو۔"
آپ نے بلا امتیاز ان ظالم سلاطین کے آلہ ءکار اور عملے کو بھی اپنی تنقید کا نشانہ بنایا جو ان کے احکام کو نافذ کرنے کی کوشش کرتے تھے۔اور یہی نہیں' آپ اپنی عام محافلِ وعظ میں ان حکمرانوں کو بھی ہدفِ تنقید بناتے تھے اور ان کے مخصوص انحراف اور ظلم پر اپنے تاثرات بھی بے جھجک بیان کرتے تھے۔ چنانچہ سن ۵۴۱ ھجری مطابق ۱۱۴۶ عیسوی میں جب خلیفہ ء مقتفی نے یحییٰ بن سعید کو جو ابن مرجم کے نام سے معروف تھا قضاءت پر فائز کیا تو اس نے رعایا پر ظلم کی انتہا کر دی' ان کے مال لوٹے اور رشوت کا بازار گرم کیا۔ چونکہ علی الاعلان کوئی اس کی مخالفت نہیں کر سکتا تھا اس لئے اس کے خلاف منشور لکھے گئے اور مساجد اور راستوں پر چپکائے گئے۔ سبط ابن جوزی لکھتے ہیں کہ حضرت عبدالقادر رضی اللہ عنہ نے ایک دفعہ جب خلیفہ کو مسجد میں پایا تو اس موقع کو غنیمت جان کر برسرِ منبر اس سے مخاطب ہو کر خطبہ دیا اور فرمایا کہ "تم نے مسلمانوں پر ظالم ترین حکمران مسلط کر دیا اور کل ربّ العالمین کو تم کیا جواب دو گے"۔ خلیفہ نے فوراً قاضیء مذکور کو برطرف کر دیا۔اسی طرح کا معاملہ آپ نے کئی وزیروں اور دیگر سرکردہ شخصیتوں کے ساتھ بھی کیا اور تاریخ میں مذکور ہے کہ وہ حضرت عبدالقادر رضی اللہ عنہ کے ارشادات کو سنتے تھے کیونکہ وہ آپ کی صدقِ مقصد اور نیک نیتی پر کامل اعتقاد رکھتے تھے۔ حضرت الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ خود کو شکوک وشبہات سے بالاتر اور حکام کی قربت سے دور رکھتے تھے۔ آپ کے متعلق کہا جاتا ہے کہ آپ نے کبھی کسی حاکم کے دروازے پر دستک نہیں دی[1]۔ آپ کی مجلسِ وعظ میں وزراء اور امراء بکثرت حاضر رہتے۔ عوام النّاس پر آپ کی وعظ و نصیحت کا گہرا اثر ہوتا تھا جس کے باعث آپ کے دستِ حق پرست پر ایک لاکھ سے زیادہ چوروں اور اشقیاء نے توبہ کی[2] اور پانچ ہزار سے زیادہ یہود و نصاریٰ نے اسلام قبول کیا[3]۔

۱۔ الکتبی۔ابن شاکر۔"فوات الوفيات"جلد ۱صفحہ ۷۳

۲۔ المقریزی۔"السلوك"جلد ۱صفحہ ۷۲

۳۔شیمل۔"الابعاد الصوفية في الاسلام"صفحہ ۲۹۷

حضرت الجیلی رحمۃ اللہ علیہ حضرت الغزالی علیہ الرحمہ کی فکر سے متاثر تھے۔ آپ نے ان کی "احیاء علوم الدین" کی طرز پر ایک کتاب " الغنیة" بھی تالیف فرمائی۔ آپ نے حضرتِ غزالی رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات بھی کی اور ان کے پاس بیٹھ کر ان سے استفادہ بھی کیا[1]۔ حضرت الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ ایک طلسماتی شخصیت اور منفرد روحانی اثر کے حامل تھے۔ آپ جب وعظ فرماتے تو سامعین آپ کی گفتگو کی دلکشی میں ایسے کھو جاتے کہ ان کے دل آپ کی وعظ و نصیحت سے مغلوب ہو جاتے[2]۔ ایک دفعہ آپ کرسیء وعظ پر تشریف فرما تھے۔ اثنائے گفتگو میں آپ کا عمامہ کھل گیا اور آپ کو اس کی خبر تک نہ ہوئی تو حاضرین نے بھی آپ کی تقلید میں بے ساختہ اپنے سروں سے عمامے اور ٹوپیاں اتار دیں۔ آپ ان علماء پر بھی شدید تنقید فرماتے تھے جو سلاطین کے در پر دستک دیتے تھے۔ آپ ان سے مخاطب ہو کر فرماتے:

"اے آخرت کی راہ میں اہلِ دنیا سے دنیا لوٹنے والو' اے حق سے ناآشناؤ' تمہیں ان عوام سے زیادہ توبہ کی ضرورت ہے' تمہیں اپنے گناہوں کے اعتراف کی ان سے زیادہ حاجت ہے کہ تمہارے پاس کوئی بھلائی نہیں"۔

اور فرماتے:

"اگر تمہارے پاس دولتِ علم اور اس کی برکتیں ہوتیں تو تم اس طرح ان سلاطین کے دروازوں کی جانب اپنے خواہشاتِ نفس کی پابجائی کے لئے نہ دوڑتے"۔

۱- ابن الجوزی۔ حوالہء گزشتہ۔ جلد ۱۰ صفحہ ۱۸۲' ابن نقطہ۔ ابو بکر محمد بن عبد الغنی الحنبلی البغدادی وفات ۶۲۹ھ۔ "کتاب التقیید لمعرفة الرواة والسنن والمسانید" تصحیح و تعلیق الطاف حسین۔ ط ۱۔ ۲ ج۔ دائرۃ المعارف العثمانیہ۔ حیدر آباد دکن۔ الھند۔ ۱۹۸۳۔ جلد ۲ صفحہ ۱۶۳' ابن خلکان۔ "وفیات الأعیان" جلد ۳۔ صفحہ ۲۲۶' الذھبی۔ "تاریخ الاسلام" جلد ۳۸ صفحہ ۱۱۲' ابن الدمیاطی۔ "المستفاد من ذیل تاریخ بغداد" صفحہ ۱۱۳ (نمبر ۱۰۵)' الصفدی۔ "الوافي بالوفیات" جلد ۱۸۔ صفحہ ۷' ابن کثیر۔ "البدایة والنھایة" جلد ۱۲ صفحہ ۲۹۷' ابن العماد۔ "شذرات الذھب" جلد ۶ صفحہ ۲۷۵' الکیلانی۔ جمال الدین فالح۔ "لقاء الامامین الغزالي والجیلاني :حقیقة تاریخیة" در مجلہ "الدیار اللندنیة" شمارہ ۸۵۴

۲- ابن العماد۔ حوالہء گزشتہ۔ جلد ۵ صفحہ ۱۹

اور عامۃ النّاس کو ان کی مجالسِ وعظ میں جانے اور ان کی گفتگو کو سننے سے یوں منع فرماتے :

"اے اللہ کے بندو' ان لوگوں کی گفتگو نہ سننا جو صرف تمہارے نفس کو خوش کرنے والے ہوں۔ یہ لوگ اصحابِ حکومت کے سامنے جھکنے والے ہیں اور ان کے پاس مٹی کے ان ذرّات کی مانند ہیں جو نہ انہیں کسی معروف کا حکم دے سکتے ہیں اور نہ ہی کسی منکر سے روک سکتے ہیں۔ اور اگر یہ کیا بھی تو نفاق اور تکلّف سے کرتے ہیں۔ اللہ اس زمین کو ان سے اور ہر منافق سے پاک کردے یا پھر انہیں توبہ اور ہدایت نصیب فرمائے۔ مجھے حیا آتی ہے جب میں کسی کو اللہ اللہ کہتے سنتا ہوں اور وہ کسی اور سے اُمید رکھتا ہے"۔

اسی طرح آپ نے مذاہب میں شدت پسند علماء کی بھی تنبیہ فرمائی۔ اس خصوص میں آپ کے اقوال کے منجملہ یہ قول بھی ہے کہ "بے فائدہ گفتگو سے پرہیز کرو۔ مذاہب میں عدم رواداری کو ترک کردو اور ایسے کام کرو جو دنیا اور آخرت میں تمہارے لئے نفع بخش ہوں"۔ اس موقف سے آپ کی مراد صورتِ حال کی اصلاح اور علمائے ربانی کی ایک ایسی جماعت کی افزائش تھی جو لوگوں کو وعظ و نصیحت کرے' انہیں ہدایت و پاکیزگی کی راہ دکھائے اور امّتِ مسلمہ میں صحیح تعلیمات پھیلائے تاکہ آنے والی نسلیں ان لوگوں کی خصوصیات کی حامل ہو جائیں جن کے ہاتھوں اللہ سبحانہ تعالیٰ نے ایمان والوں کی کامیابی کا وعدہ فرمایا ہے اور حضرت الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ اپنے اس مقصد میں بڑی حد تک کامیاب رہے[1]۔

حضرت الشیخ ابو سعید المخرمی علیہ الرحمہ والرضوان کی وفات کے بعد ان کے مدرسہ میں تدریس و افتاء کی ذمہ داری اُن کے خلیفہ حضرت الشیخ عبد القادر الجیلی علیہ الرحمہ کے سپرد ہوئی۔ آپ کی شخصیت کی جاذبیت' علم دوستی اور طالبانِ علم کے ساتھ ہمدردانہ سلوک کے باعث طلبا اس مدرسہ کی جانب جوق در جوق آنے لگے

۱۔ سبط ابن الجوزی۔ "مرآۃ الزمان" جلد ۸ ق ا صفحہ ۱۳۸' الشطنوفی۔ "بهجة الأسرار" صفحات ۳۰۹' ۱۱۴

یہاں تک کہ مدرسہ میں جگہ کی تنگی ہونے لگی تو اصحابِ ثروت کی مالی اعانت اور فقراء کی عملی خدمات سے مدرسہ کے اطراف واکناف کے مکانات اور دیگر املاک کو اس میں شامل کر لیا گیا اور یہ تعمیر سن ۵۲۸ ھجری مطابق ۱۱۳۳ عیسوی میں تکمیل پائی اور یہ مدرسہ آپ سے منسوب کیا گیا[1]۔

۱۔ابن الجوزی۔حوالہء گزشتہ۔جلد ۱۰ صفحہ ۱۷۳'اور مدرسہ کی توسیع میں مالی اعانت کے متعلق دیکھئے محمد بن جریر الطبری کی" جامع البيان في تأويل آي القرآن"جلد ۵۔ "تحقيق محمد احمد شاكر"۔مطبع مصطفیٰ الحبلی؛ قاہرہ ۱۹۷۸'جلد ۶ صفحہ ۱۷۶۔المدرس۔عبدالکریم۔"مواهب الرحمن في تفسير القرآن"جلد ۵ دار الحريه للطباعه۔بغداد۔۱۹۹۷۔ جلد ۵ صفحہ ۸۷ اور ابو الاعلیٰ مودودی۔"تفسير سورة النور"۔المكتبة الاسلامية۔ قاہرہ ۱۹۵۸ صفحہ ۳۵

آپ کی دعوت اصلاح کی خصوصیات

حضرت الشیخ عبدالقادر الجیلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی مجلس کی ابتداء دو یا تین لوگوں سے فرمائی پھر آپ کی مقبولیت میں اضافہ ہوتا گیا یہاں تک کہ مدرسہ میں گنجائش نہ رہی تو آپ حصارِ بغداد کی جانب واقع اپنی رباط میں مجالس منعقد فرمانے لگے اور وہاں لوگ بکثرت آپ کی خدمت میں آتے اور آپ کے دستِ مبارک پر توبہ کرتے۔ ابتدائے وقت سے آپ کی دعوت وارشاد کی امتیازی خصوصیت تعلیم و تربیتِ روحانی کا منظم اہتمام تھا۔ حضرت الشیخ عبدالقادر علیہ الرحمہ نے جب اپنے شیخ حضرت ابو سعید المخرمی رحمۃ اللہ علیہ کے بعد مدرسہ کی ذمہ داری سنبھالی تو آپ نے اپنا زیادہ تر وقت مدرسہ کی خدمت کے لئے وقف فرما دیا۔ آپ مدرسہ سے سوائے جمعہ کے باہر نہ نکلتے جب آپ مسجد یا رباط کو تشریف لے جاتے تھے۔ آپ کو اپنے منصبِ تدریس پر فخر تھا اور اسے "اعلیٰ منزلت اور عظیم مرتبت" جانتے تھے کہ بلاشبہ صاحبانِ علم ہی اہلِ زمین کے محبوب ہوتے ہیں۔

حضرت الشیخ عبدالقادر رضی اللہ عنہ نے تدریس کی ابتداء سن ۵۲۸ ھجری/۱۱۳۳ء میں کی اور سن ۵۶۱ ھجری/۱۱۶۶ء یعنی اپنی وفات تک تینتیس (۳۳) سال اس شعبہ سے وابستہ رہے۔


آپ کی دعوت وارشاد کا طریقِ کار

حضرت الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ نے ایک مکمل نصابِ تعلیم وضع فرمایا تھا جس کا ہدف طلبا اور مریدین کی علمی' روحانی اور سماجی تربیت تھی جو انہیں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے پیغام کا حامل اور اس کا اہل کر دیتی تھی۔ یہ نصاب حسبِ ذیل امور پر مشتمل تھا:

الف۔ مذہبی اور ثقافتی تربیت: اس تربیت کا انحصار طالبِ علم یا مرید کی عمر پر ہوتا اور اس کا نصاب بتدریج ۱۳ علوم پر محیط ہو جاتا جن میں تفسیر' حدیث' اصولِ فقہ' اختلافِ فقہ' نحو' قراءت وغیرہ شامل ہوتے۔ مریدین کے لئے فقہ اور تصوف کی بیک وقت تعلیم بنیادی شرط ہوتی۔

ب۔ روحانی تربیت: اس نظامِ تعلیم کا ہدف متعلم یا ارادت مند کی ایسی روحانی تربیت ہے کہ جس کی بدولت روح ہر کدورت سے پاک ہو جائے اور اسے فکری اور عملی طور پر حضور نبیءاکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معیت حاصل ہو جائے اور اس کے ہر قدم میں یہی اس کے لئے مشعلِ راہ بنی رہے۔ تزکیہءروح کا یہ طریقہ اس نظریہ پر قائم ہے کہ مرید اپنے عمل کا قائل اور اس سے پوری طرح مطمئن رہے۔

ج۔ سماجی تربیت: آپ کے پاس صوفی وہ نہیں جو دنیا سے کنارہ کش ہو کر تنہائی میں بسر کرے۔ اسی لئے آپ نے افرادِ امّت کے درمیان گہرے تعلق کا اہتمام فرمایا اور ان اسباب کا تدارک کیا جو سماجی اتحاد کے زوال کا باعث ہوتے ہیں۔ اسی طرح حضرت الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ نے مریدین کو بیروزگاری' محسنین کے عطیات پر زندگی بسر کرنے' لوگوں کے آگے دستِ سوال دراز کرنے جیسے امور سے دور رکھنے کی تدبیر کی جو انہیں ان کی سماجی حیثیت سے کمتر کر دیتے ہیں اور انہیں امانت داری کے ساتھ تجارت وکسبِ معاش کے اخلاقی قواعد وضوابط بتلائے اور اس پر آمادہ کیا۔ آپ فرماتے ہیں "مالداروں کے ساتھ بردباری سے اور فقراء کے ساتھ عاجزی سے رہو ۔ خود پر فقراء کی صحبت لازم کرلو اور ان سے حسنِ ادب اور سخاوت سے پیش آؤ۔ مرید کو چاہئے کہ وہ دولتمندوں


کی داد و دہش کے سامنے کمزور نہ ہو اور نہ اُس کی اِس عطا کی لالچ کرے کیونکہ ان کی خوشامد میں انسان کے دین اور اخلاق کے لئے بڑے خطرے ہیں'''۔

۱-ابن فضل اللہ۔"مسالك الابصار"جلد ا ق ا صفحہ ۱۰۴۔-الکیلانی۔ماجد عرسان۔"هكذا ظهر جيل صلاح الدين"امریکا۔صفحہ ۳۰۲۔-عفیفی۔ابوالعلا۔"التصوف الثورة الروحية في الاسلام"۔اسکندریہ۔۱۹۵۳۔صفحہ ۵۶--الکیلانی۔جمال الدین فالح۔"الشيخ عبد القادر الكيلاني" صفحہ ۷۶

حضرت الشیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ
اور
صلیبی جنگوں کے دوران آپ کا مجاہدانہ کردار

شواہد سے پتہ چلتا ہے کہ بلادِ شام میں صلیبی قبضوں کے باعث جو خاندان بے گھر ہو گئے تھے ان کے بچوں کی تعلیم و تربیت کے ذریعہ اصلاحی مدرسوں اور خاص طور پر حضرت الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ کے مدرسہ نے ان مناطق میں صلیبی طاقتوں کے خطرات سے نمٹنے کے لئے ایک مکمل نسل کی تیاری میں مرکزی کردار ادا کیا۔ چنانچہ حضرت الشیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ اور آپ کے مدرسہ ء قادریہ نے ان بے گھر بچوں کو عیسائیوں کے مقبوضہ علاقوں سے لا کر ان کی اقامت و تعلیم و تربیت کے بعد انہیں خالی مقامات پر متعین کرنے کا اہتمام کیا۔ انہی طالبانِ علم سے بعض فقہ اور سیاست کے میدان میں مشہور و معروف ہوئے تو حضرت الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ کے بعض تلامذہ نے جہادی افواج میں شمولیت اختیار کی۔ ان میں خود آپ کے بعض صاحبزادے مثلاً حضرت عبد العزیز اور حضرت موسیٰ علیہما الرحمہ بھی شامل تھے۔ اور ان سب میں صلاح الدین ایوبی علیہ الرحمہ کے افرادِ خاندان سرِ فہرست تھے۔ اسی طرح مدرسہ ء قادریہ کے تلامذہ کی ایک جماعت پہلے نور الدین اور پھر صلاح الدین کے ساتھ نہ صرف سیاسی میدان میں مشغول رہی بلکہ نہایت پُر خطر حالات میں ہمہ تن ان کا ساتھ دیا۔ حضرت الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ کے عالمِ اسلامی کے قائدین سے شخصی تعلقات تھے اور انہیں سیاسی' ثقافتی اور فوجی معاملات میں بلا واسطہ اور بالواسطہ آپ کا تعاون حاصل تھا۔ اگر ہم اس سے اتفاق نہ بھی کریں کہ حضرت الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ یہ شعور' اعتقاد اور ایمان رکھتے تھے کہ جہاد ایمان کے اعلیٰ درجات کا حصہ ہے اور ظلم اور ظالموں سے' جارحیت اور باغیوں سے مقابلہ کرنا افضل عبادات سے ہے' ہم اتنا تو کہہ ہی سکتے ہیں کہ آپ صلیبی طاقتوں کے خلاف نمایاں اور مشہور مجاہدین سے تھے'۔

۱۔ حضرت الشیخ عبد القادر الکیلانی اور صلیبی جنگوں کے دوران آپ کے جہادی کردار پر مزید تفصیل کے لئے دیکھئے اسی مولف کی کتاب " الشيخ عبد القادر الكيلاني رؤية تاريخية معاصرة" صفحات ۸۴ تا ۹۴۔۔ ابن خلکان۔ "وفيات الاعيان" جلد ۳ صفحات ۲۰۵ تا ۲۰۸۔۔ ذہبی۔ "تاريخ الاسلام" جلد ۳۰ صفحات ۱۷۰ تا ۱۷۵۔۔ صفدی۔ "الوافي بالوفيات" جلد ۱۹ صفحات ۶۳ و ۶۴۔۔ الکیلانی۔ ماجد عرسان۔ حوالہء گزشتہ۔ صفحہ ۲۶۵ اور ماجد عرسان الکیلانی سے شخصی ملاقات بتاریخ ۲۰۰۵/۸/۱۲

فقہی مکاتبِ فکر

حضرت الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ متبحر عالم تھے اور آپ علمِ لغت و شریعت سے متعلق تیرہ (۱۳) علوم پر ماہرانہ کلام فرماتے تھے اور انہی علوم میں آپ کے مدرسہ کے طالبانِ علم بھی درس لیا کرتے تھے۔ ان میں علومِ تفسیر' حدیث' مذہب' خلاف' اصول اور لغت شامل تھے۔ آپ علمِ قراءت میں بھی کامل و اکمل تھے اور قرآنِ کریم کی تلاوت متعدد روایات سے کیا کرتے تھے۔ مشہور دلیلوں سے ظاہر ہے کہ آپ مذاہبِ حضرت امام محمد بن ادریس الشافعی اور حضرت امام احمد بن حنبل الشیبانی علیہما الرضوان کے مطابق فتویٰ دیتے تھے لیکن ایک روایت یہ بھی ملتی ہے کہ آپ نے حضرت امامِ اعظم ابو حنیفہ النعمان بن ثابت بن نعمان الکوفی رضوان اللہ علیہ کے مذہب پر بھی فتویٰ جاری کیا ہے[1]۔

۱۔ التادفی۔ حوالہء گزشتہ۔ صفحہ ۴۳۔۔ السبکی۔" طبقات الشافعية الكبری[1] "جلد ۵ صفحات ۱۵۳ تا ۱۶۱۔۔ الاسنوی۔"طبقات الشافعية "جلد ۲ صفحات ۱۵۷ و ۱۵۸۔۔ ابن کثیر۔"البداية و النهاية" جلد ۱۲ صفحہ ۱۳۱ اور مصطفیٰ جواد۔"أصول التاريخ و الادب" جلد ۲۳ صفحہ ۵۴

تصانیف

حضرتِ شیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ نے اصول و فروع اور احوال و حقائق میں بکثرت کتابیں تصنیف فرمائیں اور بعض کتابیں آپ سے منسوب بھی کی گئیں۔ان میں سے کچھ طبع ہوئیں' کچھ مخطوطات کی شکل میں موجود ہیں اور کچھ تصویر کردہ ہیں۔ اکثر طبع شدہ تصانیف کا دنیا کی متعدد زبانوں میں ترجمہ ہوا جبکہ یورپ اور امریکہ میں انگریزی ترجموں کی اشاعت کا بڑا اہتمام کیا گیا۔ قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ ان تصانیف میں جو اصطلاحات پائی جاتی ہیں وہ قرآنِ کریم کے الفاظ و معانی اور ارشاداتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مشتمل اور اپنے موضوعات میں ان ارشادات و معانی کے عین مطابق ہیں۔ ہم نے ان اصطلاحات کے منجملہ بعض کی حرفی ترتیب اس طرح کی ہے:

ابد (بمعنی ہمیشگی)۔ اتصال۔ احسان۔ اخبات (خشوع و خضوع)۔ اختیار۔ اخلاص۔ ارادہ۔ استقامت۔ اصطفاء (انتخاب)۔ اعتصام۔ امتحان۔ انابت۔ ایثار۔ بخل۔ بسط۔ بصیرت۔ بُعد۔ بقا۔ بلا۔ تبتل۔ تجلی۔ تسلیم۔ تفرید۔ تفکر۔ تقدیس۔ تقویٰ۔ تواضع۔ توبہ۔ توجہ۔ توحید۔ توفیق۔ توکل۔ ثقہ۔ جنت۔ جوع۔ حال۔ حجاب۔ حرص۔ حُرمت۔ حُرّیہ (بمعنی آزادی)۔ حُزن۔ حسد۔ حق۔ حقیقت۔ حکمت۔ حیا۔ حیات۔ حیرت۔ خاصیت۔ خاطر۔ ختم (بمعنی مہر)۔ خشوع۔ خشیت۔ خُلق۔ خلت (بمعنی محتاجی)۔ خلوت۔ خلیفہ۔ خوف۔ دعویٰ۔ دنیا۔ ذکر۔ ذوالعقل (صاحبِ عقل)۔ ذوق۔ ران (بمعنی مخالف) ۔ رجا۔ رضا۔ رعایت۔ رغبت۔ رھبت (بمعنی حالتِ خوف)۔ روح۔ ریا۔ زہد۔ سالک۔ ستر۔ سُکر۔ سکینہ۔ سماع۔ شاہد۔ شریعت۔ شُکر۔ صبر۔ صدق۔ صفا۔ طہارت۔ عارف۔ عام۔ عبرت۔ عبادت۔ عُجب (بمعنی خود پسندی)۔ عدو۔ عزم۔ غرق۔ غرور۔ غشاوہ (بمعنی کہرہ یا پردہ)۔ غضب۔ غیبت۔ غیرت۔ فتوّۃ (بمعنی کرم)۔ فرار۔ فقر۔ فنا۔ قرب۔ قلب۔ کبر۔

لطف۔ ماخوذ و مُستلب (بمعنی سلب شدہ)۔ مجاہدہ۔ محاسبہ۔ محبت۔ محو۔ مراقبہ۔ مقام۔ مکر۔ نفس۔ ہمت۔ ھویٰ (بمعنی خواہشات)۔ ہیبت۔ ورع۔ وفائے عہد۔ ولی۔ یقظہ۔ یقین۔

ان تصانیف کے منجملہ بعض اہم تصانیف یہ ہیں:

- **الغُنية لطالبي طريق الحق** (غنیۃ الطالبین): یہ آپ کی مشہور ترین تصانیف سے ہے جو اسلامی آداب واخلاق پر مشتمل ہے۔ یہ دو حصوں میں ہے۔ ڈاکٹر فرج توفیق الولید نے اس پر تحقیق کی ہے۔
- **الفتح الرباني والفيض الرحماني**: یہ بھی مشہور کتابوں سے ہے جو حضرت الشیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ کی مجالسِ وعظ وارشاد پر مشتمل ہے اور اپنے اندازِ تحریر اور عبارت آرائی میں بے نظیر ہے۔
- **فتوح الغيب**: حضرتِ شیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ کے عقائد وارشاد کے مختلف موضوعات پر ۷۸ مقالات پر مشتمل تصنیف ہے۔
- **إغاثة العارفين وغاية منى الواصلين**
- **أوراد الجيلي**
- **آداب السلوك والتوصل إلى منازل السلوك**
- **تحفة المتقين وسبيل العارفين**
- **جلاء الخاطر في الباطن والظاهر**
- **حزب الرجاء والانتهاء**
- **الحزب الكبير**
- **دعاء البسملة**
- **الرسالة الغوثية**: اس تصنیف کا ایک نسخہ مکتبۃ الاوقاف بغداد میں موجود ہے۔
- **رسالة في الأسماء العظيمة للطريق إلى الله**

- **الفيوضات الربانية:** یہ حضرتِ شیخ رضی اللہ عنہ کی تصنیف نہیں ہے لیکن اس میں آپ سے منسوب اوراد ووظائف اور دعائیں ہیں۔
- **معراج لطيف المعاني**
- **يواقيت الحكم**
- **سر الأسرار في التصوف:** یہ مشہور ومعروف کتاب ہے اور اس کے نسخہ مکتبۃ القادریہ بغداد اور استنبول یونیورسٹی لائبریری میں موجود ہیں۔
- **الطريق إلى الله:** خلوت 'بیعت اور اسمائے سبعہ پر مشتمل کتاب
- **رسائل الشيخ عبد القادر:** ۱۵ نامہ جات۔ استنبول یونیورسٹی لائبریری میں ایک نسخہ موجود ہے۔
- **المواهب الرحمانية:** صاحبِ روضات الجنّات نے اس کتاب کا ذکر کیا ہے۔
- **حزب عبد القادر الجيلي:** مکتبۃ الاوقاف بغداد میں قلمی نسخہ موجود ہے۔
- **تنبيه الغبي إلى رؤية النبي:** اس کا ایک نسخہ ویٹیکان روم۔ اٹلی میں موجود ہے۔
- **وصايا الشيخ عبد القادر:** مکتبۃ فیض اللہ الشیخ مراد میں نمبر ۱۲۵ کے تحت نسخہ موجود ہے۔
- **تفسير القرآن الكريم:** ڈاکٹر فاضل جیلانی نے اسکی تحقیق کی ہے اور یہ مطبوعہ حالت میں ترکی وغیرہ میں موجود ہے۔ ہمارے پاس اس پر طویل اسٹڈی شائع ہو چکی ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ اس تفسیر میں سوائے نام اور موٹی لکیروں کے کچھ واضح نہیں اور اس کی تکمیل کا کام جاری ہے۔
- **الدلائل القادرية**

وفات

حضرت الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ مسلسل بندگانِ خدا کی حق سبحانہ تعالیٰ اور جہاد فی سبیل اللہ کی جانب دعوت وارشاد میں مصروف رہے تا آنکہ بقضائے الٰہی ہفتہ کی شب بتاریخ ۱۰ ربیع الثانی سن ۵۶۱ ھجری کو آپ نے اس جہانِ فانی کو خیر باد کہا۔ آپ کی تجہیز و تکفین رات کو ہی کر دی گئی۔ آپ کے صاحبزادے حضرت عبد الوہاب رحمۃ اللہ علیہ نے نمازِ جنازہ پڑھائی جس میں آپ کی اولاد و اصحاب شامل تھے اور آپ کے مدرسہ کے جوار میں آپ کی تدفین عمل میں آئی۔ جب مدرسہ کا دروازہ دن چڑھنے پر کھولا گیا تو لوگ آپ کی قبر کی زیارت اور وہاں نماز کے لئے یوں جوق در جوق آنے لگے کہ جس کی کوئی مثال نہ تھی۔ آپ کی عمرِ شریف ۹۰ سال تھی[1]۔
کسی نے کیا خوب کہا ہے:

إنَّ بازَ اللهِ سلطانُ الرِّجالِ
جاءَ في عِشقٍ وَ ماتَ في كمالِ

چنانچہ اس بیت میں "عِشقٍ" کے عدد ۴۷۰ ہوتے ہیں جو آپ کا سنِ ولادت ہے اور "کمالِ" کے عدد ۹۱ ہیں جو آپ کی عمر تقریبی ہے۔ اگر "عِشقٍ" اور "کمالِ" دونوں کو یکجا کیا جائے تو ان کے مجموعی عدد ۵۶۱ ہوتے ہیں اور یہ آپ کا سنِ وفات ہے[2]۔

۱- ابن النجار- محب الدین۔ "ذیل تاریخ بغداد" ط۱'۵ج'۵م جو خطیب البغدادی کی کتاب "تاریخ بغداد" کی پانچ جلدوں ۱۶'۱۷'۱۸'۱۹'۲۰ کے ساتھ ۱۹۹۷ میں نشر ہوئی۔ جلد ۱ صفحہ ۲۴۸

۲- الذھبی۔ حوالہء گزشتہ۔ جلد ۲۰۔ صفحہ ۴۴۴

اولاد

حضرت الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ کی ۴۹ اولادیں ہوئیں جن میں ۲۷ صاحبزادے اور باقی صاحبزادیاں تھیں۔ ان کے منجملہ بعض کا یہاں ذکر کیا جاتا ہے:

- حضرت عبد العزیز بن الشیخ عبد القادر رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۶۰۲ ھجری:۔ آپ نے اپنے والدِ ماجد سے تعلیم و تربیت پانے کے بعد درس و تدریس اور وعظ وارشاد میں مشغولیت اختیار کی اور آپ کے دستِ مبارک پر کئی طالبانِ ہدایت درجہء کمال پر پہنچے۔ آپ نے عسقلان کے غزوہ اور بیت المقدس کی زیارت کے بعد سن ۵۸۰ ھجری کے آس پاس سنجار کے ایک قریہ کی جانب سفر کیا اور اسی کو اپنا وطن مالوف بنا لیا۔ آپ کی اولاد بھی پندرھویں صدی کے اواسط تک وہیں آباد تھی۔ آپ صلاح الدین ایوبی کی فوج کے قائد اور ان کے مشیر تھے۔ اس متواضع مقالہ نگار کا تعلق بھی آپ ہی کی اولاد سے ہے۔
- حضرت عیسیٰ بن الشیخ عبد القادر رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۵۹۳ ھجری:۔ آپ نے اپنے والدِ ماجد سے فقہ کی تعلیم پائی اور سماعتِ حدیث وغیرہ فرمائی۔ درس و تدریس اور وعظ و افتاء کی خدمت انجام دی اور علومِ صوفیہ میں ایک کتاب "جواهر الأسرار ولطائف الأنوار" تصنیف فرمائی۔ آپ نے اپنے والدِ ماجد کی وفات کے بعد مصر کا رخ کیا اور وہاں مواعظِ حدیث کا سلسلہ جاری فرمایا۔ اہلیانِ مصر کی ایک کثیر تعداد نے آپ سے تکمیلِ علم کی اور بعض نے خرقہء تصوفِ قادریہ پہنا۔ آپ کی وفات مصر ہی میں ہوئی۔
- حضرت عبد الوہاب بن الشیخ عبد القادر رحمۃ اللہ علیہ (۵۲۲-۵۹۳ ھجری):۔ آپ حنبلی فقہ کے عالم اور واعظ تھے۔ اپنے والدِ ماجد رضی اللہ عنہ سے تعلیمِ فقہ پائی یہاں تک کہ اس میں کامل و اکمل ہوگئے۔ اوائلِ سن ۵۴۳ ھجری میں جبکہ آپ کی عمر بیس سال سے متجاوز تھی آپ نے اپنے والدِ ماجد رضی اللہ عنہ کی موجودگی میں نیابت کی اور ان کے مدرسہ میں پڑھانے لگے۔ پھر اپنے والد رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد پوری طرح درس و تدریس میں مشغول ہوگئے۔ اپنے بھائیوں میں ممتاز مقام کے حامل تھے۔ وعظ میں فصیح اور تواضع'

مروّت و سخاوت میں بے مثل تھے۔ سن ۵۸۳ ھجری میں خلیفہ ءعباسی الناصر لدین اللہ نے آپ کو محکمہ ء عوامی شکایات پر مقرر کیا تھااور آپ سے خلائق اپنے حوائج کی پابجائی کے لئے رجوع ہوتی تھی۔ آپ ہی نے الناصر لدین اللہ کی ایماء پر سلجوق خاطون کا مقبرہ جہتِ خلاطیہ میں تعمیر کروایا تھااور اس وقف کے متولی رہے۔ دیوانِ عزیز کی جانب سے شام کے سفیر رہے۔ حضرت عبد الوہاب علیہ الرحمہ نے طلبِ علم کی غرض سے بلادِ ہند کا بھی سفر کیااور وہاں متعدد افراد آپ کے دستِ حق پرست پر فارغ التحصیل ہوئے۔ابن الدبیثی نے آپ سے چند احادیث پڑھیں۔

سن ۵۸۸ ھجری میں حضرت عبدالوہاب کو جہتِ خلاطیہ کے وقف سے لا تعلق کر دیا گیااور حضرت الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ کے صاحبزادوں کو ان کے مدرسہ سے بے دخل کر کے اسے عبد الرحمٰن بن الجوزی متوفی ۵۹۷ ھجری کے حوالہ کر دیا گیا۔ بعد میں وزیر ابن یونس متوفی ۵۹۳ ھجری کی گرفتاری کے بعد یہ مدرسہ حضرت الشیخ عبدالقادر رضی اللہ عنہ کی اولاد کو لوٹا دیا گیا۔

- حضرت عبدالرزاق بن الشیخ عبدالقادر رحمۃاللہ علیہ (۵۲۸-۶۰۳ ھجری):۔آپ صاحبِ ثقہ 'حافظ' عابد' زاہد اور متقی تھے۔اپنے برادران میں ممتاز حیثیت کے حامل تھے۔ فقیہِ صالح تھے اور اپنے والدِ ماجد رضی اللہ عنہ کی خدمت میں فقہ کی تعلیم پائی تدریس و کتابتِ حدیث کی۔ پھر بعد فراغت خدمتِ افتاءانجام دی اور کئی طالبانِ علم کی تعلیم و تربیت فرمائی۔ آپ معرفتِ فقہ کی بہ نسبت معرفتِ حدیث میں زیادہ معروف ہوئے۔اپنے گھر میں گوشہ ءتنہائی میں بسر فرماتے اور صرف جمعہ کو باہر نکلتے۔ عُسرت و تنگ حالی تھی لیکن اپنے فقر پر صابر تھے۔ نہایت خوددار اور اپنے اسلاف کی مانند پاکباز تھے۔ آپ قاضی القضاۃ حضرت ابی صالح نصر بن عبدالرزاق علیہ الرحمہ کے والد تھے[1]۔

---


[1] ۔ عرضِ مترجم: اس خاکسار کا تعلق بھی حضرت عبدالرزاق بن الشیخ عبدالقادر رضی اللہ عنہ کی آل سے ہے۔ فالحمدللہ علی ذالک

حضرت الشیخ عبدالقادر الجیلی رضی اللہ عنہ کے پوتوں میں حضرت قاضی القضاۃ ابو صالح نصر بن عبدالرزاق بن عبدالقادر الجیلی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۶۳۳ ھجری) شامل ہیں جنکا اس مقالہ کے موضوع سے تعلق ہے۔

آپ حنبلی فقہ میں ماہر اور واعظ تھے۔ اپنے مذہب کے پیشوا اور شیخِ وقت تھے۔ اپنے جدّ امجد کے مدرسہ اور دیگر مدارس میں درس دیا کرتے تھے۔ خلیفہ الظاہر بامر اللہ کے عہد میں قاضی القضاۃ رہے اور آپ کے سوا کوئی اور حنبلی قاضی القضاۃ نہ ہوا۔ آپ کے حسنِ خُلق کے باعث آپ عوام میں بے حد مقبول و معروف ہوئے۔ آپ کا در تمام لوگوں پر ہمیشہ کھلا ہوتا اور جو چاہتا آپ کے دروازہ پر آواز لگاتا۔ آپ ان کے درمیان بیٹھتے اور پاپیادہ نمازِ جمعہ کے لئے تشریف لے جاتے۔ سن ۶۲۳ ھجری میں آپ نے تنہائی اختیار کی اور صرف اپنے جدّ مجد کے مدرسہ میں درس و افتاء میں مشغول ہو گئے۔ جب دیرِ روم میں رباطِ مستجد کی تعمیر تکمیل پائی تو آپ کو وہاں کے اصحابِ زہد کا تاحینِ حیات پیشوا مقرر کیا گیا۔ علمِ شریعت و حقیقت میں اہلِ بغداد کی کثیر تعداد آپ کی خدمت میں فارغ التحصیل ہوئی۔


صاحبِ اقوالِ حسنہ اور شجیع و نڈر تھے۔ زہد سے متعلق آپ کے اشعار اور تالیفات معروف ہیں۔ سن ۶۳۰ ھجری میں موصل اور اربیل کے سفیر کی خدمت انجام دی۔ آپ کے لئے قصرِ شاہی کی مسجد میں مناظرہ کی غرض سے اسٹیج بنایا گیا تھا۔ آپ مقبولیتِ عام کے حامل تھے اور طالبانِ علم کا ایک جمّ غفیر آپ کی جانب رواں ہوتا تھا۔ اولادِ شیخ عبدالقادر رضی اللہ عنہ میں عام طور پر آپ کی کنیت صالح رہی لیکن مختلف روایات میں موسیٰ' عبدالغنی' اور عبداللہ بھی بیان کی گئی ہے۔

چھٹی صدی ھجری میں تاتاریوں کے ہاتھوں سن ۶۵۶ ھجری میں بغداد کے سقوط تک حضرت الشیخ عبدالقادر رضی اللہ عنہ کی اولاد و احفاد اور خاص طور پر وہ جنہوں نے حضرت الشیخ عبدالقادر رضی اللہ عنہ کے پیغام کو عام کیا' خاص و عام میں نہایت احترام و مقبولیت کے حامل رہے۔ اور پھر افرادِ خاندانِ قادریہ اقطاعِ عالم'



شرق و غرب میں پھیل گئے اور ہر دور میں جو ان کے سیاسی' ثقافتی' دینی اور اجتماعی کارنامے رہے ہیں وہ کسی سے پوشیدہ نہیں[1]۔

۱-الکیلانی۔جمال الدین فالح۔ حوالہء گزشتہ۔ صفحہ ۳۲



حضرت الشیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ
کے مقامِ ولادت کا ذکر اور اس کے مصدر و مرجع پر تفصیلی نظر

۱-ثقافتی ورثہ کی بیخ کنی:

جب ہم کسی عہد کا بنظرِ غائر مطالعہ کرتے ہیں تو یقینا" ایسی کسی نہ کسی تلخ حقیقت سے روشناس ہوتے ہیں جو ازاول تا اخیر اصل واقعہ سے یکسر مختلف ہوتی ہے اور کسی سخت قانونِ شریعت کے تابع نہیں پائی جاتی۔ اور جب یہ حقیقت کسی انسانی شخصیت پر اثر انداز ہوتی ہے تو مرورِ وقت کے ساتھ رفتہ رفتہ یہ اثر اس قدر گہرا ہو جاتا ہے کہ اصل حقیقت نہ صرف اپنی سچائی کھو دیتی ہے بلکہ پوری طرح مفقود ہو جاتی ہے۔ اسی لئے ناقدینِ تاریخ کی یہ کوشش رہتی ہے کہ اصل حقیقت تک رسائی کے لئے اِن ظاہری حقائق سے صرفِ نظر اُن تمام عواقب و نتائج اور امکانات کا گہرا مطالعہ کریں اور مسلسل و مکمل غور و خوض کے بعد اس خصوص میں پیدا ہونے والے ہر اُس شائبہ کو حل کریں جو اصل تاریخی حقیقت کو روپوش کر کے اس کی موجودہ شکل کے باعث ہوں۔

میں سمجھتا ہوں کہ ثقافتی ورثہ وہ سرمایہ ہے جسے گذشتہ نسلوں نے ہمارے لئے چھوڑا ہے اور اگر اُس کی کماحقہٗ علمی و عملی تحقیق کے ذریعہ جدید طرز پر عقدہ کشائی نہ کی جائے تو اُس کی حقیقت ہم سے پوشیدہ رہے گی اور ہم صرف اُس کی ظاہری خوبصورتی کے قصیدے پڑھتے رہیں گے۔ دراصل ثقافتی ورثہ اِس عقدہ کشائی کا متقاضی ہوتا ہے۔ یہ اُن جوہری ذرّات کی مانند ہوتا ہے جن کی توانائی کا اندازہ اُن کے تجزیہ کے بغیر ناممکن ہوتا ہے اور اگر یہ تجزیہ نہ کیا جائے تو وہ تاابد اپنی موجودہ شکل میں ہی باقی رہ جاتے ہیں۔ اسی طرح ہم اگر اپنے ثقافتی ورثہ کی گہری تحقیق کریں تو اس کی تہہ میں موجود حقائق کو منظرِ عام پر لا سکتے ہیں تاکہ موجودہ عصر میں اس سے استفادہ کیا جاسکے۔ میرے خیال میں اس عظیم سرمایہ کی روح تک پہنچنے کا یہی واحد ذریعہ ہے ورنہ ہم اس کی ظاہری آب وتاب میں ہی کھوئے رہ جائیں گے۔

۲-تاویلات:

صورتِ حال کا تقاضا یہ ہے کہ قاری کو پہلی تاویل یہ درپیش ہوگی کہ یہ قول ایک طویل مدت سے معترف شدہ ہے۔ اس سے کسی نے انحراف نہیں کیا اور نہ اس میں بظاہر کسی کا ذاتی نفع و نقصان ہے- پھر اس امر نے اس فراموش شدہ مسئلہ پر یقین کو یوں بھی فروغ دیا کہ اس معاملہ میں حسنِ ظن اور زود گمانی سے بڑھ کر دلائل موجود ہیں۔

یہ بات کسی سے چھپی نہیں کہ سیرتِ قادریہ عربی اور اسلامی وسائلِ علمی اور ہماری تقلیدی ثقافتی زندگی میں نہایت اہم مقام کی حامل ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر کوئی مقصودہ مسئلہ میں متضاد معلومات کی پیروی کرے گا تو وہ اسی میں غلطان و پیچان ہو جائے گا جبکہ قرب و بعد میں نشر شدہ معلومات کی بنظرِ غائر تدقیق اپنے آپ میں ایک تھکا دینے والا کام ہے۔ اس مرحلہ سے گزرنے کے بعد مجھے یوں محسوس ہوتا ہے جیسے حقیقتِ حال اس خصوص میں اب تک جو کچھ کہا گیا ہے اُس سے یکسر مختلف ہے اور میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ اس مسئلہ میں بہت ساری غلطیاں ہوئی ہیں اور اس پر نظرِ ثانی کی ضرورت ہے۔

میں نے جب اس پیچیدہ مسئلہ پر نظر کی تو مجھے ابتداء ہی سے یوں لگنے لگا گویا میں نے تسلیم شدہ اوامر کے خلاف ایک جنگ چھیڑ دی ہے اور میں اس سیلِ رواں کے برعکس تیر رہا ہوں۔ اس کی دو وجوہات ہیں:

- پہلی وجہ یہ کہ میں چاہتا ہوں کہ میرا نظریہ ایک تحقیق شدہ امر ہو اور میں حقائق کو نئے سرے سے پیش کروں جو تاریخ میں اپنا صحیح مقام پا جائے
- دوسری وجہ جو نہایت اہم ہے یہ کہ میں چاہتا ہوں کہ اس مسئلہ پر میری نظر ایک اختلافی مسئلہ کے طور پر نہیں بلکہ ایک تحقیق شدنی مسئلہ کے طور پر ہو جس کی صحیح جانچ پڑتال ہو اور ان امور کی حقیقت کو منظرِ عام پر لایا جائے جو تاامروز بلا تحقیق کہے جاتے رہے ہیں۔

مجھے اسی لئے یہ ضروری محسوس ہوتا ہے کہ میں جس طرح قبل ازیں اس کے دور رس مقاصد کی تحقیق کر چکا ہوں' قارئین کے سامنے اُن حقائق و کوائف کو بے نقاب کر دوں جن کی بلا تدقیق تکرار کے باعث حضرت عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ کی نسبت جیلان طبرستان سے کر دی گئی۔

۳-جائزہ:

اس خصوص میں اولین اور اہم ترین مسئلہ بلا شک ان مصادر و مراجع کا ہے جن سے ہم اپنی اس تحقیق میں استفادہ کر سکتے ہیں اور اس تعلق سے جو پہلی بات لائقِ توجہ ہے وہ یہ ہے کہ جو مصادر و مراجع ہمیں دستیاب ہیں وہ بیک وقت کثیر التعداد بھی ہیں اور قلیل المتن بھی۔ خصوصاً وہ مصادر جن میں حضرت الشیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ کی شخصیت سے متعلق ابتدائی معلومات ملتی ہیں چھٹی صدی ہجری یعنی خود حضرت علیہ الرحمہ کے عہد کی ہیں لیکن ان کی اہمیت ایک ہاتھ کی انگلیوں پر گنی جا سکتی ہیں۔

جہاں تک بعد کے وسائل علمی کا تعلق ہے تو یہ بکثرت ہیں اور ساتویں صدی ہجری سے ہمارے آج کے دور تک پھیلی ہوئی ہیں لیکن ان میں موجود معلومات ابتدائی مصادر سے کلاسیکی انداز میں مرتبط ہیں جس کے باعث اِن کی اہمیت ثانوی حیثیت کی ہو جاتی ہے۔

۱-دیکھئے ابن الجوزي،حوالہء گزشتہ۔ج ۹، ص ۲۶۰ ،اور ابن الاثیر" الکامل" ج۹، ص ۲۴۰، اورسبط ابن الجوزي" مرآة الزمان" ج۸، ق ۱، ص ۱۱۹، اورابن خلکان" وفيات الأعيان" ج۱،ص۹۷، اورابن الدمياطي، "المستفاد من ذيل تاريخ بغداد" ص۵۱ ، اورابن فضل الله العمري" مسالك الأبصار في ممالك الامصار"(تحقيق بسام محمد بارود)، المجمع الثقافي،أبو ظهبی، ج۸، ص ۱۶۷ ،اورالصفدي" الوافي بالوفيات" ط ۱،(تحقيق احمد الأرناؤوط، تركي مصطفى)، دار إحياء التراث العربي، بيروت، ۲۰۰۰ ج ۸ ص۶۷ ، اورالسبكي"طبقات الشافعية الكبرى" ج٦ ص ٦٠.اورالاسنوي"طبقات الشافعية"ج۲، ص ۱۱۳ اورابن کثیر" البداية والنهاية" ج۱۲، ص ۲۴۲ ، اورالجامی"نفحات الأنس"ج ۲ص۵۲۰ ،اورالمناوي"الطبقات الكبرى" ج۱، ص۶۴۹

ابتدائی مورخین

الف-ماضیءبعید۔ مثلاً السمعانی:

ابتدائی عہد کے مورخین میں اہم ترین السمعانی ؒہیں جنکا پورا نام علامہ حافظ تاج الاسلام ابو سعد عبد الکریم بن محمد بن منصور بن محمد بن عبدالجبار بن احمد بن محمد بن جعفرا لتمیمی السمعانی المروزی علیہ الرحمہ ہے۔

السمعانی 'فتحِ سینِ مہملہ 'سکونِ میم 'فتحِ عینِ مہملہ اور آخر میں نون کے ساتھ "سمعان" کی نسبت سے ہے جو بنی تمیم سے تھے جیسا کہ خود حضرتِ مؤلف نے ذکر کیا ہے۔المعلّمی الیمانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں "اس سے مقصود جاہلیت کا معروف قبیلہ نہیں ہے اور بے شک علمائے انساب اس سے لاعلم ہیں۔ واللہ اعلم۔ تمیمی خود یااُن کے بیٹے عہدِ صحابہ میں موجود تھے اور "مرو" کے غزوہ میں شریک ہونے اور وہاں کی سکونت اختیار کرنے والوں میں شامل تھے۔ وہاں کی اکثر تعمیرات آپ سے منسوب ہیں اور اس طرح آپ بطنِ تمیم سے کہلاتے ہیں"

ولادت اور نشو نما:

ابو سعد موجودہ ترکمنستان کے شہر "مرو" میں دوشنبہ ۲۱ شعبان سن ۵۰۶ ہجری کو پیدا ہوئے۔ آپ ابھی دو سال ہی کے تھے کہ آپ کے والد آپ کو محدثین کی مجلس میں ساتھ لے جانے لگے۔ وہ ان کی موجودگی میں وہاں جو کچھ درس دیا جاتا اُس کو لکھتے جاتے پھر اس کی تصحیح کرتے تاکہ ان کے صاحبزادے جب بڑے ہو جائیں تو اس کا مطالعہ اور اس سے استفادہ کر سکیں۔ آپ کے والد نے صرف اسی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ جب آپ کی عمر تین سال کی ہوئی تو آپ کو اپنے ساتھ نیشاپور لے گئے اور وہاں کے محدثینِ کبار کی مجالس میں حاضر رہنے لگے تا کہ آپ ان عظیم شخصیتوں کے فرمودات کو سن پائیں۔ آپ کے والد کی وفات سن ۵۱۰ ہجری میں ہوئی جبکہ ابو سعد

۱-دیکھئے ابن الاثیر "کتاب اللبّاب" ج۱، ص ۱۴، اور الذھبی "سیر اعلام النّبلاء" ج۲۰، ص ۴۵۶ ، اور السبکی "طبقات الشافعیة الکبری" ج۷، ص۱۸۰

کی عمر تین سال اور پانچ ماہ تھی۔آپ کے چچا اپنے بھائی کے بہترین جانشین تھے اور انہوں نے اسی پاک وذی فضیلت ماحول میں آپ کی تربیت کو جاری رکھا اور اس طرح آپ کی پرورش علمی رفعتوں کے ساتھ ہوئی جس کے نتیجہ میں آپ نے قرآنِ کریم حفظ کیا'فقہ 'عربی اور ادب کی تعلیم حاصل کی اور اپنے چچاؤں کے ساتھ سماعِ حدیث میں مشغول ہوگئے اور جب آپ کی عمر تقریباً بیس سال کی ہوئی تو آپ بذاتِ خود سماعِ حدیث فرمانے لگے۔

طلبِ علم کے لئے سفر:

عالمِ شباب میں آپ نے تحصیلِ علم کے لئے سفر کا ارادہ کیا اور اپنے چچاؤں سے نیشاپور جانے کے لئے اجازت کی درخواست کی تاکہ " صحیح مسلم "کا درس اس کے ماہر ابی الفضل الراوی سے لے سکیں جو بہت بوڑھے ہو چکے تھے اور ان کی وفات کسی وقت بھی متوقع تھی اور اگر ابو سعد کے اُن سے سماعِ حدیث سے قبل اُن کا انتقال ہو جاتا تو آپ کے دل میں جو افسوس ہوتا اُس کا اندمال ناممکن تھا۔آپ کے چچاؤں نے ۲۲ سال کی عمر تک آپ کو سفر کی اجازت نہ دی اور جب دی تو آپ کو تنہا سفر نہ کرنے دیا بلکہ آپ کے ایک چچا آپ کے ساتھ ہو گئے۔

جب ابو سعد نیشاپور میں " صحیح مسلم "کی سماعِ حدیث سے فارغ ہو گئے تو آپ وہاں سے منتقل ہو گئے اور کئی سالوں تک دنیا کے متعدد مراکزِ علمی میں حاضری دیتے رہے۔آپ نے بلادِ خراسان 'اصفہان 'ماوراءالنہر 'عراق 'حجاز 'شام اور طبرستان کا سفر کیا پھر سن ۵۳۷ یا ۵۳۸ میں اپنے وطن مرولوٹ گئے اور یہ سب آپ کی شادی سے قبل ہوا۔

پھر آپ رشتہء مناکحت میں جُڑ گئے اور آپ کے ایک صاحبزادے ابی المظفر عبد الرحیم پیدا ہوئے جن کے ساتھ آپ نے نیشاپور اور اس کے اطراف واکناف مثلاً بلخ 'سمرقند 'بخارا۔۔کا سفر کیا۔بعدازاں آپ اپنے وطن مالوف واپس آ گئے اور انحائے ارضی کے اس طویل سفر کے بعد مزید سفر کو ترک کیا اور تصنیف 'املاء 'وعظ و تدریس کو اختیار فرمایا۔

آپ کی تصانیف اور علماء کی تعریف:

ابن النجار نے خود السمعانی سے نقل کرتے ہوئے آپ کی ۵۰ سے متجاوز تصانیف کے نام ذکر کئے ہیں پھر تحریر کیاہے کہ "میں نے سناہے کہ آپ کے شیوخ کی تعداد سات ہزار کہی جاتی ہے اور یہ نعمت کسی اور کو حاصل نہیں ہوئی۔ آپ اپنی تصانیف کی ملاحت' دلنواز قصائد' لطیف مزاجی' ظریف طبیعت' حفظِ قرآن' کثرتِ سفر' بھروسہ مندی' صداقت' دیانت سے معروف ہیں اور آپ سے آپ کے مشائخ اور ہمعصروں نے سماعت کی اور ایک جماعت نے آپ سے ہم تک حدیث پہنچائی"۔

الذھبی آپ کے متعلق فرماتے ہیں "آپ ممتاز حافظ و علامہ' ذی فہم و فراست' نہایت تیزی سے دلچسپ تحریر کرنے والے تھے۔ آپ نے درس و تدریس' افتاء' وعظ و املاء کا کام کیا اور اپنے تجربات کو پابندِ تحریر کیا۔ آپ ثقہ' حافظ' حجت' کثیر السفر' منصف مزاج' نہایت دیندار' بہترین سیرت' حسنِ صحبت اور وسیع یادداشت کے لئے معروف ہیں"۔

ابن العماد فرماتے ہیں "اور اسی سن ۵۶۲ ہجری میں حافظ ابو سعد السمعانی' تاج الاسلام عبد الکریم بن محمد بن منصور المروزی الشافعی (کی وفات) ہے جو مشرق کے محدث' کثیر تصانیف کے مصنف اور وسیع سفر کرنے والے تھے"۔

آپ کی وفات:

اس مسلسل خدمت علمی کے بعد علم و عمل کا یہ سورج غروب ہو گیا لیکن اس کا نام خالدین کی فہرست میں درج ہو گیا۔ آپ کی وفات مرو میں ۵۶۲ ہجری[۱] میں ہوئی۔

۱-دیکھئے السمعاني، عبد الکریم بن محمد، "الانساب" تحقیق مرجلیوث، مطبعة بریل، لیدن ۱۹۱۲، ص ۵۱۰ اور التادفي، محمد بن عیسی،" قلائد الجواهر في مناقب عبد القادر"، دار الباز، فلوریڈا، امریکہ، ۱۹۹۸، ص ۱۹۷ اور جواد مصطفی "مختصر الانساب"، مخطوطہ بخط ڈاکٹر مصطفی جواد، ص ۱۳۹ اور یہ ڈاکٹر حسین علي محفوظ رحمہ اللہ کی ملکیت ہے جنہوں نے مجھے سن ۱۹۹۷ میں اس پر مطلع کیا تھا اور یہ نہایت معتبر کتاب ہے اور ڈاکٹر مصطفی جواد کی کتاب "في التراث العربي" بتحقیق محمد جمیل شل و عبد الحمید العلوجي، منشورات وزارة الاعلام العراقیة سن ۱۹۷۷، ص ۵۷ میں بھی مذکور ہے

محمد التاذفی "قلائد الجواہر" میں تحریر کرتے ہیں کہ السمعانی نے حضرت الشیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ کا ذکر اپنی کتاب "**ذیل تاریخ بغداد**" میں کیا ہے۔ اور حقیقتاً جو کچھ آپ نے تحریر کیا ہے وہ تقلیدی معلومات ہیں جیسے آپ فقہِ حنبلی کے عالم' متقی و پرہیزگار بزرگ ہیں اور آپ کا تعلق طبرستان سے ہے اور یہی قول آپ کی کتاب "**الانساب**" پر بھی منطبق ہوتا ہے۔

یہاں قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ مصطفیٰ جواد نے اپنی کتاب "**مختصر الانساب للسمعانی**" میں اس پر شبہ ظاہر کیا ہے کہ "الانساب" میں جو صیغہ "عبد القادر ابو محمد" مستعمل ہوا ہے اس سے حضرت الشیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ مقصود ہیں۔ اور پھر کہتے ہیں کہ یہ کلمہ حضرت شیخ الجیلی کے طبرستانی ہونے پر دلیل نہیں ہو سکتا[1] اور السمعانی نے اپنے اس مفروضہ کا کوئی مصدر تحریر نہیں کیا ہے اور نہ ہی یہ بتایا کہ یہ کس سے منقول ہے جس کے باعث اس قول پر اور اس کے بعد جن لوگوں نے اس پر اعتماد کیا اور حضرت الشیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ کا ذکر کیا ان پر ایک بڑا سوالیہ نشان بن جاتا ہے کہ انہوں نے حقیقت پر نہیں بلکہ ان سنی سنائی باتوں پر بھروسہ کیا اور خاص طور پر اس لئے بھی کہ ان کا تعلق مرو سے ہے بغداد سے نہیں[2]۔

ب-ابو الفرج ابن الجوزی۔ مورخ جو کسی اور کی پیروی نہیں کرتے:

دیگر اہم ترین مورخین میں حضرت ابن الجوزی البکری البغدادی علیہ الرحمہ (متوفی ۵۹۷ ہجری)[3] بھی شامل ہیں۔ آپ کا نامِ نامی ابو الفرج عبد الرحمٰن بن علی بن عبید اللہ بن عبد اللہ بن حمادی بن احمد بن جعفر اور آپ کا سلسلہءِ نسب خلیفہءِ اول حضرت سیدنا ابو بکر الصدیق رضی اللہ عنہ سے جاملتا ہے۔ آپ خلافتِ عباسیہ کے

۱۔ ابن الاثیر' حوالہء گزشتہ۔ ج۸، ص ۱۳۲

۲-۱-دیکھئے الخطیب البغدادي، "**تاریخ بغداد**" ج ۱۲ ص ۱۱۴ (نمبر ۶۵۵۹) اور السمعانی "**الانساب**" ج ۳ ص ۱۷۶' اور ابن الاثیر "**الکامل**" ج ۸ ص ۳۵۱ اور الصفدی "**الوافی بالوفیات**" ج ۲۲ ص ۱۱۳ اور ابن کثیر "**البدایہ و النہایہ**" ج ۱۲ ص ۱۰۴ اور آمنہ محمد نصیر "**ابو الفرج الجوزی**" ص ۲۰۲

۳-دیکھئے ابن کثیر "**البدایہ و النہایہ**" ج ۳ ص ۳۴' ابنِ رجب "**ذیل طبقات الحنابلہ**" ج ۲ ص ۴۵۸' ابن العماد "**شذرات الذّہب**" ج ۴ ص

عہد اواخر میں بقیدِ حیات تھے جب کہ سلجوقی ترکیوں نے حکومت پر قبضہ کر لیا تھا۔ آپ کے مکان کے بیچوں بیچ "جوز" یعنی اخروٹ کا ایک درخت تھا اور اس کے سوا سارے شہر میں اخروٹ کا کوئی اور درخت نہ تھا جس کے سبب آپ ابن الجوزی کے نام سے مشہور ہوئے۔ یوں بھی کہا جاتا ہے کہ آپ نہرِ بصرہ پر واقع "فُرضة الجوز" بندر گاہ کی نسبت سے ابن الجوزی کے نام سے معروف ہوئے۔ حضرت ابن الجوزی رحمہ اللہ کو بے حد شہرت حاصل ہوئی اور وعظ و خطابت اور تصانیف کے باعث آپ بلند مرتبت کے حامل تھے۔ اس کے علاوہ آپ متعدد علوم و فنون کے ماہر تھے۔ آپ کی تصانیف آپ کے حینِ حیات اور آپ کے بعد کے ادوار میں بھی شہرت کی بلندیوں پر فائز رہیں اور عہد بعد عہد کئی مصنفین نے آپ کے منہج کی اقتداء کی۔

آپ ابھی تین سال کے تھے کہ آپ کے والدِ ماجد کا انتقال ہو گیا اور آپ کی پھوپھی نے آپ کی تربیت کی ذمہ داری سنبھال لی۔ انہوں نے آپ کو پروان چڑھایا اور بغداد میں واقع مسجد محمد بن ناصر الحافظ کو بھیجا جہاں آپ نے حضرت محمد بن ناصر الحافظ رحمہ اللہ کے دستِ مبارک پر قرآنِ کریم حفظ کیا اور حدیثِ شریف کا علم حاصل کیا۔ آپ کم و بیش تیس ۳۰ سال تک حضرت علیہ الرحمہ کی خدمت میں رہے اور ان سے بہت مستفید ہوئے یہاں تک کہ خود حضرت علیہ الرحمہ نے فرمادیا کہ مجھ سے کسی نے ان کی طرح استفادہ نہیں کیا۔

آپ کے شیوخ اور اساتذہ:

حضرت ابن الجوزی رحمہ اللہ کئی شیوخ کی خدمت علمی سے بہرہ افروز ہوئے۔ آپ نے اپنے ۸۷ شیوخ کا ذکر کیا ہے جن میں سے چند یہ ہیں:

- ابوالفضل محمد بن ناصر بن محمد بن علی بن عمر رحمۃ اللہ علیہ (۴۶۷–۵۵۰ ہجری=۱۰۷۴–۱۱۵۵ عیسوی) جو رشتہ میں آپ کے ماموں تھے۔ یہ جید 'ذی اعتبار 'عالم 'حافظ 'فقیہ اور ماہرِ لسان تھے۔ یہ آپ کے پہلے استاذ تھے۔

- ابو منصور موہوب بن احمد بن الخضر الجوالیقی رحمۃ اللہ علیہ (۴۶۵—۵۴۰ ہجری=۱۰۷۲—۱۱۴۵عیسوی) جو ایک مشہور ماہرِ لسانیات 'محدث وادیب تھے۔ آپ نے ان سے زبان وادب کی تعلیم حاصل کی۔
- ابو القاسم ھبۃ اللہ بن احمد بن عمر الحریری المعروف بہ ابن الطبری رحمۃ اللہ علیہ (۴۳۵—۵۳۱ ہجری =۱۰۴۳—۱۱۳۶عیسوی)۔ آپ نے ان سے علمِ حدیث حاصل کیا۔
- ابو منصور محمد بن عبد الملک بن الحسین بن ابراہیم بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ (۴۵۴—۵۳۹ ہجری=۱۰۶۲—۱۱۴۴عیسوی) جن سے آپ نے قراءت سیکھی۔

مقام ومنزلت:

حضرت ابن الجوزی رحمہ اللہ تاریخ' حدیث' وعظ' مناظرہ اور علمِ کلام میں علامہ ءوقت تھے۔ آپ نے کمسنی سے ہی مجالس وعظ وتدریس کی ابتداء فرمادی تھی اور اللہ سبحانہ تعالیٰ نے عوام الناس کے دلوں میں آپ کا رعب اور قبولیت ڈال دی تھی۔ آپ کی مجالس میں خلفاء' وزراء' امراء' علماء اور دیگر ممتاز شخصیتیں حاضر ہوتی تھیں۔ آپ اپنی شہرتِ تامہ اور علوِ منزلت کے باوجود ایسے زاہد و متقی تھے کہ جس کی مثال کم ملتی ہے۔ سات دن میں قرآن ختم فرماتے' اپنے گھر سے مسجد یا مجلس کے علاوہ کسی اور مقام کے لئے نہ نکلتے اور روایت ہے کہ آپ بہت کم مزاح فرماتے تھے۔ اپنے متعلق خود فرماتے کہ "میں وہ ہوں جسے ایامِ طفولیت سے ہی علم سے شغف رہا اور میں اسی میں مشغول ہو گیا۔ پھر مجھے ایک فن نہیں بلکہ تمام فنون سے دلچسپی ہو گئی اور میں کبھی اس خصوص میں کم ہمت نہ ہوا بلکہ میں ان کا یکے بعد دیگرے متلاشی رہتا اور اس پر متفکر ہوتا کہ وقت میں وسعت نہیں ہوتی' عمر مختصر ہوتی جاتی ہے' شوق بڑھتا جاتا ہے' ضعیفی ظاہر ہوتی جاتی ہے اور بعض حسرتیں باقی رہ جاتی ہیں"۔

آپ زمان ومکان کے اعتبار سے حضرت الشیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ کے ہم عصر تھے۔ آپ اہلِ بغداد سے

۱۔ابن الجوزی حوالہء گزشتہ۔ج ۱۰'ص ۱۱۸۵

تھے اور آپ کی وفات حضرت شیخِ جیلی کے ربع صدی بعد ہوئی۔ آپ بھی اسی وقت شہرت کی بلندیوں پر تھے ا جس وقت حضرت شیخ جیلی رضی اللہ عنہ کی شہرت آفاق کی بلندیوں کو چھو رہی تھی۔ حضرت الشیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ کے متعلق آپ نے ایک کتاب تحریر فرمائی جو اکثر محققین کی رسائی سے دور رہی۔ اس کا ایک مخطوطہ نسخہ سوربون (Sorbonne) یونیورسٹی فرانس کے کتب خانہ میں موجود ہے جس سے کچھ اقتباسات ڈاکٹر مصطفیٰ عبد الجواد نے اصولِ تاریخ پر اپنی کتاب "اصول التاریخ و الادب"[1] میں نقل کئے ہیں۔ اور یہ بات مسلّمہ ہے کہ سوربون یونیورسٹی کی فرانسیسی پروفیسر جاکلین شابی نے حضرت شیخِ جیلی کی حیات پر اپنی ریسرچ[2] کے سلسلہ میں اس کتاب کا مطالعہ کیا جس میں ابن الجوزی نے یہ ثابت کیا ہے کہ حضرت شیخ جیلی رضی اللہ عنہ کا تعلق "بلاد الرافدین" یعنی Mesopotamia سے ہے اور آپ کا مقامِ ولادت جیلِ عراق ہے[3]۔ ابن الجوزی نے اپنی کتاب موسوم بہ "دُرر الجواھر من کلام الشیخ عبد القادر" میں اس قول کو اختیار کیا ہے کہ حضرت الشیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ ابنائے بغداد سے تھے اور سچ ہی کہا گیا ہے کہ "اہلِ مکہ اپنے اہلیان کو بہتر جانتے ہیں"۔ اور جو حضرتِ جیلی اور ابن الجوزی میں عداوت کی روایتیں بڑھا چڑھا کر پیش کی گئی ہیں وہ بے بنیاد ہیں۔ اس کا ذکر "الکتاب الوثیقه" میں موجود ہے اور اس پر التادفی نے "قلائد الجواھر" صفحہ ۲۱ پر اور یوسف زیدان نے اپنی "تحقیقِ دیوان" کے صفحہ ۱۴ پر مہرِ توثیق ثبت کی ہے۔ مخفی مباد کہ ابن الجوزی صوفیا پر شدید تنقید کرتے تھے لیکن آپ نے اپنی تصنیف "تلبیس ابلیس" میں جہاں بعض صوفیا کے ظاہری اعمال پر تنقید کی ہے وہیں حضرت جیلی رضی اللہ عنہ اور آپ جیسے کبارِ صوفیا کا کچھ تذکرہ نہیں کیا ہے۔ احتمال ہے کہ ابن

۱۔ جواد مصطفیٰ۔ "اصول التاریخ و الادب" مخطوطہ جواد مصطفیٰ جواد' ج ۲۳۔ ص ۴۶۱

۲۔ جاکلین شابی "عبد القادر الجیلانی بین الحقیقة التاریخیة و الأسطورة الأدبیة" (ترجمہ ڈاکٹر حسن سحلول) مجلۃ التراث العربی عدد (۷۰) السنہ (۱۸) جنوری ۱۹۹۸' ص ۲

۳۔ ابن الجوزی۔ کتاب "درر الجواھر من کلام الشیخ عبد القادر" مخطوطہ سالم الالوسی' ص ۸

الجوزی نے آپ کا شمار بھی پابندِ شریعت صوفیائے کرام میں کیا ہے اور یہی موقف ابن تیمیہ نے بھی اختیار کیا ہے۔جہاں تک آپ کی کتاب "المنتظم فی تاریخ الملوک و الامم" کا تعلق ہے تو اس میں حضرتِ جیلی رضی اللہ عنہ کا تذکرہ خلاصۃً آپ کے صاحبزادوں اور ابن اثیر کی شہادت پر کیا گیا ہے۔ راقم الحروف نے ابن الاثیر متوفی (۶۳۰ ہجری) کو "الکامل" میں ابن الجوزی نے صوفیائے کرام کے متعلق جو تذکرے کئے ہیں ان پر تنقید کرتا پایا۔ پھر سبط ابن الجوزی (متوفی ۶۵۴ ہجری) نے بھی اپنی کتاب "مرآۃ الزمان" میں اپنے دادا کے اقوال کی اتباع کی لیکن انہوں نے بعض افرادِ خاندانِ جیلی کے متعلق اپنے دادا کے موقف پر تنقید کی ہے۔

ابن الجوزی حضرت الشیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ کے ہم عصر ہونے اور آپ کے قریب سکونت رکھنے کے باعث مورخین میں ایک اہم مقام رکھتے ہیں اور آپ کی منزلت تاریخ میں دیگر مورخین سے کہیں زیادہ ہے کیونکہ آپ کسی اور کی غیر ضروری تقلید نہیں کرتے تھے اور اپنے اقوال میں راست بازی' دقت اور مضبوطی کے حامل تھے۔ آپ کی وفات ۵۹۷ ہجری/۱۲۰۰ عیسوی میں ہوئی۔

ج-تاریخ کی نظر میں:

یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ اکثر ہمعصر مورخین نے حضرت الشیخ عبدالقادر الجیلی رضی اللہ عنہ کا ذکر جیلان اور اس کے اصل محلِ وقوع کو جانے بغیر کیا ہے۔ان میں حسبِ ذیل مورخین شامل ہیں:

- ابن الاثیر الشافعی الاشعری متوفی ۶۳۰ ہجری/۱۲۳۳ عیسوی
- حضرت شہاب الدین السہروردی الشافعی متوفی ۶۳۲ ہجری/۱۲۳۴ عیسوی جنکی عمر حضرت شیخ جیلی رضی اللہ عنہ کی وفات کے وقت تقریباً ۲۰ سال تھی اور جنہوں نے حضرت شیخ جیلی کا نام اپنی کتاب "عوارف المعارف" میں زواج الزہد کے سلسلہ میں کیا ہے
- ابن النجار الشافعی متوفی ۶۴۳ ہجری/۱۲۴۵ عیسوی اور

- مشہور صوفی مفکر ابن عربی متوفی ۶۴۳ ہجری/ ۱۲۱۰ عیسوی جنہوں نے حضرت جیلی کا ذکر اپنی کتاب "الفتوحات المکیۃ" میں کیا ہے۔

مورخین متاخرین

مورخین متاخرین کے گروہ میں اہم ترین حسبِ ذیل ہیں:

الف: الشطنوفی:

آپ کا نام نامی نور الدین علی بن یوسف المصری الشافعی الشطنوفی رحمۃ اللہ علیہ تھا اور مصر کے عہدِ مملوک کے معروف علماء میں آپ کا شمار ہوتا تھا۔ آپ مصر کے شیخ القراء تھے اور تصوف میں آپ کا بڑا مقام ہے۔ الشَّطَّنَوف (فتحِ شین 'تشدیدِ ط 'فتحِ نون اور فائے ساکن سے) مصر کے قریہء شطنوف کی نسبت سے ہے جو کرّہء غربی میں واقع ہے اور جہاں دریائے نیل دو حصوں میں بٹ جاتی ہے۔ ایک حصہ مشرق میں جزیرہء تنیس اور دمیاط کی جانب اور دوسرا حصہ مغرب میں شہرِ رشید کی جانب چلا جاتا ہے جو قاہرہ سے دو فرسخ کے فاصلہ پر ہے۔ شطنوف اور قاہرہ ایک دن کی مسافت پر ہیں اور آجکل شطنوف مرکزِ اشمون کے گرد و نواح میں ہے جو المنوفیہ گورنریٹ کے تابع ہے۔ حضرتِ شطنوفی سن ۶۴۴ ہجری میں قاہرہ میں تولد ہوئے اور وہیں سن ۷۱۳ ہجری میں وفات پائی۔ امام ذھبی جو قاہرہ میں محمد سید جاد الحق سے ماقبل محققین سے تھے اپنی کتاب "معرفۃ القراء الکبار" میں تحریر فرماتے ہیں کہ "میں آپ کی مجلسِ قراءت میں جا چکا ہوں اور آپ کے پر سکون اندازِ قراءت سے محظوظ ہو چکا ہوں"۔ حضرتِ شطنوفی علیہ الرحمہ حضرت شیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ کی شخصیت سے بہت متاثر تھے اور انہوں نے آپ کے جو اخبار و مناقب جمع کئے ہیں وہ تین جلدوں پر محتوی ہیں۔ اپنے عہد کے شیوخ کی خدمت میں عربی لغت اور مذہبِ شافعی میں علمِ فقہ کی تکمیل فرمائی اور علومِ قراءت 'نحو' لسانیات اور فقہ میں وہ ممتاز مقام

۱۔ رؤف 'عماد عبد السلام' مدارس بغداد 'ص ۹۶

حاصل کیا کہ ایک زمانہ آپ سے رجوع کرتا تھا۔ جامعِ طولونی' جامعِ حاکم اور جامعِ ازھر میں درس وتدریس کی مجالس منعقد فرماتے تھے۔ جامعِ ازھر قاہرہ میں آپ نے قراءت شروع کی اور لوگ جوق در جوق آپ سے مستفید ہونے لگے۔ روایت ہے کہ آپ نے امام شاطبی کی "الشاطبیّه " کی بہترین شرح فرمائی تھی۔ "بھجة الاسرار" آپ کی تالیفات میں اہم ترین سمجھی جاتی ہے اور اسی سے آپ نے حضرت شیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ کے محب کے طور پر شہرت پائی۔ "بھجة الاسرار" کی آپ نے تین جلدوں میں تدوین کی جو اکتالیس (۴۱) حصوں پر مشتمل ہے اور یہ اس لئے اہم مانی گئی کہ اس کے مؤلف وہ پہلے فرد ہیں جنہوں نے حضرت شیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ کی سیرت پر کوئی کتاب تصنیف فرمائی کیونکہ حضرتِ شطنوفی رحمہ اللہ ۶۴۴ ہجری/ ۱۲۴۶ عیسوی میں پیدا ہوئے جبکہ حضرت شیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ کی وفات ۵۶۱ ہجری/۱۱۶۳ عیسوی میں ہوئی اور یہ مدت اتنی مختصر ہے کہ اس میں حضرت الشیخ رضی اللہ عنہ کے ہم عصر اصحاب سے اُن کی روایات کو سننا' جمع کرنا اور تحریر کرنا ممکن تھا۔

مصر کے شیخ القراء' صاحبِ کتاب "بھجة الاسرار و المعدن الانوار" حضرتِ شطنوفی نے عہدِ مملوکی سن ۷۱۳ ہجری مطابق ۱۳۱۴ عیسوی میں وفات پائی۔ "بھجة الاسرار" حضرت شیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ کی حیاتِ مبارکہ پر مشہور ترین کتاب ہے جو خبروں کی طرز پر تحریر کی گئی ہے۔ حضرتِ شطنوفی نے اس کتاب میں حضرت شیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ سے منسوب خبریں اور روایتیں' خوارقِ عادات سب کچھ بغیر کسی تحقیق' غور و فکر یا ردوبدل کے شامل کیا ہے۔ اس میں جہاں وہ روایات ہیں جنہیں شریعت بھی رد کرتی ہے اور عقل بھی تسلیم نہیں کرتی وہیں وہ روایات بھی بکثرت شامل ہیں جو نہ صرف صحیح ہیں بلکہ مشہور و معروف ہیں۔ تو کیا اس کتاب کو صرف اس لئے نظر انداز کرنا درست ہوگا کہ اس میں صحیح اور غیر صحیح دونوں روایات نقل کی گئی ہیں؟

حضرتِ شطنوفی کا ایک امتیاز یہ ہے کہ وہ کسی سند کے بغیر بات نہیں کرتے۔ یہی اسلوب ان سے قبل کبارِ مورخین کا رہا ہے مثلاً طبری (متوفی سن ۳۱۰ ہجری/۹۱۲ عیسوی) نے اپنی کتاب "تاريخ الأمم و الملوك" میں

اصل منہجِ اسلامی کی روایات نقل کی ہیں لیکن ان کے تجزیہ کا کام قارئین پر چھوڑ دیا ہے۔اور جیسے طبری نے خبر کے متعلق فرمایا ہے کہ "اگر یہ لائقِ بھروسہ ہو تو قبول کر لو اور اور اگر قابلِ اعتماد نہ ہو تو قبول نہ کرنا"۔ بھجۃ الاسرار پر بعد میں ابن رجب نے تنقید کی جبکہ التاذفی نے اس کی تلخیص "قلائد الجواھر" کے نام سے تحریر کی۔ اس کے متعدد کمزور ایڈیشن شائع ہوئے۔ ہم نے اس کتاب پر تحقیق کے لئے اس نادر مخطوطہ نسخہ پر اعتماد کیا ہے جسکی نقل ڈاکٹر مصطفیٰ جواد نے اپنے جامعہ ء سوربون Sorbonne University میں طالبعلمی کے زمانہ میں حاصل کر لی تھی اور جس میں تحریر ہے کہ حضرت الشیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ کی ولادت جیلِ عراق میں ہوئی تھی جو مدائن کے قریب واقع ہے۔یہی بھجۃ الاسرار کے پرنسٹن یونیورسٹی Princeton University اور کانگریس لائبریری Congress Library میں موجود مخطوطہ نسخوں میں بھی تحریر ہے [۲]۔ لیکن اس کے جو کمرشیل نسخے شائع ہوئے ہیں ان میں لکھا ہے کہ آپ کی ولادت طبرستان میں ہوئی تاہم ان نسخوں میں اس امر پر واضح طور پر تردد نظر آتا ہے کہ آپ کی ولادت کس شہر میں ہوئی-اسی سے صاف ظاہر ہے کہ اصل کتاب میں بعد کے نقل کرنے والوں نے تحریف کی ہے۔

بھجۃ الاسرار کے ان مخطوطات کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ ان کے بعد دورِ قدیم وجدید میں اس موضوع پر جو کچھ تحریر کیا گیا اس کا انحصار انہی کے اعتماد پر تھا۔ بلکہ بعض تحریریں تو من وعن ان کے فصلوں کی نقل تھیں۔ اس کی مثال زین الدین عبد الرحمان البسطامی السائح الحنفی (۸۵۸ ھجری / ۱۴۵۴ عیسوی) کی "الدر الفاخر فی مناقب الشیخ عبد القادر" محمد بن یحیٰ التادفی الحنبلی (۹۶۳ہجری/۱۵۵۵ عیسوی) کی "قلائد الجواھر" یحییٰ بن احمد الجیلانی (۱۱۱۳ہجری/۱۷۰۱عیسوی) کی "تحفة الأبرار" جعفر البرزنجی

۱-الطبری۔ابو جعفر محمد بن جریر متوفی ۳۱۰ہجری/۹۲۳عیسوی۔"تاریخ الأمم و الملوك" ج۱ تحقیق محمد ابو الفضل ابراہیم 'دار المعارف قاہرہ '۱۹۶۵' ص۵' اور الکیلانی۔جمال الدین فالح۔حوالہء گزشتہ۔ص۱۲۹

۲-البلاطی۔علی محمود؛ "عبد القادر الجیلانی" (ماسٹرس مقالہ) ص۴۲

۱۱۷۷ہجری/۱۷۶۳عیسوی) کی "الجنی الدانی" ظہیر الدین القادری یعنی السید عبد الرحمٰن النقیب (۱۱۱۰ہجری) کی "الفتح المبین" جیسی کتابیں ہیں۔ یاد رہے کہ اکثر مخطوطاتِ قادریہ بھجۃ الاسرار کی مختصرات ہیں جبکہ حالیہ تجزیاتی تحریریں اس پر مکمل اعتماد کرتی ہیں۔ مثلاً عبد اللہ السامرائی کی کتاب "الشیخ عبد القادر الکیلانی تاج الأولیا" جو ابھی مخطوطہ کی شکل میں ہے جبکہ مولف علیہ الرحمہ نے اسے ۱۹۹۶ء میں مکمل کر دیا تھا' ماجد عرسان الکیلانی کی تصنیف "ھٰکذا ظھر جیل صلاح الدین" (دار الرسالہ بیروت ۱۹۹۹ء)' جعفر صادق سھیل کی کتاب "عبد القادر الجیلانی و مذھبه الصوفی" (غیر شائع شدہ ماسٹرس مقالہ' ادارۃ العلوم کالج' قاہرہ یونیورسٹی' ۱۹۷۵ء) جس میں بھجۃ الاسرار کے حاشیہ کی شاید ہی کوئی فصل چھوٹی ہو' ایمان کمال مصطفٰی کی "عبد القادر ادیباً" (مرکز البحوث والدراسات الاسلامیہ' مطبعۃ الوقف بغداد' ۲۰۰۸ء)' سعید القحطانی کا غیر شائع شدہ رسالہ "الشیخ عبد القادر و آراؤہ الاعتقادیة و الصوفیة" جو انہوں نے ڈاکٹریٹ کی ڈگری کے لئے کلیۃ الدعوۃ' جامعۃ ام القریٰ' ریاض میں ۱۹۹۷ء میں داخل کیا اور عمر التل کا ۲۰۰۸ء میں جورڈن یونیورسٹی Jordan University کی ماسٹرس ڈگری کے لئے تحریر کردہ مقالہ "صوفیة بغداد" شامل ہے جن کے اکثر و بیشتر صفحات خاص طور پر بھجۃ الاسرار پر اعتماد کرتے ہیں۔ ان کے علاوہ بھی ایسے کئی اور مخطوطات' مصادر اور مراجع ہیں جو بھجۃ الاسرار پر معتمد علیہ ہیں[1]۔

ب: ابن الملقن:

آپ کا نام عمر بن علی بن احمد' سراج الدین ابو حفص الانصاری الشافعی رحمۃ اللہ علیہ تھا اور آپ ابن الملقن سے معروف تھے۔ آپ کی وفات سن ۸۰۴ ہجری/۱۴۰۱ عیسوی میں ہوئی۔ حافظ العلائی نے آپ کو شیخ' فقیہ' امام' عالم' محدث' حافظ' ماہر' سراج الدین' شرف الفقہاءِ و المحدثین اور فخر الفضلاء[2] لکھا ہے۔ الشوکانی علیہ الرحمہ

۱۔ الشطنوفی۔ حوالہء گزشتہ۔ ص۱۴۸

۲۔ العلائی۔ "عقیلة الطالب" ۲۳۱' الخیون' رشید "الادیان و المذاهب فی العراق" دار الجمل جرمنی ۲۰۰۴ء' ص ۸۶' ۳۱۹' ۳۲۳' ۴۵۵

فرماتے ہیں کہ آپ جمیع علوم کے ائمہ سے تھے اور آپ کی منزلت مشہور ہوئی' آپ کا ذکر عام ہوا اور آپ کی تالیفات انحائے عالم میں پھیل گئیں۔ شوکانی یہ بھی فرماتے ہیں کہ آپ کی تصانیف بکثرت ہیں اور ان کی اکثریت نے عوام النّاس کو فائدہ پہنچایا[1]۔ حضرتِ سیوطی فرماتے ہیں کہ آپ امام' فقیہ' حافظ اور شیوخِ شافعیہ اور ائمہء حدیث سے تھے۔ اور آپ نے اپنی کتاب "**درّ الجواهر فی مناقب عبد القادر**" میں حضرت الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ کا مقامِ ولادت عراق میں ارضِ سواد بتایا ہے جو آپ کی ابتدائی سیاحت سے میل پاتا ہے اور آپ عراق سے سوائے سفرِ حج کے کبھی باہر نکلے نہ واپس لوٹے اور اس کی سند اس روایت سے بھی ملتی ہے جو آپ کے صاحبزادے حضرت عبد الوہاب بن عبد القادر علیہ الرحمہ سے منسوب ہے[2]۔

ج: زین الدین السائح:

یہ ناممکن ہے کہ ہم مورخ حضرت امام زین الدین عبد الرحمٰن بن محمد البسطامی الحنفی السائح علیہ الرحمہ کا ذکر نہ کریں۔ آپ کی وفات ۸۵۸ ہجری میں ترکی کے شہر بروسہ Bursa میں ہوئی اور آپ وہیں مدفون ہوئے۔ نویں صدی ہجری کے علماء میں آپ کی بڑی قدر و منزلت ہے جو فکری' علمی اور ادبی ترقی میں آپ کی عملی مساعی اور آپ کی مختلف علوم مثلاً تفسیر' حدیث' فقہ میں چالیس سے زیادہ تصانیف اور تواریخ پر آپ کی مضبوط دست گرفت کے باعث تھی۔ آپ کو علمِ طب میں بھی یدِ طولیٰ حاصل تھا۔ آپ اپنی کتاب "**در الفاخر فی مناقب الشیخ عبد القادر**" میں تحریر فرماتے ہیں کہ حضرت شیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ جیل میں تولد ہوئے جو بغداد کا ایک قریہ ہے" جو الشطنوفی کی "**بهجة الأسرارو معدن الانوار**" کے قدیم مخطوطہ نسخہ سے منقول ہے۔

۱- الشوکانی۔ "البدر الطالع" ص ۳۴۱

۲- دیکھئے: السمعانی۔ "الأنساب" ج ۴' ص ۵۰۳' اور ابن الجوزی' حوالہء گزشتہ۔ ج ۸' ص ۲۸۰' اور ابن الخلکان۔ "وفیات الاعیان" ج ۳' ص ۲۰۵-۲۰۸' اور الذھبی۔ "تاریخ الاسلام" ج ۳۰' ص ۱۷۰-۱۷۵' اور الصفدی "الوافی بالوفیات" ج ۱۹' ص ۶۳-۶۴' اور السبکی "طبقات الشافعیة الکبری" ج ۵۔ ص ۱۵۳-۱۶۱' اور الاسنوی" طبقات الشافعیة" ج ۲' ص ۱۵۷-۱۵۸' اور ابن کثیر "البدایة و النهایة" ج ۱۲' ص ۱۳۱' اور الملقن "درّ الجواهر فی مناقب الشیخ عبد القادر" جو مخطوطہ حالت میں طلعت لائبریری مصر میں نمبر ۸۳۹/ تصوف کے تحت موجود ہے

الشطنوفی رحمہ اللہ تعالیٰ تحریر کرتے ہیں کہ فقیہ ابو عبد اللہ محمد بن الشیخ ابی عباس احمد بن عبد الواسع بن امیر کابن شافع الحنبلی نے ہمیں بتایا کہ ان کے دادا عبد الواسع نے بتایا کہ ابو الفضل احمد بن صالح بن شافع الجیلی الحنبلی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ حضرت الشیخ محی الدین عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ کی ولادت سن ۴۷۱ ہجری میں جیل میں ہوئی جو بغداد کے قریوں میں سے ایک قریہ ہے اور آپ سن ۴۸۸ ہجری میں بغداد میں داخل ہوئے جبکہ آپ کی عمر (۱۸) سال تھی[1]۔

۱۔ دیکھئے ابن النجار۔ ''ذیل تاریخ بغداد'' ج ۱' ص ۲۰۸' اور ابو شامہ' شہاب الدین ''تراجم الرجال القرنین السادس و السابع المعروف بالذیل علی الروضتین'' ط ۲' ص ۱۲' اور الشطنوفی ''بهجة الأسرار'' ص ۲۴۱ اور الذہبی۔ ''المختصر المحتاج الیه'' ص ۲۵۸ (نمبر ۹۴)''' تاریخ الاسلام'' ج ۴۲' ص ۱۳۴ اور دیکھئے الصفدی۔ ''الوافی بالوفیات'' ج ۱۹' ص ۲۰۴ (نمبر ۴۱۲۷)' اور ابن رجب۔ ''الذیل علی طبقات الحنابلة'' ج ۱' ص ۳۸۸' (نمبر ۱۹۶)' اور التادفی۔ ''قلائد الجواهر'' ص ۸۹' اور ابن العماد۔ ''شذرات الذهب'' ج ۶' ص ۵۱۴' اور ابن الملقن۔ ''درر الجواهر فی مناقب الشیخ عبد القادر'' ص ۶۴' مخطوطہ تصوف نمبر ۸۳۹۔ طلعت لائبریری مصر' اور البسطامی۔ زین الدین۔ ''الدر الفاخر فی مناقب الشیخ عبد القادر'' غیر شائع شدہ ریسرچ مقالہ برائے ماسٹرس ڈگری' ۱۹۹۹' علی محمد علی البلاطی' صفحہ ۱۷۵ تا ۱۷۸' عجیب بات یہ ہے کہ مقالہ نگار نے اس اہم عبارت پر کوئی تبصرہ نہیں کیا اور صرف یاقوت کے اس کلاسیکی متن کو نقل کرنے پر ہی اکتفا کیا کہ ''جیلان طبرستان کے آگے کئی شہروں کا نام ہے۔۔۔ اور ایک جیل بغداد سے قریب بھی واقع ہے'' ص ۷۸

اعتدال پسند مورخین

ابنِ تیمیہ 'الذہبی 'ابنِ کثیر اور ابنِ رجب:

ابن تیمیہ متوفی سن ۷۲۸ ہجری/۱۳۲۸ عیسوی 'الذھبی متوفی سن ۷۴۸ ہجری/۱۳۴۸ عیسوی 'ابنِ کثیر متوفی سن ۷۷۴ ہجری/۱۳۷۳ عیسوی اور ابنِ رجب متوفی سن ۷۹۵ ہجری/۱۳۹۲ عیسوی صاحبِ کتاب "ذیل علی طبقات الحنابلة" نے حضرت شیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ کی ولادت کے متعلق صراحت سے کچھ نہیں لکھا۔تاہم ان کی کتابوں سے صرف حضرت شیخِ جیلی کی شخصیت کے خصوص میں بشکلِ عام استفادہ کیا جاسکتا ہے[۱]۔اس عہد کی دیگر مصادر گو بکثرت ہیں لیکن یہ تمام کی تمام محض اسی طرز کی تکرار ہیں اور جو کچھ کتابیں بعد میں تحریر کی گئیں انہی سے اخذ شدہ معلومات پر مبنی ہیں۔ایسی کتابوں اور تصانیف کی ایک طویل فہرست مرتب کی جاسکتی ہے جو حضرت شیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ کی شخصیت پر ایک سخت گیر رویہ رکھتی ہیں۔ان میں سوائے مولف کے نام کے کچھ تبدیلی نہیں پائی جاتی۔تمام مضمون وہی ہوتا ہے صرف یہاں وہاں چند کلمات بدل دئے جاتے ہیں یا کچھ آگے پیچھے ہو جاتا ہے اور یہ حضرت شیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ کی سیرتِ مبارکہ پر کسی ظلم سے کم نہیں۔اس خصوص میں ہمیں پہلی خوش آئند تبدیلی ہمارے شیخ ڈاکٹر ماجد عرسان الکیلانی کی کتاب "هكذا ظهر جيل صلاح الدين" میں ملتی ہے۔

۱-السامرائی۔عبداللہ سلوم "الشیخ عبد القادر الجیلانی' تاج الاولیاء" ص۲۷

وضاحت

یہاں ہم یہ واضح کردیں کہ مورخین اور ماہرینِ جغرافیہ کے درمیان حضرت شیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ کے مقامِ ولادت پر اختلاف کے باوجود یہ بات مسلمہ ہے کہ جیلانِ طبرستان میں آپ کی ولادت کی روایت صحیح نہیں کیونکہ یہ بلا کسی تحقیق یا نظرِ ثانی کے صرف ایک روایت پر اعتماد کرتے ہوئے بالتواتر نقل کی جاتی رہی ہے جو بطورِ خبر کلاسیکی تاریخی تحریروں میں وارد ہوئی ہے۔

عراق کی تاریخی جغرافیہ کا ایک جائزہ

ما بین النہرین بلادِ عرب نچلے اور اوپری دو علاقوں میں منقسم ہے۔ نچلا علاقہ "عراق" سے موسوم ہے جو نہایت زرخیز اور رسوبی سرزمین ہے جبکہ اوپری علاقہ کو "الجزیرہ" کہتے ہیں جو پتھریلا میدان ہے اور فرات اور دجلہ اور ان دیگر نہروں سے گھرا ہوا ہے جن کا پانی اس علاقہ کے جنوبی حصہ میں گرتا ہے۔ عراق کے معنی جُرف یعنی نوکیلی چٹانوں یا ساحلی سرزمین کے ہوتے ہیں۔ عرب نے رسوبی علاقوں کو ارضِ سواد کا نام دیا تھا اور یہ اس قدر عام ہوا کہ "عراق" اور "سواد" مترادف الفاظ کی مانند ہو گئے۔

جہاں تک "جزیرہ" اور "عراق" کے علاقوں کی قدرتی حدود کا تعلق ہے تو یہ ایک لکیر ہے جو ٹکریٹ کے پاس دجلہ سے شروع ہوتی ہے اور مغرب میں فرات کی جانب ہوتے ہوئے نچلے حصہ پر کھنچتی چلی جاتی ہے۔اس لکیر کے جنوب سے سواد شروع ہوتا ہے۔

عرب مابین النہرین کی اراضی کی آبرسانی فرات کے پانی کو چند نہروں کی جانب موڑ کر کیا کرتے تھے جو فرات سے دجلہ کی جانب بہہ نکلتی تھیں اور اس علاقہ کی آبیاری کرتی تھیں۔ لیکن دجلہ کے مشرق میں واقع علاقہ یا تو ایران کی پہاڑیوں سے بہنے والی ندیوں سے فیضیاب ہوتا یا ان نہروں سے جو دجلہ سے مشرق کی طرف بہتی ہوئی واپس اس کی جانب لوٹ جاتی ہیں۔

فرات سے دجلہ کی جانب بہنے والی یہ چار نہریں ہیں:

- نہرِ عیسیٰ: جسے خلیفہ منصور نے شہرِ مدوّرہ کے دہانے پر قائم کیا تھا
- نہرِ صرصر: جو نہرِ عیسیٰ کے متوازی بہتی ہے
- نہر الملک: جس کے سواحل پر شہرِ "نہر الملِک" واقع ہے جو صرصر کے جنوب میں ہے
- نہرِ کوثی: جو نہر الملک کے نچلے علاقہ میں بہتی ہے

آخری دو نہریں قریہء "جیل" کے پاس سے نکلتی ہیں جو شہرِ "مدائن" کے نواح میں واقع ہے۔ بعض اقوال کے مطابق ان کی ابتداء اس مقام سے ہوتی ہے جہاں دجلہ اور نہرِ دیالی ملتی ہیں اور یہ ایک تاریخی مقام ہے جس سے متعدد علماء منسوب ہیں[1]۔

---

[1]۔ دیکھئے جواد' ڈاکٹر مصطفیٰ "سوسة"۔ ڈاکٹر احمد (۱۹۵۸)' "دليل خارطة بغداد المفصل في خطط بغداد قديماً و حديثاً" المجمع العلمی العراقی' بغداد' ص ۲۴۲-۲۴۳' ولسٹرانگ "بلدان الخلافة الشرقية" نہر عیسیٰ' ص ۸۴' نہر صرصر' ص ۵۰' نہر الملِک' ص ۹۳' نہر کوثی' ص ۹۴

تاریخ کی دشوار راہیں

الف۔ کڑیاں:

حضرت شیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ کی جیلِ عراق سے نسبت کی تاکید متعدد مورخین نے کی ہے جن میں قابل ذکر حسبِ ذیل ہیں:

- **ابن الجوزی۔ ان کی کتابوں "درر الجواهر من كلام الشيخ عبد القادر" اور "درر العقود[1]" میں**
- **شمس الدین بن ناصر الدمشقی۔ ان کی "تاریخ[2]" میں**
- **علی بن سعید۔ ان کی "الجغرافية[3]" میں**
- **الشطنوفی۔ "بهجة الأسرار و معدن الانوار" میں**
- **الیافعی۔ "الدر الفاخر فی مناقب الشيخ عبد القادر[4]" میں**
- **علامہ مصطفیٰ جواد۔ ان کی کتابوں "أصول التاريخ و الأدب" اور "مختصر الانساب[5]" میں**

۱۔ابن الجوزی۔" درر الجواهر من كلام الشيخ عبد القادر" کے بعض صفحات میں جو نادر مخطوطہ کی شکل میں علامہ سالم الالوسی کے پاس محفوظ ہے' ص ۳' اور اس کتاب اور اس کے قابل اعتماد ہونے کا ذکر التادفی نے "قلائد الجواهر" ص ۲۱ اور یوسف زیدان نے اپنی تحقیق "الدیوان" کے ص ۴۱ پر کیا ہے۔ "درر العقود" کے چند صفحات پر جو مخطوطہ حالت میں اسپین کے الاسکوریال El Escorial میوزیم میں نمبر ۸/۵۸۲ ورقہ ۹۸۱ کے تحت موجود ہے اور جس کی نقل سالم الالوسی کے پاس ہے۔

۲۔دیکھئے ڈاکٹر عبداللہ سلوم السامرائی کی کتاب "الشيخ عبد القادر الكيلانی' تاج الاولياء" ص ۱۹

۳۔ علی بن سعید۔ "الجغرافية" متصور مخطوطہ جس کے پہلے صفحہ پر تحریر ہے کہ یہ قرویین Qarawiyyin سے ہے اور بین قوسین تحریر ہے "كتاب فی الجغرافية لابن سعيد" اس کی کاپی ڈاکٹر علی البلاطی کے پاس موجود ہے۔ ورقہ ۹۵

۴۔الشطنوفی۔ "بهجة الأسرار و معدن الانوار" بتحقیق ڈاکٹر جمال الدین فالح الکیلانی' ص ۲۹۱' الیافعی اور ابن سعید۔ "خلاصة المفاخر فی مناقب الشيخ عبد القادر" مخطوطہ' پرنسٹن یونیورسٹی' تصویر کردہ السید عبدالستار ہاشم سعید الکیلانی' ورقہ ۱۲' البسطامی الحنفی۔ "الدر الفاخر فی مناقب الشيخ عبد القادر" ص ۷۵ و مابعدہ۔ اصل مخطوطہ سے رجوع کریں ورقہ ۸۷

۵۔جواد مصطفیٰ۔ حوالہء گزشتہ۔ ج ۳۲' ص ۷۴۳

- مورخ حسین علی محفوظ۔"سیرۃ حیاۃ[1]"میں
- مورخ جعفر خصباک۔ان کے مغل تسلط پر مطالعہ[2]میں
- مورخ عباس بن جواد الشافعی۔ان کی کتاب"نیل المراد فی تاریخ اھل بغداد[3]"میں
- ڈاکٹر خاشع المعاضیدی۔ان کی کتاب"اعالی الرافدین[4]"میں
- ترکی مورخ شمس الدین سامی۔اپنے انسائیکلوپیڈیا"قاموس الاعلام[5]"میں
- فرانسیسی مفکر ڈاکٹر محمد ارکون۔جریدہء"الشرق الاوسط"کے اپنے انٹرویو[6]میں
- مارکسی مفکر ہادی العلوی۔جریدہء"الحیاۃ الدولیۃ"کے اپنے مکالمہ[7]میں
- ڈاکٹر عبدالسلام رؤوف[8]

ان کے علاوہ بھی کئی اور حوالہ جات ہیں جن کا ذکر تفصیلی طور پر ڈاکٹر یوسف زیدان نے اپنی دو کتابوں"عبد الکریم الجیلی"اور"باز اللہ الاشھب[9]"میں اورڈاکٹر عماد عبدالسلام رؤوف نے عبدالکریم الجیلی پر اپنے مقالہ

۱۔ محفوظ حسین۔"سیرۃ حیاۃ"جو جریدہءالبیان'بغداد'عدد ۷۸۶میں حضرت عبدالقادر الجیلی رضی اللہ عنہ کی سیرت کے مخصوص صفحات پر شائع ہوئی۔

۲۔جعفر خصباک۔"الاحتلال المغولی للعراق(۶۵۶ہجری/۱۲۵۸ء) مقدماته و عوامله و وقائه"مجلۃ العلوم بغداد'عدد ۳'بغداد: مطبع رابطہ ۱۳۷۸ ہجری/۱۹۵۸ء'ص ۲۳

۳۔البغدادی'عباس۔"نیل المراد فی تاریخ اھل بغداد"مخطوط جسے اس کے مولف نے شعبان سن ۱۳۳۳ہجری میں ختم کیا'مخطوطہ محی ہلال السرحان'ورق ۶۵

۴۔المعاضیدی'خاشع۔"اعالی الرافدین"ج ۲'ص ۷۷

۵۔سامی شمس الدین۔"قاموس الاعلام"ص ۳۰۸۷

۶۔فرانسیسی جزائری مفکر ڈاکٹر محمد ارکون سے انٹرویو۔"الشرق الاوسط"۔۲۰۰۶/۵/۲۳ء۔انٹرویو کنندہ صلاح عواد'لندن

۷۔مکالمہ ڈاکٹر ہادی العلوی۔جریدہء"الحیاۃ الدولیۃ"۔سہ شنبہ'۲۳جولائی ۱۹۹۶ءموافق ۸ربیع الاول ۱۴۱۷ھ۔عدد ۱۲۲۰۲

۸۔شیخی واستاذی ڈاکٹر عماد عبدالسلام رؤوف کے ساتھ متعدد مکالمے

۹۔زیدان۔یوسف۔"عبد الکریم الجیلی"ص ۱۵

"**حفید الامام عبد القادر الجیلی و المولود فی جیل العراق ایضاً**"[1] میں اور دیگر افراد نے بھی کیا ہے۔ یہ تمام وسائل اس امر پر متفق ہیں اور یہ بات معروف ہے کہ حضرت شیخ عبدالقادر رضی اللہ عنہ اصل و فصل کے موضوع سے کوئی دلچسپی نہیں رکھتے تھے[2] اور شائد اسی وجہ سے آپ کی نسبت طبرستان سے کئے جانے کی راہ ہموار ہوئی کیونکہ آپ نے خود کبھی اس خصوص میں کوئی تشریح نہیں فرمائی۔ آپ کا موضوع آپ کا نسب تھا جو آپ کی شخصیت کے عین مطابق تھا جیسا کہ علامہ مصطفیٰ جواد نے تبصرہء کتاب "**تکملة اکمال الکمال**" میں تحریر کیا ہے اور دیگر مصادر و مراجع[3] میں بھی موجود ہے۔

ب۔ مردم شماری کے شواہد:

مشہور ماہرِ جغرافیہ یاقوت "**معجم البلدان**" میں لکھتے ہیں کہ "الجیل" بغداد کے عوامل میں المدائن کے ماتحت زرارین کے بعد واقع ایک قریہ ہے جسے "الکیل" بھی کہا جاتا ہے اور حجاج نے اسے "الکال" کا نام دیا تھا۔ چنانچہ وہ کہتا ہے:

لَعَنَ اللهُ لیلَتِي بِالکَالِ　　اِنَّھَا لَیلٌ تَعَّرَ اللَّیَالِي[4]

حضرتِ شطنوفی "**بھجة الأسرار و معدن الانوار**" میں فرماتے ہیں کہ "جیل دجلہ کے کنارے ایک دن کی مسافت پر مدائن کے ماتحت 'زرارین کے بعد واقع ایک قریہ ہے۔ یہیں شیخ الاسلام حضرت عبدالقادر کی ولادت ہوئی

ا۔ رؤوف 'عماد عبدالسلام۔ "عبد الکریم الجیلی" ص ۱۱ 'مجلة الاستاذ ' کلیة التربیة بغداد یونیورسٹی 'اشاعتِ ثانی

۲۔ ابن کثیر۔ حوالہء گزشتہ۔ ج ۹ 'ص ۱۵۵

۳۔ ابن الصابونی 'جمال الدین۔ "تکملة اکمال الکمال" ط بدون 'ج ا' (تحقیق و تبصرہ ڈاکٹر مصطفیٰ جواد) 'المجمع العلمی العراقی 'بغداد 'ص ۹۷-۹۸ 'ابن الاثیر۔ حوالہء گزشتہ۔ م ۹ 'ص ۲۲۵ 'اور دیکھئے ابن الوردی 'زین الدین عمر (متوفی ۷۴۹ ہجری/۱۳۴۸ عیسوی) "تتمة المختصر في أخبار البشر" (تاریخ ابن الوردی) 'تحقیق احمد رفعت البدراوی (دو حصے 'بیروت 'دار المعرفة ۱۳۸۹ ہجری/۱۹۷۰ عیسوی) 'ج ۲ 'ص ۲۶

۴۔ الحموی۔ حوالہء گزشتہ۔ ج ۲ 'ص ۲۶

اور آپ اسی سے منسوب ہوئے[1]۔ تاریخی ٹوپو گرافک معلومات کے مطابق یہاں زیادہ تر کُرد مہاجر سکونت پذیر ہیں جو وسیع و عریض کردستانِ کبریٰ 'خاص طور پر قبیلہء بشدر سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہ لوگ عجمی آریائی قوم سے ہیں جن کا اسلامی تاریخ و تمدن میں بڑا حصہ رہا ہے اور انہیں احتراماً قریشِ عجم کہا جاتا ہے"۔ اور یہی مورخ عباس العزاوی 'منشی البغدادی کے سفر نامے پر اپنے تبصرے میں اور روسی مستشرق باسل نیکٹن Basil Nikitin نے اپنی اہم کتاب "الکرد" میں تحریر کیا ہے اور یہی بات معروف کُرد مورخ اور وزیر محمد امین ذکی نے "رشید عالی الکیلانی" سے کہی تھی جب وہ اپنی کتاب "اعلام الکُرد" میں حضرت الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ کا ذکر کرنا چاہتے تھے لیکن رشید عالی الکیلانی نے کچھ سیاسی اسباب کے باعث ان سے اس موضوع کو ملتوی کرنے کی درخواست کی۔ دیگر مورخین نے بھی اس بات کا اثبات کیا ہے کہ آپ کی نشو نما کُرد ماحول میں ہوئی اور یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ اکراد حضرت امام عبد القادر رضی اللہ عنہ کو اپنے سر کردگان میں شمار کرتے ہیں[2]۔ اور یقیناً یہ بات کسی طرح آپ کے عالی حسنی نسب ہونے سے متصادم نہیں ہوتی۔

ج۔ دائرہء تکرار سے خروج:

مجموعی طور پر تمام ابتدائی حوالہ جات حضرت الشیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ کی جیل سے

۱۔ الشطنوفی؛ حوالہء گزشتہ۔ ص ۲۷ اور دیکھئے الباکوی 'عبد الرشید صالح بن نوری (جنہوں نے اپنی کتاب ۸۰۶ ہجری اور ۸۱۶ ہجری کے درمیان لکھی) "تلخیص الآثار و عجائب الملك القهار" ترجمہ بونیاتوف (ماسکو: مطبعۃ العلم ۱۹۷۱ء) ص ۳۴

۲۔ دیکھئے العزاوی 'عباس۔ "رحلة المنشي البغدادي" ۶۳ اور باسل نیکٹن Basil Nikitin "الکرد" ترجمہ صلاح برواری 'دار الروائع 'بیروت 'ص ۲۰۳ اور کمال مظہر احمد۔ "کردستان" ترجمہ محمد ملا عبد الکریم بیارہ 'دار آفاق عربیہ 'بغداد '۱۹۸۴ء ص ۱۰۶ '۱۶۱ '۲۰۴-۲۰۵ اور اسی طرح شرفخان البدلیسی (۱۰۰۵ھ/۱۵۹۶ء) "الشرفنامه في تاريخ الدول و الامارات الكردية" ترجمہ محمد جمیل بندی روزبیانی (بغداد 'مطبعۃ النجاح '۱۳۷۳ھ/۱۹۵۳ء) ج ۱ 'ص ۲۲ '۲۴ اور دیکھئے محمد امین ذکی۔ "تاريخ الدول و الأمارات الكردية في العهد الاسلامي" ترجمہ محمد علی عونی (قاہرہ۔ مطبعۃ مصر '۱۳۶۸ھ/۱۹۴۸ء) 'ص ۱۲۶ '۱۲۷ اور الامدی 'سیف الدین۔ "المدارس الصوفية و دورها الاصلاحي" جریدۃ الاتحاد 'عدد ۹۸ اور یہ معروف ہے کہ "اکراد فخر کرتے ہیں کہ آپ کی ولادت اور پرورش ان کے درمیان ہوئی۔ وہ یہ بات جانتے ہیں اور اسی پر عمل پیرا ہیں"۔ ڈاکٹر کمال مظہر احمد سے ملاقات بتاریخ ۱۹۹۸/۱۱/۸ء اور عراق کے سابق وزیرِ اعظم رشید عالی الکیلانی کی صاحبزادی امل رشید الکیلانی سے ملاقات بتاریخ ۱۹۹۹/۶/۱۳ء اور دیکھئے The Encylopedia of Islam, M. Th. Houtsma, Volume II, Printed by E.J.Brill, Leyden 1927, Page 1140

نسبت کے قائل ہیں'اور یہ وہی جیلان ہے جو عراق میں واقع ہے اور اسی نسبت سے آپ ملقب ہوئے اور اپنے معاصرین میں بھی اسی لقب سے معروف رہے[1]۔ یہ حقیقت ہے کہ دنیامیں ایسے متعدد مقامات ہیں جو "جیلان" کے نام سے موسوم ہیں۔ ان میں جیلانِ عراق'جیلانِ ایران'ترکی میں واقع جیلان'کوسوفو میں موجود جیلان اور مصر کا شہر جیلان شامل ہیں[2]۔ لیکن جو لوگ آپ کو جیلانِ طبرستان سے منسوب کرتے ہیں وہ اس پر متردد نظر آتے ہیں کہ آپ کو وہاں کے کس قصبہ سے منسوب کریں۔ کبھی آپ کو "نیف"[3] سے منسوب کر دیا جاتا ہے' کوئی آپ کا تعلق "بشتیر"[4] سے بتاتا ہے تو کوئی آپ کی نسبت "بنبق"[5] سے کر دیتا ہے۔ پھر وہ لوگ بھی ہیں جو آپ کو "کیلانِ غربی" یا "رشت" یا "آمل" یا مشرقِ اسلامی میں واقع "مازندان" یا "شہربان" (موجودہ المقدادیہ) کے قریب واقع قریہء "جیل" یا عراق میں "کفریٰ" کے قریب موجود "کیل" یا المدائن سے قریب واقع "جیل" یا کسی اور مقام سے متعلق بتاتے ہیں۔ یہ اس بات پر دلیل ہے کہ یہ موضوع ابتداء ہی سے الجھن کا باعث بنا رہا ہے[6]۔ مورخینِ معاصرین نے اس بات پر فوکس کیا کہ مذکورہ مقامات میں سے کس مقام سے آپ کی نسبت ہے۔ ان میں حسب ذیل مورخین شامل ہیں:

- ڈاکٹر کامل مصطفیٰ الشیبی۔ جنھوں نے اپنی اسٹڈی میں متعدد روایات پیش کی ہیں[7]

۱۔ جواد مصطفیٰ۔ حوالہء گزشتہ'ج ۱'ص ۹۹'تاریخِ اسلامی کے ابتدائی مصادر الجیلانی اور الجیلی میں فرق یوں بتاتے ہیں کہ الجیلانی ہر وہ فرد ہے جس کی نسبت جیلان سے ہے جب کہ الجیلی وہ افراد ہیں جو ان مہاجرین کی اولاد ہیں جنھوں نے جیلان سے ہجرت کی۔ دیکھئے الکتبی'ابن شاکر؛ "فوات الوفیات" ج ۲/ص ۴'اور زیدان "عبد الكريم الجيلي" ص ۱۳-۱۵'اور "باز الله الاشهب" ص ۲۶

۲۔ مونس'حسین۔ "أطلس تاريخ الاسلام" ص ۱۱۴ اور انٹرنیٹ پر ان شہروں کے متعلق متعدد سائٹس دیکھی جا سکتی ہیں۔

۳۔ التادفی۔ حوالہء گزشتہ'ص ۸۸

۴۔ الفیروز آبادی۔ "القاموس" ج ۴'ص ۶۱۲

۵۔ القزوینی۔ "آثار البلاد" ص ۲۳۴

۶۔ الشیبی'مصطفیٰ کامل۔ "الشيخ عبد القادر الكيلاني' المامات بشخصيته و فكره التربوي" ص ۶'اور دیکھئے القادری'البودشیشی۔ "عبد القادر' دفاع عن الطرق الصوفيه" مجلہ دعوۃ الحق'مراکش'عدد ۹۵'اور
"Biographical Encyclopaedia of Sufis: Central Asia and Middle East", pg 123, Vol 2. Hanif N. Sarup and Sons. (2002) ISBN 81-7625-266-2, 9788176252669 Abd al-Kadir Al-Djilani, W.Braune, "The Encyclopaedia of Islam", Vol. I, ed. H.A.R Gibb, J.H.Kramers, E. Levi-Provencal, J. Schacht, (Brill, 1986), 69

۷۔ الشیبی'مصطفیٰ کامل۔ حوالہء گزشتہ'ص ۳۲

- ڈاکٹر عبداللہ السامرائی۔ جنہوں نے اپنی کتاب "الشیخ عبد القادر الکیلانی تاج الاولیاء" میں جیلان کے محل وقوع پر ایک مکمل باب تحریر کیا جس میں وہ اس نتیجہ پر پہنچے کہ اس موضوع پر مورخین میں واضح اختلاف پایا جاتا ہے[1]۔
- ڈاکٹر صادق جعفر سہیل۔ جنہوں نے دونوں اقالیم کا بیک وقت تذکرہ کیا ہے
- جعفر موسیٰ علیوی۔ جنہوں نے اس موضوع پر بہت ساری روایات پیش کی ہیں[2]۔

اگر کوئی الدروبی کی "تاریخ شیخ الاسلام عبد القادر و اولادہ" کی ورق گردانی کرے تو وہ آپ کے مقامِ ولادت کے متعلق کئی روایات دیکھ سکتا ہے جن میں جیلِ عراق کی روایت کو واضح ترجیح دی گئی ہے[3]۔اور حضرت امام عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ کی سیرت کا مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے اپنی ابتدائی عمر کا اکثر حصہ جیلِ عراق میں بسر کیا اور وہیں زیادہ تر سیر و سیاحت فرمائی[4] اور یہ محض اتفاق نہیں بلکہ اس پر دلالت کرتا ہے کہ آپ کا اس سرزمین سے گہرا تعلق ہے۔ یہی فلسفہء مکانی ہے۔استاذ علاء اللامی نے اپنی کتاب "السرطان المقدس" میں تاریخِ عراق پر کئی صفحات لکھے ہیں۔ وہ اپنے استادِ محترم معروف عراقی مفکر ہادی العلوی سے نقل کرتے ہیں کہ لفظ "الجیلی" عہدِ متاخر میں "الکیلانی" میں تبدیل ہو گیا اور اس کی کوئی دلیل ہے تو یہی کہ اصل لفظ الجیلی ہے اور یہ اسی کی جانب نسبت ہے[5]۔اور یہی رائے عظیم ماہرِ سماجیات ڈاکٹر علی الوردی کی ہے جو ان عراقی مورخین کی مذمت کرتے تھے جنہوں نے حضرت الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ کی طبرستان میں ولادت کی روایت اپنائی ہے اور وہ اس پر افسوس کیا کرتے تھے[6]۔

حضرت الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ لقب الجیلی سے ابتدائی دور میں ہی ملقب ہو چکے تھے۔ آپ

۱۔السامرائی'عبداللہ۔ حوالہء گزشتہ'ص۱۸

۲۔ سہیل'صادق جعفر۔"عبد القادر الجیلانی' فکرہ الصوفی"ص۲۶

۳۔الدروبی۔ حوالہء گزشتہ'ص۱۵

۴۔التادفی۔ حوالہء گزشتہ'ص۴۳'اورالشوکانی'محمد بن علی بن محمد (متوفی ۱۲۵۰ھ/۱۸۳۴ء)""البدر الطالع"ج ا'دارالکتب للطباعہ'قاہرہ'۱۹۴۱ء؛ص۲۶

۵۔اللامی'علاء۔"السرطان المقدس"ص۶۴

۶۔الوردی'علی۔ آرٹس کالج بغداد یونیورسٹی میں منعقدہ لیکچر بتاریخ ۱۹۹۵/۱/۱۹ءاور اسی روز راقم الحروف کی ان سے ڈاکٹر علی نشمی حمیدی کی موجودگی میں ملاقات

کی جیلِ عراق سے نسبت کا ذکر ابن الجوزی نے بھی کیا ہے اور وہ جیسا کہ ہم پہلے بتا چکے ہیں آپ کے ہم عصر تھے۔

ابن اثیر[1]' ابن کثیر[2]' ابن شاکر[3]' ابن خلکان[4] اور دیگر کئی مورخین نے بھی اس کا ذکر کیا ہے۔ ان میں اہم ترین السید شرف الدین الکیلانی ہیں جنھوں نے اپنی کتاب "تاریخ النقباء" میں اس بات کی تاکید کی ہے کہ آپ جیلِ عراق سے منسوب تھے[5]۔ لیکن انہوں نے آگے چل کر تحریر کیا ہے کہ آپ جیلِ عراق سے وہاں زیادہ وقت بسر کرنے کے باعث منسوب تھے ولادت کی وجہ سے نہیں[6]۔ یہ تحقیق کے طریقِ کار سے میل نہیں کھاتا اور نہ ہی اسے منطقی طور پر تسلیم کیا جاسکتا ہے۔ آپ کی جیلِ عراق میں موجودگی آپ کے اس مقام سے گہرے تعلق کی دلیل ہے۔ مستشرقین Orientalists کے منجملہ فرانسیسی مستشرق پروفیسر جاکلین شابی (Jacqueline Chabbi) نے آپ کی بلادالرافدین میں ولادت کی صاف وصریح روایت کا واضح اشارہ دیا ہے اور اسی سے جرمن مستشرق پروفیسر این میری شیمل Annemarie Schimmel بھی متفق ہیں جنہوں نے حضرت الشیخ عبدالقادر الجیلی رضی اللہ عنہ کو اسلام کا عظیم ومقبول ترین ولی مانا ہے[7]۔

۱-ابن الاثیر۔ حوالہء گزشتہ' ج۹' ص ۵۷۱

۲-ابن کثیر۔ حوالہء گزشتہ' ج۱۲' ص ۲۵۴

۳-ابن شاکر۔ "عیون التاریخ" ج۱۲' ص ۱۱۶

۴-ابن خلکان۔ حوالہء گزشتہ' ج۶' ص ۱۶۹

۵-الکیلانی' شرف الدین۔ "تاریخ النقباء" ص ۳۰

۶-الکیلانی' شرف الدین۔ حوالہء گزشتہ' ص ۳۱۔ یہ صرف اختلافِ رائے ہے اور اس سے مولفِ کتاب کی منزلت کم نہیں ہوتی۔ اس کتاب کی نشرواشاعت کتاب "تحفة الأبرار" کے ساتھ ہوئی

۷-شابی' جاکلین۔ حوالہء گزشتہ؛ ص۹ اور
The Cambridge History of Iran. Boyle. J. A -5 Volume (Cambridge, University printer, 1388. A. H 1968.A .C) vol. 5

فیصلہ کن پیش رفت

یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ علامہ سالم الالوسی فرماتے ہیں کہ عراق کے سابق صدر احمد حسن بکر نے اپنی صدارت کے ابتدائی دور میں مملکتِ ایران سے خلیفہ ہارون الرشید کی باقیات عراق کو لوٹانے کا مطالبہ کیا کیونکہ وہ بغداد کے سنہری دور کی نشانی ہے۔ اور یہ انہوں نے معروف مورخ عبد الجبار الجومرد الموصلی مرحوم کی خواہش پر کیا تھا جو عراق کے سابق فوجی کمانڈر عبد الکریم قاسم کے دور میں وزیر اور مشہور کتاب "هارون الرشيد" کے مصنف تھے[1]۔ لیکن مملکتِ ایران نے اس مطالبہ کو خارج کر دیا اور اس کے بدلہ میں حضرت الشیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ کی باقیات کی ایران کو واپسی کا مطالبہ اس حجت پر کیا کہ آپ کیلان 'ایران میں تولد ہوئے تھے۔ اس پر صدرِ عراق نے علامہ ڈاکٹر مصطفی جواد[2] سے اس کی وضاحت طلب کی۔ مصطفی جواد مرحوم نے اس کے جواب میں وضاحت کی کہ جو حوالے یہ بتاتے ہیں کہ حضرت الشیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ کی ولادت کیلانِ ایران میں ہوئی ان تمام کا ایک ہی روایت پر اعتماد ہے جو بغیر کسی تحقیق کے نقل ہوتی آئی ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ آپ کی ولادت المدائن کے قریب واقع قریہ "الجیل" میں ہوئی اور یہ صحیح نہیں کہ آپ ایران میں پیدا ہوئے تھے یا آپ کے کسی جد کا نام جیلان تھا۔ اسی بات کی تاکید ڈاکٹر حسین علی محفوظ[3] نے تاریخی معرکہء جلولاء کے جاودانی میلہ میں کی تھی جس کا اہتمام ۱۹۹۶ء میں عرب مورخین نے شہرِ جلولاء (Jalawla) میں کیا تھا اور جس میں آلوسی کے بشمول دیگر عراقی مورخین کی ایک کثیر تعداد بھی موجود تھی۔ یہ بات حکومتِ ایران کو بتادی گئی اور پھر عرب ممالک کی مداخلت کے بعد یہ موضوع بند ہو پایا[4]۔

۱۔ الجومرد'عبد الجبار۔ "هارون الرشيد" ص ۵۳۱

۲۔ سالم الالوسی۔ "من اوراق سالم الالوسی" (جوان کے پاس محفوظ ہے) ص ۷۲

۳۔ علامہ حسین علی محفوظ سے ۱۹۹۶/۱۰/۲۳ء کو اور اس کے بعد متعدد ملاقاتیں

۴۔ علامہ سالم الالوسی سے ۱۹۹۶/۹/۱۲ء اور اس کے بعد متعدد ملاقاتیں

خاتمہ

اس کوشش کے بعد میرا یقین پختہ ہو گیا کہ ہمارے ثقافتی ورثہ پر دو جہتوں میں تحقیق و تخصیص کی ضرورت ہے:

ایک: اس کی بشکلِ عام وضاحت و فہرست نویسی تا کہ ہمیں اس کے محتویات کا کماحقہٗ پتہ چلے۔ یہ خاص طور پر اس لئے ضروری ہے کہ ہمارے پیشرو علماء نے اس کو مجموعی طور پر ہی تحریر کیا ہے جس کے باعث متلاشیانِ حقیقت کو ان کی کتابوں میں غیر مدلل باتیں ملتی ہیں جو اکثر عنوانِ کتاب سے ہی ٹکرا جاتی ہیں۔

دوسرے: اس کا صحیح طور سے مطالعہ اور تدقیق جو اس پر پہلے نکالے گئے نتائج کی مذہبی بنیاد یا کسی شخصی تاثر کے زیرِ اثر غیر ضروری تعریف یا مذمت سے دور ہو اور صرف اس ثقافتی ورثہ میں مخفی حقایق سے آگاہی کے مقصد کے تحت کی جائے۔ یہ بات ہمارے پیش نظر رہے کہ ہم سب ایک ہی تہذیب سے متعلق اور مشترکہ اقدار کے حامل ہیں اگرچیکہ ہمارے درمیان بعض اجتہادی امور میں اختلاف ممکن ہے جو متطلباتِ زمانہ اور بدلتے اندازِ زندگی کے باعث ہو سکتا ہے اور جس کی اجازت دائرہءاسلام میں جائز آزادیءفکر کی حدود میں موجود ہے۔

اس تہذیب و ثقافت کے مطالعہ کے وقت ہمیں یاد رکھنا ہو گا کہ نصِ قطعی جو وحیءالٰہی سے مستمد ہونے کے باعث مقدس و معصوم ہوتی ہے اس میں اور اس نص میں بڑا فرق ہوتا ہے جو حیاتِ بشری کے قوانین کے تابع اور تغیرات 'ترمیمات اور اندازِ فہم کے زیرِ اثر مبنی بر خطا و صواب ہوتی ہے۔

جو کچھ اوراقِ گزشتہ میں بیان کیا جا چکا ہے اس سے صاف ظاہر ہو جاتا ہے کہ حضرت امام عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ کی ولادت و وفات عراق میں ہوئی اور یہی تاریخی اور جغرافیائی حقیقت ہے جو تحقیق تاریخ کے ضمن میں ابتدائی اور حضرت شیخ جیلی رضی اللہ عنہ کے عہد کے حوالوں کی روشنی میں 'ان مخطوطات کی ضوفشانی میں جو حال ہی میں سامنے آئے ہیں اور عراقی مدرسہءتاریخِ جدید کے علمائے کبار کی آراء کے بموجب ثابت ہو چکی ہے۔ اور اس تحقیق کی اشاعت کا مقصد اس تاریخی شعور کو سامنے لانا ہے کہ بعض موضوعات اگرچہ ان کی اہمیت

سے انکار نہیں کیا جاسکتا' مہمل ہیں اور تا کہ یہ نادر حقیقتیں ایک طویل مدت تک عوام النّاس کی نگاہوں سے اوجھل ہونے کے بعد بے نقاب ہو جائیں۔

یہ ایک درسِ عبرت ہے جس کا خلاصہ اسلامی تاریخ کے گہرے مطالعہ کے باعث ممکن ہو پایا ہے تو کیا یہ ممکن نہیں کہ ہم اسے کماحقہٗ سمجھیں اوراس سے استفادہ کرتے ہوئے اس تاریخ کے پہیئے کو آگے کی جانب حرکت دیں۔

اہم ذرائع اور حوالہ جات کی فہرست

- القرآن الکریم

الف- مخطوطات

۱- الالوسی' شہاب الدین ابو الثناء۔۔ (متوفی ۱۲۷۰ ہجری/۱۸۵۴ء)۔"الطراز المذھب فی شرح باز الأشھب" المکتبة القادریه بغداد میں موجود مخطوطہ- نمبر ۱۴۰۵

۲- امام شطنوفی' علی بن یوسف۔۔ (متوفی ۷۱۳ ہجری/۱۳۱۳ء)۔"بھجة الأسرار"۔المکتبة القادریه بغداد میں موجود مخطوطہ- نمبر ۱۵۶۰

۳- امام شطنوفی' علی بن یوسف۔۔ (متوفی ۷۱۳ ہجری/۱۳۱۳ء)۔"بھجة الأسرار"۔ دار المخطوطات بغداد میں موجود مخطوطہ- نمبر ۳۲۱۶

۴- النووی' یحییٰ بن شرف۔۔ (متوفی ۶۷۶ ہجری/۱۲۷۷ء)۔"بستان العارفین"۔المکتبة القادریه بغداد میں موجود مخطوطہ۔ نمبر ۹۳۲

۵- الھروی' علی بن سلطان القاری۔۔ (متوفی ۱۰۱۴ ہجری/۱۶۰۵ء)۔(جو سلطنتِ عثمانیہ کے معروف علماء سے تھے)۔"نزھة الخاطرفي ترجمة الشیخ عبد القادر"۔المکتبة القادریه بغداد میں موجود مخطوطہ۔ نمبر ۷۲۴

۶- الکیلانی' فالح نصیف الحجیہ الکیلانی۔۔ (۱۹۴۴ء۔۔)۔"شرح دیوان السید الشیخ عبد القادر الجیلانی"۔ مولف کے پاس موجود مخطوطہ۔۷۲۶

۷- القادری' ظہیر الدین۔۔ (؟؟؟؟)۔"الفتح المبین"۔ محی ہلال السرحان کا مخطوطہ

۸- مولف مجہول۔۔"انساب الطالبین"۔ سالم الالوسی کا مخطوطہ

۹-قطب الدین موسیٰ بن محمد الیونینی۔۔(۷۲۶ ہجری)۔"**مناقب الشیخ عبد القادر**"۔اسپین میں اسکوریال لائبریری میں موجود مخطوطہ نمبر ۲/۱۴۱۷۔ تصویر کردہ ڈاکٹر محی ہلال السرحان

۱۰-العمری'ابو الحسن۔۔(؟؟؟؟)۔"**المجدی فی النسب**"۔مکتبۃ الاسکندریہ'مصر میں موجود مخطوطہ نمبر ۳۷۴۲

۱۱-الکیلانی'علاء الدین۔۔(؟؟؟؟)۔"**تحفة الابرار و لوامع الابرار**"۔پرنسٹن یونیورسٹی امریکہ میں موجود مخطوطہ۔ تصویر کردہ ریٹائرڈ بریگیڈیر انجینئر السید عبد الستار ہاشم سعید الکیلانی

۱۲-ابن الوردی۔۔(متوفی ۷۴۹ ہجری)۔ مخطوطہ "**خریدة العجائب و فریدة الغرائب**"۔نسخہ سالم الالوسی

۱۳-جواد مصطفیٰ۔۔(۱۹۹۶)۔"**اصول التاریخ و الادب**"۔۲۴ جلدوں پر مشتمل مخطوطہ جس میں بیشتر نادر و نایاب مخطوطات کی نقل ہے اور جو ان کے صاحبزادے جواد مصطفیٰ جواد کے پاس محفوظ ہے'اور مخطوطہ "**مختصر الانساب**"جو ڈاکٹر حسین علی محفوظ کی ملکیت ہے اور ان کی کتاب"**فی التراث العربی**" تحقیق محمد جمیل شلش اور عبد الحمید العلوجی'نشر کردہ وزارۃ الاعلام بغداد ۱۹۷۷ء

۱۴۔ابن الجوزی۔۔(متوفی ۵۹۷ ہجری/۱۲۰۱ء)۔"**درر الجواهر من كلام الشيخ عبد القادر**"۔چند صفحات پر مشتمل نادر مخطوطہ جو علامہ سالم الالوسی کے پاس موجود ہے۔ صفحہ ۳۔اور اس کتاب کا ذکر التادفی نے"**قلائد الجواهر**"میں صفحہ ۲۱ پر'یوسف زیدان نے"**الديوان** "پر اپنی تحقیق میں صفحہ ۱۴۱ پر اور"**درر العقود**"مخطوطہ اسکوریال نمبر ۸/۵۸۲(نقل کردہ سالم الالوسی) کے ورقہ ۹۸۱ پر کیا ہے

۱۵-الیافعی'ابن سعد الجوزی۔۔(متوفی ۷۶۸ ہجری)۔"**خلاصة المفاخر في مناقب الشيخ عبد القادر**"۔ پرنسٹن یونیورسٹی میں موجود مخطوطہ۔ تصویر کردہ السید عبد الستار ہاشم سعید الکیلانی

۱٦-البغدادی'عباس۔۔(؟؟؟؟)۔"نیل المراد فی تاریخ اهل بغداد"۔ منفرد مخطوطہ جسے مولف نے شعبان ۱۳۳۳ہجری میں مکمل کیا۔ مخطوطہ محی ہلال السرحان

ب-عربی وسائل

۱-ابن الاثیر'محی الدین المبارک بن محمد الجرزی۔۔ (متوفی ٦۳۰ہجری/۱۲۰۸ء)۔"الکامل فی التاریخ"۔ ج۹'دار صادر بیروت ۱۹۷۵ء

۲-ابن ایاس'محمد بن احمد الحنفی۔۔(متوفی ۹۳۰ہجری/۱۵۲۳ء)۔"بدائع الظهور فی وقائع الدهور"۔ تحقیق محمد مصطفی'دار الکتب'قاہرہ'۱۹۵۲ء

۳-ابن تغری بردی'جمال الدین ابوالمحاسن یوسف۔۔(متوفی ۸۷۴ہجری/۱۴٦۹ء)۔"النجوم الزاهرة فی اخبار مصر و القاهرة"۔دارالمعارف'قاہرہ

۴-ابن تیمیہ'ابوالعباس احمد بن عبدالحلیم۔۔(متوفی ٦۸۷ہجری/۱۳۲۷ء)۔"الفتاویٰ"۔المکتبة السلفیه' ریاض'۱۹٦۰ء

۵-ابن الجرزی'ابوالخیر محمد بن محمد۔۔(متوفی ۸۳۳ہجری/۱۴۲۹ء)۔"غایة النهایة"۔ج۱'قاہرہ'۱۹۳۲ء

٦-ابن الجوزی'جمال الدین ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی بن محمد۔۔(متوفی ۵۹۷ہجری/۱۲۰۱ء)۔"المنتظم فی تاریخ الملوک و الامم"۔ط۱'مطبوعہ دائرۃ المعارف الاسلامی۔حیدرآباد'۱۹٦۹ء

۷۔ابن حجر'شہاب الدین ابوالفضل احمد بن محمد بن علی العسقلانی۔۔(متوفی ۸۵۳ہجری/۱۴۴۹ء)۔"الدرر الکامنة"۔ج۳'مطبوعہ حیدرآباد'ہند'۱۹۲۹ء

۸۔ابن حزم'ابو محمد علی بن سعید الاندلسی۔۔(متوفی ۹۵٦ہجری/۱۲۰۴ء)۔"جمهرة أنساب العرب"۔ تحقیق عبدالسلام محمد ہارون'دار المعارف'قاہرہ'۱۹٦۷ء

۹- ابن خلکان' ابو العباس شمس الدین احمد بن محمد بن ابی بکر۔۔(متوفی ۶۸۱ہجری/۱۲۸۲ء)۔"وفیات الأعیان و أنباء ابناء الزمان"۔ تحقیق احسان عباس'دار الثقافه'بیروت'۱۹۷۲ء

۱۰-ابن الدبیثی'محمد بن سعید بن محمد۔۔(متوفی ۶۳۷ہجری/۱۲۳۹ء)۔"المختصر المحتاج الیه من تاریخ بغداد، انتقاع الذهبی"۔ تحقیق مصطفیٰ جواد'مطبعة المجمع العلمی العراقی'بغداد'۱۹۵۲ء

۱۱-ابن رجب' زین الدین ابو الفرج عبد الرحمٰن بن شهاب الدین الحنبلی۔۔(متوفی ۷۹۵ہجری/۱۳۹۲ء)۔"الذیل علی طبقات الحنابلة"۔ج۱-۲'مطبعة الحلبی'قاہرہ'۱۹۵۲ء

۱۲-ابن الصابونی'جمال الدین۔۔(متوفی ۶۸۰ہجری/۱۲۸۳ء)۔"تکملة إکمال الإکمال"۔ تحقیق مصطفیٰ جواد'مطبعة المجمع العلمی العراقی'بغداد'۱۹۵۷ء

۱۳۔ابن عربی'محی الدین۔۔(متوفی ۶۳۸ہجری/۱۲۴۰ء)۔"الفتوحات المکیة"۔ تحقیق عثمان یحییٰ'ج۶' داراحیاءالتراث العربی'بیروت'۱۹۹۴ء

۱۴-ابن العماد'ابوالفلاح عبدالحق الحنبلی۔۔(متوفی ۱۰۸۹ہجری/۱۶۷۸ء)۔"شذرات الذهب فی اخبار من الذهب"۔ج۴-۵'مکتبة المقدسی'قاہرہ'۱۹۲۹ء

۱۵- ابن الکازرونی' ظهیر الدین علی بن محمد۔۔(متوفی ۶۹۷ہجری/۱۲۹۷ء)۔"مختصر التاریخ"۔ تحقیق مصطفیٰ جواد'مطبعة الحکومة' بغداد'۱۹۷۰ء

۱۶-ابن کثیر'اسماعیل بن عمر ابوالفداء۔۔(متوفی ۷۷۴ہجری/۱۳۷۲ء)۔

أ-"البدایة و النهایة"۔ج۶'مطبعة السعادة'مصر'۱۹۶۸ء

ب-"تفسیر القرآن العظیم"۔ج۱۳'مکتبة دار التراث'قاہرہ'۱۹۷۲ء

۱۷-ابن ہشام' ابو محمد عبد الملک ایوب الحمیدی۔۔(متوفی ۲۱۸ہجری/۸۲۰ء)۔"السیرۃ النبویة"۔ ج۳'
تحقیق محمد محی الدین عبدالمجید' دارالفکر للطباعة' بیروت' ۱۹۶۶ء

۱۸- ابو شامہ ' شہاب الدین ابو محمد عبد الرحمٰن۔۔ (متوفی ۶۶۵ہجری/۱۲۶۹ء)۔"الروضتین فی اخبار
دولتین"۔ المؤسسة المصرية للتأليف و النشر' قاہرہ' ۱۹۶۲ء

۱۹-البغدادی' ابو الفرج عبد الرحمٰن بن شہاب الدین احمد بن رجب الحنبلی۔۔ (متوفی
۷۹۵ہجری/۱۳۹۲ء)۔"ذیل طبقات الحنابلة"۔ مطبعة السنة المحمدية' قاہرہ' ۱۹۵۲ء

۲۰۔البغدادی' ابو منصور عبدالقاہر بن طاہر۔۔(متوفی ۴۲۹ہجری/۱۰۳۱ء)۔"الفرق بین المذاھب"۔ دار
الجیل' بیروت؛۱۹۶۵ء

۲۱-التادفی' محمد بن عیسیٰ۔۔(متوفی ۹۶۳ہجری/۱۴۶۵ء)۔"قلائد الجواهر فی مناقب عبد القادر"۔دار
الباز' فلوریڈا' امریکہ' ۱۹۹۸ء

۲۲-التوخی' ابو علی المحسن بن علی۔۔(متوفی ۳۸۴ہجری/۹۹۴ء)۔"الفرج بعد الشدة"۔دار صادر' بیروت'
۱۹۷۸ء

۲۳-الجیلانی' محی الدین ابو محمد عبدالقادر بن ابی صالح موسیٰ بن عبداللہ۔۔(متوفی ۵۶۱ہجری/۱۲۶۲ء)۔
اَ۔"فتوح الغیب"۔مطبعة الحلبی' قاہرہ' ۱۹۶۰ء
ب-"الغنية لطالبي طريق الحق"۔ تحقیق فرج توفیق الولید' ج۳' دارالفکر' بیروت' ۱۹۹۵ء
ج-"الفتح الربانی و الفیض الرحمانی"۔دارالجمیل' جرمنی' ۱۹۹۷ء
د-"تفسیر الجیلانی"۔ باہتمام فاضل جیلانی' دار الکتب العلمیة' بیروت' ۲۰۰۷ء
ذ-"دیوان عبد القادر الجیلانی"۔ تحقیق یوسف زیدان' دارالجیل' ۱۹۸۳ء

۲۴-حاجی خلیفہ'مصطفٰی بن عبداللہ۔۔(متوفی۱۰۶۷ہجری/۱۶۵۶ء)۔"کشف الظنون"۔مکتبۃ اسماعیلیان' تہران'۱۹۴۷ء

۲۵-الحموی' یاقوت 'شہاب الدین ابو عبد اللہ یاقوت بن عبد اللہ البغدادی ۔۔ (متوفی ۶۲۶ہجری/۱۲۲۹ء)۔"معجم البلدان"۔ج۵'بیروت'۱۹۵۶ء

۲۶۔الذھبی'شمس الدین محمد بن احمد بن عثمان۔۔(متوفی۷۴۸ہجری/۱۳۴۷ء)۔

اَ۔"سیر أعلام النبلاء"۔ج۱۲-۱۳'دار الرسالة للطباعة'بیروت'ط۴'۱۹۸۶ء

ب-"العبر فی خبر من غبر"۔ تحقیق صلاح الدین المنجد'وزارۃ الارشاد'کویت'۱۹۶۳ء

ج-"المختصر المحتاج الیه"۔ تحقیق مصطفٰی جواد'مطبعة المعارف'بغداد'۱۹۵۱ء

۲۷-الزبیدی'محمد مرتضٰی۔۔(متوفی۱۲۰۵ہجری/۱۷۹۰ء)۔

اَ۔"تاج العروس فی شرح جواهر القاموس"۔مطبعة الکویت'کویت'۱۹۸۰ء

ب-"اتحاف السعادة للمتقین فی شرح احیاء علوم الدین"۔ج۱'المطبعة الملکیة'مراقش' ۱۹۳۶ء

۲۸- سبط ابن الجوزی'یوسف۔۔ (متوفی ۶۵۴ہجری/۱۲۵۶ء)۔"مرآۃ الزمان"۔ مطبوعہ حیدرآباد' ہند' ۱۹۳۶ء

۲۹- السبکی' تاج الدین عبد الوہاب بن علی بن عبد الکافی۔۔ (متوفی ۷۷۱ہجری/۱۳۶۹ء)۔"طبقات الشافعیة"۔مطبعة عیسیٰ الحلبی'قاہرہ'۱۹۶۵ء

۳۰-السہروردی'عمر بن محمد بن عبداللہ البکری۔۔(متوفی ۶۳۲ہجری/۱۱۳۴ء)۔"عوارف المعارف"۔دار الکتاب العربی للطباعة'بیروت'۱۹۶۶ء

۳۱-السیوطی 'جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر۔۔(متوفی ۹۱۱ہجری/۱۵۰۵ء)۔

أ۔''تاریخ الخلفاء''۔ تحقیق محمد محی الدین عبدالمجید 'مطبعة الاستقامة' قاہرہ' ۱۹۳۴ء

ب۔''حسن المحاضرة''۔ج ا'مطبعة الحلبی' قاہرہ' ۱۹۰۰ء

۳۲۔السمعانی 'عبدالکریم بن محمد۔۔(متوفی ۵۰۶ہجری/۱۸۸۰ء)۔''کتاب الانساب''۔ تحقیق مرجلیوث' مطبعة بریل 'لیڈن Leiden' ۱۹۱۲ء

۳۳۔الشوکانی' محمد بن علی بن محمد۔۔(متوفی ۱۲۵۰ہجری/۱۸۳۴ء)۔''البدر الطالع''۔ج ا' دار الکتب للطباعة' قاہرہ' ۱۹۴۶ء

۳۴-الطبری 'ابوجعفر محمد بن جریر۔۔(متوفی ۳۱۰ہجری/۹۱۲ء)۔

أ۔''جامع البیان فی تأویل آی القرآن''۔ج ۵' تحقیق محمد احمد شاکر 'مطبعة مصطفی الحلبی' قاہرہ' ۱۹۷۸ء

ب۔''تاریخ الامم و الملوک''۔ج ۱-۵' تحقیق محمد ابوالفضل ابراہیم 'ج ۴-۵' دار المعارف للطباعة' قاہرہ' ۱۹۷۸ء

۳۵۔الشطنوفی 'علی بن یوسف۔۔(متوفی ۷۱۳ہجری/۱۳۱۳ء)۔''بهجة الأسرار''۔ تحقیق جمال الدین فالح الکیلانی 'مطبعة الحکومة' الجیریا' ۲۰۱۱ء

۳۶-القادری 'ابوالظفر ظہیر الدین۔۔''الفتح المبین''۔ المطبعة المرکزیة' قاہرہ' ۱۸۸۸ء

۳۷۔ القرطبیّ' ابو عبد اللہ محمد بن احمد الانصاری۔۔ (متوفی ۶۷۱ہجری/۱۲۷۲ء)۔''الجامع لإحکام القرآن''۔ج ۵' دار احیاء التراث العربی' بیروت' ۱۹۸۵ء

۳۸۔ القرطبیؒ' عریب ابن سعید۔۔ (متوفی ۳۶۹ہجری/۹۷۱ء)۔''صلة تاریخ الطبري''۔ تحقیق محمد ابو الفضل ابراہیم'دار المعارف للطباعة' قاہرہ'۱۹۷۱ء
۳۹۔ الکتبی'محمد بن شاکر۔۔(متوفی ۷۶۴ہجری/۱۳۶۲ء)۔
اَ۔''فوات الوفیات''۔ج۱-۲'تحقیق محمد محی الدین عبدالمجید'المکتبة التجارية للطباعة'قاہرہ'۱۹۵۴ء
ب-''عیون التواریخ''۔ تحقیق فیصل السامر و نبیلہ عبدالمنعم داؤد'دار الرشد للطباعة' بغداد'۱۹۸۳ء
۴۰۔ محمد فواد عبدالباقی۔۔''اللؤلؤ و المرجان فيما اتفق عليه الشيخان (البخاري و مسلم)''۔دار الکتب العلمية'بیروت'۱۹۸۲ء

ج۔ کتابیات

۱۔ابراہیم'حبیب جمیل۔۔''تاریخ متصوفة بغداد''۔ مکتبة الشرق الجدید'بغداد'۱۹۸۸ء
۲-اقبال'محمد۔۔''دیوانِ اقبال''۔ دار الصحابة للطبع'پاکستان'۱۹۹۶ء
۳-جواد'مصطفی اور احمد'سوسہ۔۔''خارطة بغداد''۔ مکتبة المجمع العلمی العراقی'بغداد'۱۹۵۹ء
۴۔الجیلانی'عبدالرزاق۔۔''الشیخ عبد القادر الجیلانی''۔دار القلم'بیروت'۱۹۸۳ء
۵۔الجیلانی'ماجد۔''هكذا ظهر صلاح الدين''۔ہائر اسلامک انسٹیٹیوٹ'امریکہ'۱۹۹۶ء
۶- حسن'حسن ابراہیم۔۔''تاريخ الإسلام السياسي''۔ج۴' مکتبة النهضة المصرية'قاہرہ'۱۹۸۶ء
۷۔الحضری'الشیخ محمد۔۔''الدولة العباسية''۔ دار الكتب العلمية'بیروت'۱۹۹۳ء
۸۔رؤوف'عماد عبدالسلام۔۔
أ-''الآثار الخطية في المكتبة القادرية''۔ مطبعة الإرشاد'بغداد'۱۹۷۱ء
ب-''مدارس بغداد''۔ بغداد'۱۹۸۵ء

ج-"معالم بغداد فی العصور المتأخرة"۔ بغداد'۲۰۰۲ء

۹-زمباور۔۔"معجم الأنساب و الأسر الحاكمة في تاريخ الإسلامي"۔ترجمہ ذکی محمد حسن' مطبعة فواد الاول'قاہرہ'۱۹۵۱ء

۱۰-الزرکلی'خیر الدین۔۔"الأعلام"۔ج۵' مطبعة النهضة'قاہرہ'۱۹۴۹ء

۱۱-السامرائی'عبداللہ سلوم۔۔"عبد القادر الجيلانی قطب الاولياء"۔ شیخ عفیف الدین الکیلانی کے پاس موجود مخطوطہ

۱۲-السامرائی'یونس بن ابراہیم۔۔"عبد القادر الجيلانی حياته و آثاره"۔مكتبة الشرق الجديد' بغداد' ۱۹۸۸ء

۱۳-الشرقاوی'حسن۔۔"معجم الفاظ الصوفية"۔دار مختار للنشر'قاہرہ'۱۹۸۷ء

۱۴-شعبان'محمد عبدالحی محمد۔۔"التاريخ الاسلامی: تفسير جديد"۔دار الأهلية للنشر'بیروت'۱۹۸۳ء

۱۵-شوقی'ضیف۔۔"العصر الاسلامی"۔کویت'۱۹۹۵ء

۱۶-عاشور'سعید عبدالفتاح۔۔"مصر فی عهد المماليك"۔دار الكتب المصرية'قاہرہ'۱۹۶۶ء

۱۷-عطیۃاللہ'احمد۔۔"القاموس الاسلامی"۔ج۱'۲'۳'دار مكتبة النهضة للطباعة'قاہرہ'۱۹۷۶ء

۱۸- عفیفی'ابوالعلاء۔۔"التصوف و الثورة الروحية في الإسلام"۔'دار جامعيون'مصر'۱۹۹۷ء

۱۹-عنان'محمد عبداللہ۔۔"المعارك الحاسمة في التاريخ"۔مكتبة النهضة المصرية'قاہرہ'۱۹۵۳ء

۲۰-عمر'فاروق۔۔"الدولة العباسية"۔دار الشروق' اُردن'۲۰۰۰ء

۲۱-اللامی'علاء۔۔"السرطان المقدس"۔الدار العربية للكتاب'بیروت'۲۰۰۴ء

۲۲-المدرس'عبدالکریم۔۔"مواهب الرحمان فی تفسیر القرآن"۔ج۵'دار الحرية للطباعة بغداد' ۱۹۹۷ء

۲۳-المودودی'ابوالاعلی۔۔"تفسیر سورة النور"۔المکتبة الاسلامیة'قاہرہ'۱۹۵۸ء

۲۴-النجار'محمد رجب۔۔"حکایات الشطار و العیارین"۔عالم المعرفة'کویت'۱۹۸۱ء

۲۵-شابی'پروفیسر جاکلین(۱۹۹۸ء)۔۔"عبد القادر الجیلانی بین الحقیقة التاریخیة و الأسطورة الأدبیة"۔ترجمہ ڈاکٹر حسن سحلول'اتحادالکتاب العرب کی جانب سے نشر کردہ سہ ماہی مجلة التراث العربی' سال۱۸'جنوری ۱۹۷۰ء'دمشق'جسکا الکٹرانک ورژن بتاریخ ۲۰۰۴/۹/۱۴ء طبع ہوا۔

۲۶-محمد ارکون۔۔"الفکر الاسلامی: نقد و إجتهاد"۔ترجمہ ہاشم صالح'دار الساقی' بیروت'۲۰۰۹ء

۲۷-جعیط'ہاشم۔۔"في السيرة النبوية"۔دار الطليعة'بیروت'۱۹۹۰ء

۲۸-الخیون'راشد۔۔"الادیان و المذاهب فی العراق"۔دار الجمیل'جرمنی'۲۰۰۴ء

۲۹-جواد'ڈاکٹر مصطفی اور سوسہ'ڈاکٹر احمد(۱۹۵۸ء)۔۔"دلیل خارطة بغداد المفصل في خطط بغداد قدیماً و حدیثاً"۔المجمع العلمی العراقی' بغداد

د-مقالات (Theses)

۱۔التل'عمر سلیم عبدالقادر۔۔"متصوفة بغداد في القرن السادس الهجري"۔ تھیسس برائے ماسٹرس ڈگری۔یونیورسٹی آف جورڈن-۲۰۰۹ء

۲-سہیل'جعفر صادق۔۔"عبد القادر الجيلاني و مذهبه الصوفي"۔ تھیسس برائے ماسٹرس ڈگری۔دار العلوم کالج'قاہرہ یونیورسٹی-۱۹۷۵ء

۳-القحطانی'سعید۔۔"الشیخ عبد القادر الکیلانی و آرائه الاعتقادیة و الصوفیة"۔ تھیسس برائے ڈاکٹریٹ'کلیۃ الدعوۃ'ام القریٰ یونیورسٹی-ریاض۔۱۹۹۷ء

۴-المھداوی'ایمان کمال مصطفیٰ۔۔"عبد القادر الجیلانی ادیباً"۔ تھیسس برائے ماسٹرس ڈگری'ابن رشد کالج آف ایجوکیشن'بغداد یونیورسٹی-۱۹۹۶ء

۵-علیوی'جعفر موسیٰ' ۔۔"عبد القادر الجیلانی والتصوف"۔ تھیسس برائے ڈاکٹریٹ'کالج آف آرٹس' بغداد یونیورسٹی-۲۰۰۲ء

۶-البلاطی'علی محمود علیٰ۔۔"الدار الفاخر فی ترجمة الشیخ عبد القادر"۔ تحقیق و مطالعہ علی محمود علی البلاطی' تھیسس برائے ماسٹرس ڈگری'معهد التاریخ للدراسات العلیا(انسٹیٹیوٹ فار ہائر اسٹڈیز - تاریخ)-۱۹۹۹ء۔(البلاطی کا شخصی نسخہ)

۷- ماجد عرسان الکیلانی' ۔۔"نشأة القادریة"۔ تھیسس برائے ماسٹرس ڈگری' بیروت عربی یونیورسٹی-۱۹۹۶ء

سوانح محقق ڈاکٹر جمال الدین فالح الکیلانی

بقلم

ڈاکٹر ابراہیم خلیل العلاف

پروفیسر ماڈرن ہسٹری۔ موصل یونیورسٹی

ڈاکٹر جمال الدین فالح الکیلانی میرے عزیز دوست ہیں جنکی علمی سرگرمیوں سے میں ایک طویل عرصہ سے واقف ہوں اور جن سے میرا تبادلہء علمی کا تعلق ہے۔ان کا تعلق خاندانِ کیلانیہ سے ہے اور یہ حضرت شیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ کی اولاد سے ہیں۔ان کا سلسلہء نسب حسبِ ذیل ہے:

جمال الدين بن فالح بن نصيف بن جاسم بن احمد الحجية بن عبد الكريم بن عبد الرحيم بن خميس بن ولي الدين محمد بن عثمان بن يحيى بن حسام الدين بن نور الدين بن ولي الدين بن زين الدين الكبير بن شمس الدين بن شرف الدين بن محمد الهتاك بن عبدالعزيز بن الباز الاشهب الشيخ عبدالقادر الجيلي بن ابي صالح موسى بن عبدالله الجيلي بن يحيى الزاهد بن محمد المدني بن داود امير مكة بن موسى الثاني بن عبدالله الصالح بن موسى الجون بن عبدالله المحض بن الحسن المثنى بن الحسن المجتبى بن اسدالله الغالب علي بن ابي طالب كرم الله وجهه و رضي الله عنهم اجمعين

ان کی ولادت ۱۹۷۲ء میں ہوئی اور یہ بچپن ہی سے تاریخ اور انواع واقسام کی کتب بینی کا شغف رکھتے ہیں۔اپنے والدِ محترم ادیب وشاعر جناب فالح الحجیۃ الکیلانی سے بہت متاثر رہے اور اسی باعث ادب و معرفت سے عشق اور شعر و سخن کا ذوق ان کی شخصیت کا جزوِ لاینفک ہو گیا جس نے ایک طرف انہیں علامہ

سالم عبود الالوسی کی خدمت سے وابسطہ کر دیا تو دوسری جانب علامہ مصطفیٰ جواد اور ان کے قیمتی ثقافتی سرمایہ تک جا پہنچایا۔ اپنی علمی زندگی کی ابتداء سے ہی انہوں نے ورثہء قادریت سے اپنا گہرا تعلق قائم رکھا۔ خود کو پروفیسر ڈاکٹر عبد السلام رؤوف اور ان کے تاریخی مدرسہ کے تلامذہ میں شمار کرتے ہیں۔ ابتدائی' متوسط اور ثانوی تعلیم کے دوران ہی تدریس کو اپنایا اور پھر بغداد یونیورسٹی' المستنصریہ یونیورسٹی 'اتحاد المورخین العربArab Historiographer Federation' القادسیہ یونیورسٹی' بصرہ یونیورسٹی اور وسیط یونیورسٹی میں لیکچرس دئے۔

انہوں نے ابن رشد کالج آف ایجوکیشن' بغداد یونیورسٹی سے تاریخ میں ڈگری کی تکمیل کی اور پھر **معهد المعلمین**(ٹیچرس انسٹٹیوٹ)سے انگریزی میں ڈپلوما حاصل کیا۔ اس پر اکتفانہ کرتے ہوئے انہوں نے اپنے تعلیمی سفر کو جاری رکھا اور سینٹ کلیمنٹس یونیورسٹی سے تاریخِ اسلامی میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔ تاریخ سے اپنی گہری دلچسپی کے باعث بغداد میں واقع اتحاد المورخین العرب کے تابع ادارہء اعلیٰ تعلیم برائے تاریخِ عربی وثقافتِ علمی "**معهد التاريخ العربى و التراث العلمى للدراسات العليا**" سے وابستہ ہو گئے اور عربی اسلامی تاریخ و تہذیب میں ماسٹر آف آرٹس کی ڈگری حاصل کی۔ ۱۹۹۸ء میں ان کو مرکز برائے تحقیق و تدقیق تاریخی دستاویزات و مخطوطات "**مركز دراسات التاريخ و الوثائق و المخطوطات**" کی جانب سے "**باحث علمی**" یعنی ریسرچ اسکالر کا لقب دیا گیا۔

ڈاکٹر کیلانی حسبِ ذیل اداروں کے رکن ہیں:

- **اتحاد المورخين العرب۔۱۹۹۶ء**
- **الهئية العربية لكتابة تاريخ الأنساب۔۱۹۹۸ء**
- **لجنة الدراسات القادرية المغرب** (اعزازی رکن) -۱۹۹۷ء

- مرکز دراسات الامام عبد القادر الجیلانی مخصوص برائے تاریخ و ثقافت و انسابِ قادریہ (ایڈمنسٹریٹر) -۲۰۱۱ء

مزید برآں انہیں ۱۹۹۶ء میں عراقی علمی اکیڈیمی (المجمع العلمی العراقی) ' ۲۰۰۰ء میں عرب تنظیم برائے کتابتِ تاریخِ انساب (الهيئة العربية لكتابة تاريخ الأنساب) اور ۱۹۹۷ء میں بغداد یونیورسٹی سے متعدد اعزازی ڈگریوں سے نوازا گیا۔

انہوں نے تاریخِ انساب میں دلچسپی لی اور اس اہم علمی کام میں ہمہ تن مشغول ہو گئے جس کے لئے وسیع معرفتِ علمی کی ضرورت ہوتی ہے۔ انساب کے مطالعہ اور تحقیق و تدقیق میں انہیں متعدد نامور عراقی اساتذہ سے سندِ اجازت حاصل ہے جن میں ڈاکٹر عماد عبد السلام رؤوف' ڈاکٹر علامہ سالم عبود الالوسی' میجر جنرل احمد خضر العباسی' شیخ خلیل الدلیمی' ڈاکٹر جمال الراوی شامل ہیں۔ انہیں اس پر فخر ہے کہ انہوں نے علمائے عظام مثلاً مفتیء دیارِ عراق الشیخ العلامہ عبد الکریم محمد المدرس' علامہ ڈاکٹر حسین علی محفوظ' علامہ ڈاکٹر علی الوردی' علامہ ڈاکٹر حسین امین' علامہ صالح احمد العلی' علامہ عبد الرزاق الحسنی وغیرہم کی مجالسِ درس میں شرکت کی ہے۔

انہوں نے متعدد تحقیقی مقالات' مضامین اور کتابیں تحریر کیں۔ ان کی نشر شدہ تحریروں میں حسبِ ذیل کتابیں شامل ہیں:

- "الامام عبد القادر الجيلاني- تفسير جديد"۔ مراجعہ معروف شاعر جناب فالح الحجية الكيلاني-مكتبة المصطفى ۔ قاہرہ۔۲۰۰۹ء

- "الشيخ عبد القادر الجيلاني رؤية تاريخية معاصرة"۔مقدمہ ڈاکٹر عماد عبد السلام رؤوف۔ مؤسسة مصر مرتضى للكتاب العراقي۔بغداد۔۲۰۱۱ء-جو در حقیقت ڈاکٹر لقاء الطائی اور ڈاکٹر رؤوف کی زیرِ نگرانی تحریر کردہ مقالہ ہے
- "بهجة الأسرار و معدن الانوار للشطنوفي، دراسة و تحقيق"۔مقدمہ شیخ المورخین ڈاکٹر حسین امین۔ نشر شدہ بر نفخہ خاص السید احمد الکیلانی۔الجیریا۔۲۰۱۱ء
- "أصول التاريخ الإسلامي"۔مراجعہ ڈاکٹر حسین علی المحفوظ۔ مخطوطہ-۱۹۹۹ء
- "تنقيحات دراسة تحليلية لنسب الإمام عبد القادر الجيلاني"۔مراجعہ ڈاکٹر عبد القادر المعاضیدی۔ نشر محدود۔ جس کا ایک نسخہ المکتبۃ القادریہ میں محفوظ ہے-۱۹۹۶ء
- "دراسات فى تاريخ الأوربى"۔مقدمہ ڈاکٹر کمال مظہر احمد (زیرِ اشاعت)
- "التاريخ العثمانى تفسير جديد"۔مقدمہ ڈاکٹر عماد عبد السلام رؤوف
- "التاريخ الاسلامى رؤية معاصرة"۔مقدمہ ڈاکٹر صالح احمد العلی
- "كتاب الاستشراق"
- "المدخل فى التاريخ"
- وغیرہم

ان کی تحقیقات اور مقالات میں حسبِ ذیل نوادر شامل ہیں:

- کتاب "الامام عبد القادر الجيلاني– تفسير جديد"۔شائع شدہ مجلہ "فکر حر"۲۰۰۹ء
- مخطوطہ "مهجة البهجة و محجة اللهجة"۔شائع شدہ اخبار "الصباح"۲۰۰۵ء
- مقالہ "مصطفى جواد و مخطوطة نادرة عن الكيلاني"۔شائع شدہ اخبار "الصباح"۲۰۰۶ء

- مقالہ "رشید عالی الکیلانی ابن دیالی المشورة"۔ شائع شدہ اخبار "العراق" ۲۰۰۲ء
- مقالہ "المقدادیة اصل التسمیة"۔ نشر شدہ اخبار "العراق" ۲۰۰۲ء
- مقالہ "الشرق الاوسط و اصل التسمیة"۔ آرٹس کالج عین شمس یونیورسٹی کے میگزین ۲۰۰۹ء میں نشر شدہ
- مقالہ "براغماتیة السید عبد الرحمٰن النقیب"۔ شائع شدہ مجلہء "فکر حر" ۲۰۰۹ء
- مقالہ "الشیخ عبد القادر الکیلانی: جیلان العراق لا جیلان الطبرستان"۔ آرٹس کالج عین شمس یونیورسٹی کے میگزین ۲۰۰۹ء میں نشر شدہ
- مقالہ "تفسیر الجیلانی–دراسة فی نسبة التفسیر للمؤلف"۔ شائع شدہ مجلہء "رؤی" ۲۰۱۰ء
- مقالہ "المؤرخ هشام جعیط–دراسة فی رؤیته للسیرة النبویة"۔ شائع شدہ مجلہء "رؤی" ۲۰۱۰ء

اس کے علاوہ انٹرنیٹ کی مختلف ویب سائٹس پر نشر شدہ بے شمار مقالات بھی ہیں جو مختلف وسیع موضوعات پر مشتمل ہیں مثلاً عہدِ رسالت 'خلافتِ راشدہ 'امویہ 'عباسیہ 'عثمانیہ کے ادوار 'دورِ حاضر اور معاصر عربی 'اسلامی اور بعض مغربی شخصیات 'حضرت الشیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ اور انحائے عالم میں موجود آپ کی ذرّیت 'تاریخ عربی و اسلامی میں انقلابِ حسینی کی اہمیت 'ابتدائی مورخ ابان بن عثمان 'امام غزالی علیہ الرحمہ ' امام رفاعی ' امام ابو مدین' امام بخاری(رحمۃ اللہ علیہم اجمعین)' شیخ ابن تیمیہ اور ان کی قومیت' شریف البعقوبی 'امین و مامون میکا فیلی' ابتدائی طریقہء قادریہ 'الباز الاشہب کے معنیٰ' ثقافتِ صوفیہ -ایک ابتدائی مطالعہ ' امام ابو ادریس البعقوبی' مغل 'چنگیز خان' ہلاکو خان' تیمور لنگ' سلطنتِ فاطمیہ اور اس کے خلفاء' بغداد 'سمرقند 'کابل 'دلّی 'مقدادیہ اور اس کی وجہِ تسمیہ 'ناصریہ العراقیہ 'صویرہ العراقیہ 'عزیزیہ العراقیہ ' بابان'

سعدون'محمد الفاتح'سلیمان القانونی'مراد الرابع'عبدالحمید الثانی'شرقِ اوسط'ماگنا کارٹا(Magna Carta)'عبد القادر الجزائری'جمال الدین افغانی'عبدالکریم قاسم'الحبوبی۔شاعر وامام'السید محمد باقر الصدر'مورخ دروبی اور عہدِ عثمانی میں خاندانِ قادریہ کی تاریخ کی تدوین میں ان کی مساعی' الرینسانس(Alrinsans)' مترنیخ (Metternich)' بسمارک (Bismarck)' ہٹلر' میکافیلی اور میکافیلیہ' ونسٹن چرچل' جون جیک روسو' فرانسیسی انقلاب'لویس ۱۴(Louis XIV)'لویس ۱۶(Louis XVI)'ماری انٹونیٹ(Maria Antonia)' نپولین اول'نپولین ثالث' جائزہء کتاب"لینن-ایک قدم آگے دو قدم پیچھے(لینن- **خطوة الى الامام خطوتان الى الوراء**)"مورخ ول ڈیورینٹ(Willian Durant)کی کتاب قصہء فلسفہ (The Story of Philosophy)کا خلاصہ'تاج محل'الازہر'قرویین(Qarawiyyin)'بدر شاکر السیاب'یمن میں ماقبل اسلام سیاسی ودینی تنازعات مثل نجران۔

انہوں نے تاریخ کی تعلیم عراق کے متعدد نامور اساتذہء تاریخ پروفیسروں وڈاکٹروں سے حاصل کی جن میں عماد عبدالسلام رؤوف'کمال مظہر احمد'فاروق عمر'عبدالرزاق الانباری'عبدالقادر المعاضیدی'خاشع المعاضیدی'عبد القادر الشیخلی'جعفر عباس الحمیدی'یقظان سعدون العامر'حمدان الکبیسی'قحطان عبد الستار الحدیثی'ہاشم یحیٰ الملاح'عبد الامیر العکام'صادق یاسین الحلو'مفید کاصد الزیدی'محمد احمد الشحاذ'عبد الامیر دکسن'عبد الجبار ناجی'فاروق عباس وہیب'خضیر الجمیلی'طارق نافع الحمدانی'محمد جاسم المشہدانی'محمد باقر الحسینی'مزاحم علی عشیش البعاج'ناھض عبدالرزاق القیسی اور محی ہلال السرحان شامل ہیں۔

ان کا نقطہء نظر ہے کہ "تاریخ آج'گذشتہ یا آئیندہ کل کی پہچان نہیں بلکہ یہ ایک نہرِ حیات ہے جو اپنی اس مقررہ مدت تک جاری و ساری ہے جسے علام الغیوب نے مقدر فرمادیا ہے تو تمام کی تمام تاریخ'تاریخِ معاصر ہے اگرچیکہ اسے علمی بنیادوں پر منقسم کیا گیا ہے لیکن یہ ہمارے ساتھ رہتی ہے اور ہمارے لئے بڑی اہمیت کی حامل ہے اور ہمیں چاہئے کہ ہم اپنی زندگی میں اس سے خاطر خواہ استفادہ کریں۔اس نظریہ کی بنیاد یہ

ہے کہ تاریخ کا گہرا مطالعہ بذاتِ خود ایک بہترین تجربہ ہے۔ تاریخ کے کسی عصر کی انتہا یا ابتداء کے تعین کے لئے کسی سال یا واقعہ کا انتخاب بعض اوقات حقیقتِ امر سے دوری کا سبب بن جاتا ہے کیونکہ تاریخ کی تبدیلی بتدریج اور مسلسل ہوتی ہے اور اس کی کڑیاں ایک دوسرے سے جُڑی ہوتی ہیں۔ تاریخ میں جو بڑے واقعات وقوع پذیر ہوتے ہیں وہ دراصل برف کے ان بہتے تودوں کی مانند ہوتے ہیں جن کا ایک رخ سطحِ آب پر ظاہر ہوتا ہے لیکن ان کا بہت بڑا حصہ اس سطح کے نیچے پوشیدہ رہتا ہے اور جنہیں ان کی حقیقت جاننی ہوتی ہے انہیں پانی کی گہرائیوں میں غوطہ زن ہونا ضروری ہوتا ہے۔ ہم میں اور اہلِ مغرب میں یہ فرق ہے کہ ہم تاریخ میں جیتے ہیں جبکہ وہ تاریخ کو سمجھتے ہیں اور اسے اپنی مصلحتوں کی پابجائی کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ تاریخ دراصل انسان کو تہذیب سے روشناس کرتی ہے کیونکہ یہی وہ روشنی ہے جو ماضی کو ہمارے لئے ایسے ظاہر کر دیتی ہے کہ ہم اپنے حال و مستقبل کو بھی اسی روشنی میں دیکھ پاتے ہیں۔ ہمارے سیاسی 'اقتصادی 'اجتماعی 'دینی اور علمی نظام کی جڑیں گذشتہ نسلوں کی خاک میں مضبوطی سے گڑی ہوتی ہیں"۔

ملحقات

۱-جامعہ موصل 'عراق کی جانب سے عطاکردہ سندِ تعریف

بسم الله الرحمن الرحيم

الأستاذ الدكتور جمال الدين فالح الكيلاني المحترم

م/ شكر وتقدير

يقر مركز الدراسات الإقليمية بجامعة الموصل ، بأنك من الباحثين الجادين الذين خدموا المكتبة العراقية المعاصرة خدمة كبيرة من خلال دراساتك العلمية الدقيقة وخاصة في مجال تأصيل ما يمكن أن نسميه (الدراسات الكيلانية) المتعلقة بتاريخ وتراث شيخ بغداد الشيخ عبد القادر الكيلاني (ولادةً و وفاةً) .. بارك الله بجهودك ووفقك خدمة للحقيقة التاريخية الخالصة لوجه الله تعالى ...

الأستاذ الدكتور إبراهيم خليل العلاف

مدير مركز الدراسات الإقليمية

جامعة الموصل

٨ ذي القعدة ١٤٣٣ هـ

الموافق لليوم ٢٤ أيلول – سبتمبر ٢٠١٢

۲-جامعہ بغداد' عراق کی جانب سے عطا کردہ سندِ تعریف

University Of Baghdad
College of Education - Ibn Rushd
The Library



جامعة بغداد
كلية التربية - ابن رشد
المكتبة

((نزل القرآن في الحجاز وقرئ في مصر وكتب في العراق))

No.:
Date: 20

العدد: ٦٨٥
التاريخ: ٣/٤/٢٠١٧

الى/السيد جمال الدين فالح الكيلاني

م/شكر وتقدير

تحية طيبة وبعد ......

لايسع كلية التربية /ابن رشد الا ان تقدم شكرها وتقديرها للسيد جمال الدين فالح لاهدائه نسخة عن مصنفه الموسوم (الشيخ عبد القادر الكيلاني رؤية تاريخية معاصرة ١٠٧٧-١١٦٦م-٤٧٠-٥٦١هـ)الى مكتبة علوم القران التربوية والنفسية متمنين له دوام الموفقية والنجاح .

مع التقدير ......

أ.د.طارق نافع الحمداني
معاون العميد للشؤون العلمية

نسخة منه الى :
المومأ اليه
المكتبة

E-mail:ibn_rushd2004@yahoo.com

۳-صدر دفتر المجمع العلمی، حکومتِ عراق کی جانب سے ارسال کردہ مکتوبِ تشکر

بسم الله الرحمن الرحيم

جمهورية العراق
ديوان الرئاسة
المجمع العلمي



العدد / ٨٠٢
التاريخ / ١٢ / رجب / ١٤١٧هـ
٢٤ / ١١ / ١٩٩٦م

السيد جمال الدين فالح الكيلاني المحترم
ص. ب ١٩٥ (باب المعظم)
بغــــداد

تحية طيبة :

تلقينا رسالتك الكريمة وقدرنا اهتمامك بالمجمع العلمي ، ونحن إذ نشكر لك هذا الاهتمام نود أن نبين لك أن المجمع العلمي يرحب بالتعاون معه في جميع المجالات العلمية وينظر الى الجهود العلمية الذي يبذلها الباحثون بعين الرعاية والاهتمام .

وبصدد مؤلفاتكم فانكم تستطيعون أن تقدموها الى المجمع لينظر فيها ، وأما بخصوص المسكوكات التي قد ترجع الى العصر السلجوقي فأن مديرية الآثار العامة مهتمة بها ولك أن تقدمها اليها .

نكرر الشكر والمجمع العلمي مستعد للتعاون مع جميع الباحثين الخيرين ونرحب باستقبالكم في المجمع لبحث الموضوع .

والسلام عليكم ورحمة الله وبركاته

الدكتور ناجح محمد خليل الراوي
رئيس المجمع العلمي

۴-"اتحاد المورخین العرب" بغداد کا مکتوب جس میں دیالی کے ساداتِ کیلانیہ کے تدقیقِ نسب کی خواہش کی گئی ہے

بسم الله الرحمن الرحيم

Union of the Arab Historians		اتحاد المؤرخين العرب
Office of General Secretary		الامانة العامة
The Arab Mission for Genealogy History Writing		الهيئة العربية لكتابة تاريخ الانساب

العدد ...... هـ ـ ن / ٧١ ......
التاريخ ٧ محرم ١٤٧٢ هجرية
الموافق ١ / ٤ / ٢٠١ ميلادية

No.: ....
Date: ....

الاستاذ جمال الدين الكيلاني المحترم

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

نحيل اليكم نسب السادة الكيلانيين في ديالى ، نرجو تدقيقه واعلامنا ،
مع التقدير ،

المرفقات

شجرة نسب

أ.د. محمد جاسم المشهداني
الامين العام
رئيس الهيئة العربية لكتابة تاريخ الانساب

نسخة منه الى

مقرر الهيئة العربية لكتابة تاريخ الانساب/ نرجو المتابعة مع التقدير ،

ع

العراق - بغداد - المنصور - شارع النقابات - حي طرابلس - ص.ب (٦٣٧٨) هاتف ٨٨٤٠٦٥٩ - ٥٣٧٢٨٧٥ - ٥٣٧٢٨٧٦ - الفاكس ٥٣٧٢٥١٦
Iraq-Baghdad-Al-Naqabat St. - P.O. Box (6378) - Tel.: 8840659-5372876-5372876-Cable Mourkheen- Fax: 5372516

۵-"انتخاب المورخین العرب" بغداد کا مکتوب جس میں ساداتِ حیالیین کے نسب کی تدقیق کی خواہش کی گئی ہے

بسم الله الرحمن الرحيم

اتحاد المؤرخين العرب
الامانة العامة
الهيئة العربية لكتابة تاريخ الانساب

Union of the Arab Historians
Office of General Secretary
The Arab Mission for Genealogy History Writing

العدد .... هـ ن / ١٣٢
التاريخ ١٥ / صفر / ١٤٢٢ هجرية
الموافق ٨ / ٥ / ٢٠٠١ ميلادية

No.: ....
Date: ....

الى / السيد جمال الدين الكيلاني المحترم

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

نحيل اليكم نسب عشيرة (السادة الحياليين) .

نرجو تدقيقه .. واعلامنا .

مع التقدير .



أحمد خضر سلمان الدوري
مقرر الهيئة العربية لكتابة تاريخ الانساب

نسخة منه الى
اضبارة المشجرة .

العراق - بغداد - المنصور - شارع النقابات - حي طرابلس - ص.ب (٦٣٧٨) هاتف ٨٨٤٠٦٥٩ - ٥٣٧٢٨٧٦ - ٥٣٧٢٨٧٦ - الفاكس ٥٣٧٢٥١٦
Iraq-Baghdad-Al-Naqabat St. - P.O. Box (6378) - Tel.: 8840659-5372876-5372876-Cable Moarkheen- Fax: 5372516

٦-"انتخاب المورخين العرب"بغداد کامکتوبِ تشکر

UNION OF ARAB HISTORIANS
Office of the General Secretary
Iraq - Baghdad P.O. Box 4085
Tel : 4438888/4434236 Cable Mourkhoen Baghdad



اتحاد المؤرخين العرب
الامانة العامة
العراق - بغداد - ص.ب : ٤٠٨٥

بسم الله الرحمن الرحيم

Date :
No :

العدد : ٥٣٨ / ت
التاريخ : ١٩٨٨/١٢/١

الاستاذ الفاضل جمال الدين فالح الكيلاني المحترم

م / اهداء كتاب (دراسة في عبد القادر الجيلاني)

تسلمنا ببالغ الشكر والامتنان هديتكم الثمينة ومجهودكم العلمي الرصين ونود في هذه المناسبة ان نعبر عن اسمى آيات الاعتزاز والتقدير العالي لمشاعركم النبيلة نحو اتحادكم .

نشكر لكم هذه المشاعر الرائعة ونود ان نسجل اعتزازنا بهديتكم التي اتخذت لها مكانا بارزا في مكتبتنا وفقنا الله جميعا في خدمة هذه المؤسسة العلمية والصرح التاريخي العظيم .

وتقبلوا وافر تقديرنا

الدكتور
مصطفى عبد القادر النجار
الامين العام لاتحاد المؤرخين العرب

نسخة منه الى /
- المؤلف • جمال الدين الكيلاني / الباحث في جامعة بغداد
- الاستاذ سالم الالوسي / مدير مركز دراسات التاريخ
- المكتبة القادرية العامة - مع التقدير
- مكتبة اتحاد المؤرخين العرب
- الدكتور عماد عبد السلام رؤوف - لدراسة الكتاب وتقييمه ولكتابة تقرير عنه.

۷-اجازت نامہ برائے تحقیق و توثیق و تصدیق انساب عطا کردہ معروف محقق و مورخِ انساب ڈاکٹر محمد منیر الشویکی الحسینی صدر نقابتِ اشراف لندن 'شام 'عراق واُردن



إجازة عامة

بالسند المتصل إلى بيت النبوة الأطهار في تحقيق وتوثيق وتصديق الأنساب

بسم الله الرحمن الرحيم

السيد الشريف الدكتور جمال الدين فالح الكيلاني الحسني حفظه الله ورعاه

السيد الشريف الدكتور جمال الدين فالح الكيلاني الحسني حفظه الله ورعاه

حررت هذه الإجازة بتاريخ: 2013/6/8م الموافق: 1434/5/27هـ

۸-وزارتِ اعلیٰ تعلیم وسائنٹفک ریسرچ حکومتِ عراق کی جانب سے سندِ اعتراف

Ministry of Higher Education
And Scientific Research
University Of Baghdad
Center of Revival of Arabian
Science Heritage



وزارة التعليم العالي والبحث العلمي
جامعة بغداد
مركز أحياء التراث العلمي العربي

No :
Date : / / 201

العدد : ١٤٨
التاريخ : ٨ / ٤ / ٢٠١٥

إلى / الدكتور جمال الدين فالح الكيلاني

م/ شكر

تحية طيبة .....

يعد كتاب جغرافية ألباز الأشهب إضافة أصيلة للمكتبتين العراقية والعربية . والباحث الدكتور **جمال الدين فالح الكيلاني** شخصية علمية وأكاديمية تمكن بجهده العلمي المميز من اكتشاف حقائق غفل عنها الأخرين ، في حقل التراث العلمي . امتاز هذا الكتاب بالرصانة العلمية ، واعتمد في كتابته على منهجيه علمية صارمة ، وعلى مصادر أصيلة .

نتقدم بوافر الشكر لكم لجهودكم تلك والى مزيد من العطاء .



أ.م.د. عبد الله حميد العتابي
مدير المركز

نسخه منه الى /////
- مكتب مدير المركز .
- الحفظ العام .

۹-وزارتِ اعلیٰ تعلیم وسائنٹفک ریسرچ،حکومتِ عراق کامکتوب

Ministry of Higher Education
And Scientific Research
University Of Baghdad
Center of Revival of Arabian
Science Heritage



وزارة التعليم العالي والبحث العلمي
جامعة بغداد
مركز أحياء التراث العلمي العربي

No :
Date : / / 201

العدد : ٩٥٨
التاريخ : ٢٠١٦/٧/١٧

إلى / الدكتور جمال الدين فالح الكيلاني

م / شكر و تقدير

تحية طيبة...

لجهودكم العلمية المتميزة في تحقيق المخطوطات العربية وإزاء تلك الجهود لا يسعنا إلا ان نتقدم لكم بالشكر والتقدير والعرفان أملين المزيد من العطاء والتميز خدمة لتراث امتنا العربية والإسلامية ولبلدنا العراق العزيز .

مع التقدير...

أ.م.د. عبدالله حميد العتابي
مدير المركز

نسخة منه الى///
- وحدة الإدارة / مع الأوليات.
- الحفظ العام.

Baghdad- Al-Jadiriyah P.O.B (47051)
Tel:7733621

جامعة بغداد- الجادرية- ص.ب (47051)
رقم الهاتف 7783621 مباشر

۱۰- مورخِ کبیر ڈاکٹر محمود اسماعیل (ولادت ۱۹۳۳ء مصر) مصنف کتب "سوسیولوجیا الفکر الاسلامی" اور "الحرکات السریة فی الاسلام" اور "المهمشون فی التاریخ الاسلامی" کا مکتوب

لقد نوه برصانة "جغرافية الباز الأشهب" ، جملة من الباحثين المعتبرين في الدراسات العربية والاسلامية الكلاسيكية ، وبات التحول عنها الى أطروحة مغايرة أو تفسير علمي أخر أمرا غير يسير ، وهذا القول لا يمكن أن يدخل في باب المبالغة والإفراط أو الإسراف ، فقد كان هناك جيل متمرس من الدارسين العرب أكثر نشاطا في الدراسات القادرية ، غير أن في الوقت الحاضر فأن جمال الدين الكيلاني ، واحد من أفضل القلائل في هذا المجال ، وبجلاء فأنه المرجع الاول بغير منازع ، فقد نشر في السنوات المنصرمة ، أو أعاد نشر عددا من المصادر "القادرية" الاساسية ، وهذه النشرات إنموذج للمعرفة الواسعة مع تفاصيل غنية ، في التعليقات الهامشية على إمتدادها وإشارات متعددة الى مصادر إضافية .

—محمود إسماعيل (مؤرخ)[14]


۱۱-روضہ ءمقدسہ حضرت الشیخ عبدالقادر الجیلانی رضی اللہ عنہ کا باب الداخلہ



۱۲- مسجد و درگاہِ حضرت الشیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ کا بیرونی منظر



۱۳۔ مسجد بارگاہِ حضرت الشیخ عبدالقادر الجیلانی رضی اللہ عنہ کا اندرونی منظر



۱۴-اندلس آنے والے اشراف میں خاندانِ کیلانیہ کا ذکر

الشرفاء القادريون بالاندلس

لكن لما الجأهم به اهلوا فكأنه وقع خوف من ثم لما يجب له عليهم واجرى له
ان اولهم ما جرت به عادتهم مع الشرفاء ببلادهم ولما اخلوا من ارضهم واخرجوا
منها بغير الحق بها الشرف بركة ذكرنا لهم رضوه ولقد كان لا يوجد
غيرهم من آل البيت لأمر في النسب وعليه وفد قوم من بلادهم
على فاس من الشرفاء الذين اشتهروا والذي لنا بها ثلاث طوائف كلهم في
قضايهم لا شك انهم يقام مقام الحبو انما على شرفهم الاولى الصقليون
وهم من الحسينيين بالتصغير اصلهم من صقلية واليها ينسبون وكانوا
بالاندلس ايضا وكانت طائفة منهم بسبتة الثانية الدباغيون
الفاطميون بالعيون من فاس من الغرويين وهم من الحسنيين الادريسيين خرجوا
من قرطبة بالاندلس الى بلاد سلا ثم فروا منها الى فاس ولم يذكر احد زيغ
في نسبهم ولقد جرت الشكية عليهم بالزنا غير بسبب ما رايته في بعض
كتابهم من تمييز بعض الملوك لهم بقبض خراج دار الدبغ بسلا حين كانوا
بها والله اعلم الثالثة بنو اعني القادريين نسبة الى سيدنا
عبد القادر الجيلاني رضي الله عنه وهذا النسب نزعموا الى اليوم ○
وليس لنا نفي سواه ○ ولا تكنية عن اله ○ وحب القبا ○ وكتبه وابا
كفل الله رجاءنا فيه عندكم ○ وجعلنا من حفظ فيه وذا وعمر ○
وهو جار على الاطلاق لكونه للجيلاني الاشم اعني سيدنا عبد القادر وعلى
القاعدة العربية في النسب الى المركب الاضافي ان لم يتعين او له بثانية
من انه ينسب عند خوف اللبس الى عجزه كعبدي الاشهل ونحوه وقد اسلفنا
رحمهم الله بالجزيرة كذا او لاجمل التعاصي على ما يقتضيه كتب الاسم المذكور

۱۵-مکتبہ مؤسسہ ملک عبدالعزیز؛دارالبیضاء مراقش کاایک وثیقہ

بسم الله الرحمن الرحيم   سبحانك لا علم لنا الا ما علمتنا انك انت العليم الحكيم

الحمد لله الذي أجرى على لسان نبيه ...

کتاب کے متعلق منتخب اقوال

۱-ڈاکٹر عبدالستار عزّالدین الراوی

پروفیسر فلسفہ جامعہ بغداد و سابق سفیر عراق برائے تہران

مجھے آپ کے علمی کارنامہ "جغرافیۃ الباز الاشہب" کے متعلق جان کر بے حد مسرت ہوئی اور آپ نے تحقیق و تدقیق کے اپنے اس اہم اور ذی اعتبار سفر میں جو محنت کی اور قابلِ قدر شواہد و آراء کے ذریعہ جن نتائج تک رسائی حاصل کی ہے اس کی میں تعریف کرتا ہوں۔ میرے لئے آپ کا حضرت عبد القادر الکیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شخصیت کو اپنے اس مقالہ کا عنوان بنانا اور پھر میرے عزیز دوست پروفیسر ڈاکٹر عماد عبد السلام رؤوف جیسے مورخ و مدقق کی زیرِ نگرانی اس کام کی تکمیل کرنا خود آپ کی اس علمی تحقیق اور فیصلہ کن توثیق کو معتبر کر دیتا ہے۔ خاص طور پر حضرتِ کیلانی جیسی بلند قامت شخصیت تاریخ میں مرکزی مقام کی مستحق ہے اس لئے کہ آپ عربی اور عراقی عالم 'تصوفِ اسلامی کے اہم ستونوں کے منجملہ ایک ستون اور اس کے چار قطبوں میں سے ایک قطب تھے۔ آپ کا مدرسہء عرفانی چاروں طرقِ تصوف میں بڑی منزلت کا حامل ہے۔ چنانچہ طریقہء قادریہ نہ صرف اہلِ عراق میں روحانی اور وجدانی اہمیت کا حامل ہے بلکہ مشرق و مغرب میں کڑوڑوں اہلِ اسلام اس طریقہ میں شامل ہیں۔ اسی لئے میں سمجھتا ہوں کہ شیخِ کیلانی رضی اللہ عنہ کے مقامِ اصلی کی تحقیق کے لئے آپ کی یہ گہری ریسرچ "جغرافية الباز الأشهب" بلاشک وشبہ بغداد کی یادداشت اور خزائنِ علمی میں بلند و بالا مقام کی حامل اور تاریخِ تصوفِ اسلامی کے آئندہ محققین کے لئے اپنی علمی بنیاد و نتائج کے باعث ایک دستاویز کی شکل میں ممد و معاون ثابت ہو گی۔ محققِ کریم کے لئے میری نیک تمنائیں پیش ہیں۔

۲۔ معروف مصری مورخ و مفکر پروفیسر ڈاکٹر ایمن فواد سید

مشرف المراكز العلمية' دار الكتب و الوثائق القومية۔ مصر

مجھے اس عظیم علمی کاوش سے بڑی مسرت ہوئی جس کا مظاہرہ ڈاکٹر جمال الدین فالح الکیلانی نے اپنی کتاب "جغرافیۃ الباز الاشہب" میں کیا ہے' بڑی تحقیق اور مطالعہ کے بعد حضرت الشیخ عبد القادر الکیلانی رضی اللہ عنہ کی سیرت کو ایک جدید نقطہ ء نظر سے پیش کیا اور حضرت شیخ کیلانی رضی اللہ عنہ کی جیلانِ عراق سے نسبت سے متعلق اپنی ان جدید معلومات کے باعث امتیاز کے حامل ہوئے۔ آپ نے جیلان کی جو وجہ تسمیہ بتائی ہے وہ معروف مورخین کے اقوال اور تحقیقاتِ آثارِ قدیمہ سے موافقت رکھتی ہے۔ میں متمنی ہوں کہ ڈاکٹر جمال الدین کی توفیقات میں اضافہ ہو اور ان کے ذریعہ مزید علمی تحقیقات و نتائج منظرِ عام پر آئیں۔

۳۔ معروف عراقی مورخ و مفکر پروفیسر ڈاکٹر فاروق عمر

صدر شعبہ ء تاریخ' جامعہ ء بغداد' عراق

میں نے آپ کی کتاب کا مطالعہ کیا اور پایا کہ آپ نے حقائق کے اظہار میں پوری دیانتداری سے کام لیا' ٹھوس وسائل پر اعتماد کیا اور ایک نہایت اہم موضوع کو کامیابی کے ساتھ پیش کیا۔ میں نے اس کتاب کو پڑھنا شروع ہی کیا تھا کہ مجھے آپ کی علمی قابلیت اور اس کی ادائیگی میں پختگی کا اندازہ ہو گیا۔ یہ یقیناً آپ کی علم اور ورثہ ء علمی سے محبت کا ثبوت ہے جو ہر زاویہ سے بجا طور پر آپ کی صلاحیت کی عکاسی کرتا ہے۔ آپ کی یہ کتاب تاریخ کے کتب خانوں میں ایک قیمتی اضافہ شمار ہو گی۔

۴۔ معروف محقق و مصنف ڈاکٹر طارق نافع الحمدانی

پروفیسر تاریخ ابن رشد کالج' جامعہ ء بغداد' عراق

ہم ایک بار پھر ڈاکٹر جمال الکیلانی کی تعریف و توصیف کرتے ہیں جنہوں نے ذی احترام جدوجہد کے بعد ہمارے لئے یہ کتاب پیش کی جو نہایت ٹھوس جدید معلومات پر مشتمل ہے جن کے باعث وہ حقائق آشکار

ہو گئیں جن میں سے بعض الجھی ہوئی تھیں اور بعض یکسر پوشیدہ تھیں ۔ مولفِ محترم کے لئے ہماری نیک خواہشات پیش ہیں اور ہم ان کی مزید تحقیقات کے منتظر ہیں۔

۵۔ معروف محقق و تنقید کار ڈاکٹر فاضل عبود التمیمی

پروفیسر کالج آف ایجوکیشن 'جامعہ دیالی 'عراق

یہ ایک اہم کتاب ہے کیونکہ مؤلف نے اس کی تدوین میں تحقیق کے متفقہ طریقہ کار کے بموجب پختہ اور ثابت شدہ نصوص کو اختیار کیا ہے جن کے بعد کوئی شک و شبہ باقی نہیں رہتا۔ مزید یہ کہ انہوں نے اس خصوص میں جدید حوالہ جات کو بھی نہایت مدلل طور پر بے نقاب کیا ہے۔

٦۔ معروف محقق و مصنف پروفیسر ڈاکٹر رعد شمس الدین الکیلانی

صدر شعبہ اسلامک فلاسفی 'جامعہ بغداد 'عراق

حضرت شیخ کیلانی رضی اللہ عنہ کی شخصیت علم و معرفت کا خزانہ ہے لیکن یہ امر باعثِ افسوس ہے کہ اس پر کماحقہ تحقیق نہیں کی گئی۔ ڈاکٹر جمال الدین نے جو قابل قدر کام کیا ہے اس سے علماء و محققین کے لئے حضرت باز الاشہب کی سیرتِ مبارکہ سے متعلق یہ کمی پوری ہو جاتی ہے۔ اس محقق نے حضرتِ شیخ رضی اللہ عنہ کی سیرت کا احاطہ تاریخی روایات کے تجزیہ کے ساتھ کیا ہے اور جو علمی نتائج سامنے آئے ہیں وہ ان کی فکر کی گہرائی و گیرائی کی دلیل ہیں۔ ہم دست بدعا ہیں کہ اللہ سبحانہ تعالیٰ محقق کی کاوش کو ان کی میزانِ حسنات میں شامل فرمادے۔

۷۔ معروف محقق و مفکر ڈاکٹر فہمی جدعانی

پروفیسر جامعہ اُردن 'عمان

جب ہم اہلِ عراق کی فکری 'ثقافتی اور علمی کارکردگی کو دیکھتے ہیں تو نہایت پُر امید 'خوش اور مطمئن ہو جاتے ہیں کہ اس "بلادِ رافدین" نے جو علمی وادبی ضوفشانی کی ہے اس سے سرزمینِ مشرق و مغرب فکر و دانش

کے نور سے منور ہو گئی ہے۔ڈاکٹر جمال الدین فالح الکیلانی کی شخصیت بھی کچھ کم نہیں۔ وہ بھی ایک قوی رافد ہیں اور مرکزِ علم و فکر و خلافت بغداد کے اسی عظیم سلسلہ کی ایک کڑی ہیں۔ آپ سے ہماری روحوں میں امید کی لہر پیدا ہو جاتی ہے جو زبانِ حال سے کہتی ہے کہ "ہم امتِ عرب ہیں اور اب بھی زندہ ہیں"۔

۸۔ معروف محقق و مورخ ڈاکٹر سعد زغلول عبدالحمید

سابق صدر شعبہء تاریخ' جامعہء اسکندریہ 'مصر

اللہ سبحانہ تعالیٰ اس کامیابی پر آپ کو جزائے خیر عطا کرے۔ یہ بات یقینی ہے کہ جو عالمِ کبیر عماد عبد السلام رؤوف کا شاگرد ہوا سے تاریخ دانی اور تاریخ نویسی میں یدِ طولیٰ حاصل ہو اور یہی وہ احساس ہے جو مجھے آپ کی اس قابلِ قدر تحقیق "جغرافیۃ الباز الاشہب" کے مطالعہ کے دوران رہا۔

۹۔ معروف شاعرہ وادیبہ ڈاکٹر اسماء صقر القاسمی

صاحبزادی شیخ صقر القاسمی 'امیر شارجہ

یہ کتاب امتِ اسلامیہ و عربیہ کی تاریخ میں عظیم وذی وقار شخصیات کے متعلق الجھن دور کرنے کی ایک لائقِ ستایش کاوش ہے۔

۱۰۔ معروف محقق و مصنف ڈاکٹر یقظان سعدون العامر

پروفیسر جامعہء بغداد 'عراق

تاریخ کی گہرائیوں تک رسائی اور اس کی تہہ میں چھپی حقیقت کی تلاش بڑی مشقت کا کام ہے۔ آپ نے اپنی اس تحقیق میں جس جانفشانی کا مظاہرہ کیا وہ قابلِ قدر ہے' خاص طور پر اس لئے کہ حضرت الشیخ عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ کے مقامِ ولادت کا مسئلہ عرصہ ء دراز سے متنازعہ رہا ہے۔تب سے جب کہ مملکتِ ایران نے حضرت علیہ الرحمہ کی قبرِ مبارک کی ایران منتقلی کا مطالبہ اس دلیل پر کیا تھا کہ آپ کا مقامِ ولادت جیلانِ ایران ہے۔

۱۱- معروف مصنف محترم علاءالدین مدرس

سابق ڈائرکٹر وزارتِ صنعت ومعادن 'حکومتِ عراق

علمائے ربانیین 'صلحائے امت اور مجددینِ ملت کے علمی ورثہ کا اہتمام اللہ سبحانہ تعالٰی کی عبادت 'حق اور نور کی جانب دعوت اور قرآنی تہذیب کا بیان ہے۔ حضور نبیءاکرم پیکرِ رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشادِ مبارک ہے کہ "الناس كالابل المائة لا تكاد تجد فيها راحلة" یعنی لوگوں کی مثال ان سواونٹوں کی ہے جن میں سواری کے لائق کوئی نہیں۔ اور یوں نبیء کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم نے عامۃ النّاس میں متحرک مجددین ملت کی تعداد کا تعین ۱% فرمایا جو نہایت قلیل تناسب ہے اور جس سے مراد ہمارے درمیان بلکہ تمام تاریخ میں یہی نادر شخصیات ہیں۔ امامِ مجدد حضرت الشیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ بھی طویل اسلامی تاریخ کے انہی سرکردہ مجددین ومھدیین میں شامل ہیں۔ یہ وہ علوی سلفی صوفی امام ہیں جن میں عہدِ عباسی کے آخری دور میں جو اسلامی تہذیب کے جمود' تنزل اور زوال کا دور تھا تمام فضیلتیں جمع ہو گئی تھیں۔ یہی وہ شخصیت ہیں جو اس وقت صلاح الدین ایوبی کی تحریکِ اخلاقی تجدد وجہاد وانقلاب کا سبب تھے جن کے ہاتھوں قدسِ شریف آزاد ہوا' بلادِ شام سے فسادی قوتوں کو اکھاڑ پھینکا گیا اور وہ اپنے مقام یوروپ واپس لوٹ گئے جو اس وقت پسماندگی اور بربریت کے تاریک دور کا شکار تھا' اور مشرقِ اسلامی مثل بغداد' قاہرہ اور قرطبہ میں جو تنویر پھیلی ہوئی تھی وہ انہی عظیم متحرک شخصیات کی دین تھی۔ آپ کی کتاب "جغرافیۃ الباز الاشہب" اپنے اہم مضمون کے باعث اسی منفرد پاک نسل کے الہامی ورثہ کی راہ پر بلند پرچم ہے جو منہجِ قرآنی پر عمل پیرا پہلی نسل یعنی آل واصحابِ رسول علیہم الرضوان کے قدم بقدم تھی۔ حضرت شیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ کے مقامِ ولادت تحقیق سے ظاہر ہے کہ ارضِ سلامتی وعلم وتہذیب عراق ہے اور یہی آپ کے اس مبارک سفر کا ثمرہ ہے۔ یہ وہ عظیم عربی شخصیت ہیں جن کی سیرتِ مبارکہ اپنے سلفی 'صوفی 'معتدل سلوک ومنہج میں شجاعت 'عفت اور حکمت سے ممیز اور مشکوٰۃ قرآنی اور سیرتِ مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مستنیر تھی۔ طریقہء قادریہ نے جس سلوکِ اخلاق اور

مسائلِ اخلاقی کی بنیاد ڈالی وہ متوازن اور درمیانی شکل کی اور بعد میں ہونے والے اضافوں اور خرافات سے بعید ہیں۔ یہ ربانی قادری تصوف کے منہج کے وہ بنیادی اصول ہیں جنہیں حضرت الشیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ اور آپ کے مدرسہ نے نہایت خوبصورتی سے قائم کئے جو اس امت کے لئے کسی قیمتی ورثہ سے کم نہیں۔ حق تو یہ ہے کہ آج کے اس پُر فتن دور میں ہم اپنی طرزِ حیات میں اخلاق کریمہ 'سلوکِ فاضلہ 'معتدل متسامح منہجِ قرآنی کی واپسی اور اس کی تطبیق کے لئے اس رہنما کے محتاج ہیں تاکہ ہم اسی درمیانی ربانی منہج کی دعوت کے حامل ہو جائیں جس کی منہجِ نبوت پر بشارت ہمیں شیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ اور ان دیگر اسلامی اور انسانی مدارس و مذاہب نے دی ہے جو جوہرِ دین و اخلاق سے آراستہ ہیں۔ اللہ سبحانہ تعالیٰ آپ کے قلم میں برکت عطا فرمائے اور آپ کے ذریعہ ہماری لافانی تاریخ اور میراث سے متعلق مزید ممتاز و کارآمد خدمات سرانجام پائیں۔

۱۲- معروف مصنف ڈاکٹر موئذ الونداوی

مشیر 'اسٹراٹیجک اسٹڈیز سنٹر 'عراق

ایسی کتابوں کی بہت ضرورت ہے جو اعلیٰ قدر و قیمت کی حامل ہیں اور جن میں موجود مضامین میں محققین اور مخصصین کے لئے جدید معلومات کی جانب دعوت و تعارف کا اہتمام ہوتا ہے۔ اس کتاب کی تدوین کی عظیم مساعی کے لئے میں ڈاکٹر جمال الدین کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور ان کی خدمت میں نیک خواہشات پیش کرتا ہوں۔

۱۳- ڈاکٹر احمد ہاشم السامرائی

پروفیسر لسانیات و لہجات 'جامعہ سامراء 'عراق

ہمارے ہاتھوں میں موجود یہ کتاب اپنے مضامین' انداز اور اس کے مولف کے باعث بڑی قدر و قیمت کی حامل ہے۔ میں نے اس کا مطالعہ کیا تو پایا کہ یہ اس میں ریسرچ کا طریقہ اپنے موضوع اور اس کی گہرائی پر سختی سے کاربند ہے۔ برادرم ڈاکٹر جمال الدین نے ان امور تک رسائی حاصل کی جن تک میرے علم میں اس سے

قبل کسی کی رسائی نہ ہو پائی تھی اور یہ بجز فضلِ ایزدی ممکن نہیں۔ میں بھائی ڈاکٹر جمال الدین سے ملتجی ہوں کہ وہ ہمارے سرمایہ ءجاودانہ اور اولیائے صالحین کی مزید خدمت کریں۔

۱۴۔ معروف مورخ 'مفکر 'مصنف ڈاکٹر بشار عواد معروف

پروفیسر جامعہ ءاُردن 'عمان

ڈاکٹر جمال الدین الکیلانی 'میں آپ کی اس علمی کاوش کے لئے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ آپ نے اپنی اس ریسرچ کے موضوع کا انتخاب بڑی کامیابی سے کیا جس نے حضرت الشیخ عبد القادر الکیلانی رضی اللہ عنہ جیسی عظیم دینی و علمی شخصیت سے متعلق جدید پہلوؤں کو بے نقاب کیا۔ میں دعا کرتا ہوں کہ آپ کو مزید عطائے علمی نصیب ہو۔ آپ نے جس شخصیت پر اپنا قلم اٹھایا وہ اپنے دنیائے علم و وقار میں بے مثال ہیں۔ اس پر عالمِ جلیل ڈاکٹر عماد عبد السلام رؤوف کی عنایت نے آپ کے اس قابلِ قدر مقالہ کی قدر و قیمت اور بڑھادی ہے جو ہمارے لئے باعثِ فخر ہے۔ آپ دونوں کی کوششیں مبارک ہوں۔

۱۵۔ معروف عراقی مفکر ڈاکٹر مصطفی الزلمی

پروفیسر جامعہ ءبغداد 'عراق

اللہ سبحانہ تعالیٰ آپ کو اس تحقیق کے لئے برکتیں عطا فرمائے اور اسے آپ کی میزانِ حسنات میں شامل کردے۔ آپ نے حضرت الشیخ عبد القادر الکیلانی قدّس اللہ روحہ کی سیرتِ عطرہ کا احاطہ منصفانہ اور ایک بہترین انداز میں کیا۔ اپنے اس عملِ صالح کے ذریعہ آپ نے عراقی 'عربی 'اسلامی مکاتبِ علمی میں ایک تاریخی و تحقیقی مواد کا اضافہ کردیا۔ آپ کی یہ تحقیق ہر کسی کے لئے باعثِ فخر ہو گی۔

۱۶-ڈاکٹر حمدان الکبیسی

پروفیسر کالج آف آرٹس' جامعہ بغداد' عراق

اللہ سبحانہ تعالیٰ آپ کی اس بہترین سعیء کبیر میں برکتیں عطا فرمائے۔ اللہ نے چاہا تو یہ مبارک وطیب کتاب عراقی' عربی اور عالمی ذخائرِ علمی خصوصاً تاریخ اور علم کے کتب خانوں میں اہم اور خوبصورت اضافہ ثابت ہو گی۔ ہم خدائے واحد واحد سے دست بدعا ہیں کہ اسے آپ کی میزانِ حسنات میں شامل فرمادے' آپ کو اس کے لئے جزائے خیر عطا کرے اور اللہ سبحانہ تعالیٰ آپ کی حفاظت فرمائے اور آپ سے علم اور علماء کی خدمت کا کام لے۔

۱۷-معروف مورخ پروفیسر ڈاکٹر ہاشم یحییٰ الملاح

سابق صدر جامعہ موصل و مشیر وزارتِ اعلیٰ تعلیم 'حکومتِ عراق

دراصل ہمیں ڈاکٹر جمال الدین الکیلانی کی تحریرات و تحقیقات کی عادت ہو چکی ہے اور ان کا یہ مقالہ اس کی ایک اور دلیل ہے۔ انہوں نے اس تاریخی تحقیق میں نہایت غیر جانبداری سے کام لیا اور اس تاریخی واقعہ کے تعاقب و تحقیق میں جو خاندانِ کیلانیہ کی تاریخ کا ایک حساس موضوع ہے ان کا یہ غیر جانبدارانہ رویہ قابلِ ستائش ہے جبکہ وہ خود اسی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ اللہ سبحانہ تعالیٰ ان کے لئے برکتیں نازل فرمائے اور ہم مزید تحقیقات کے منتظر ہیں۔

۱۸-معروف مصنف ڈاکٹر عادل المخزومی

سابق پروفیسر فلسفہء تاریخ' جامعہ مستنصریہ' عراق

جب قاری ڈاکٹر جمال الدین الکیلانی کی اس کتاب کی اولین سطروں کا مطالعہ شروع کرے گا تو اس کے دل میں یہ خیال آسکتا ہے کہ ڈاکٹر جمال الدین نے جو کچھ لکھا وہ اپنے جدّ امجد سے اپنی محبت کے سبب ان کے دفاع میں تحریر کیا ہے اور وہ اس شخصیت کے لئے کی گئی مدح و ثنا کو اسی جذبہ سے دیکھے گا۔ میں جانتا ہوں کہ قاری

کا یہ تصور لاعلمی کی تاریکیوں کے باعث ہوگا لیکن جب وہ عراقی صوفی وفقیہہ تقدس مآب حضرت الشیخ عبد القادر الکیلانی رضی اللہ عنہ کے متعلق اس مقالہ کو آگے پڑھتا جائے گا تو وہ اپنے خیالات میں یکسر تبدیلی پائے گا لیکن یہ تبدیلی کس لئے ہوگی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ وہ خود کو جہالت کی تاریکیوں سے صاحبِ موضوع کی شخصیت کی معرفت کی منور فضاؤں میں منتقل ہوتا پائے گا جن کی کوئی حد نہیں کیونکہ وہ اس عظیم علمی شخصیت کو زیادہ سے زیادہ پہچانتا جائے گا جو اہلِ عرب کی معروف شخصیات سے ہیں' جو حضور سید البشر علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذریت سے ہیں اور جن کی ولادت وپرورش عراق میں ہوئی۔ یقیناً یہ ہم جیسے متلاشیانِ کنوزِ معرفت کے اشتیاق میں زیادتی کا باعث ہوگا کہ ہم اپنے ان اصحابِ فضل وعطا کے متعلق جانیں جن میں سرِ فہرست وہ سر کردہ شخصیت ہیں جن کی فقہ' جہاد' تصوف اور دیگر کئی بیش بہا خدمات کا تذکرہ اصحابِ اختصاص نے کیا ہے جس کے سبب غیر عراقی کو بھی حسرت ہوتی ہے کہ یہ نادر ونایاب جوہر ان کے خزانوں میں ہوتا۔ مختصراً یہ کہ میں برادرم ڈاکٹر جمال الدین الکیلانی سے ملتجی ہوں کہ وہ میری جانب سے مبارکباد اور مزید تحقیقات کے لئے نیک تمنّائیں قبول فرمائیں۔ اللہ آپ کو اپنی حفظ وامان میں رکھے۔

۱۹۔ معروف مصنف ڈاکٹر قحطان الحدیثی

پروفیسر کالج آف آرٹس' جامعہ ءبغداد' عراق

بے شک ہمارے معاشرے میں کسی قابلِ اعتماد تحقیقی دستاویز کا تحریر کرنا نہایت اہم علمی کام ہے اور اس کتاب کا کیا کہنا جو عالمِ اسلام کی ایک اہم شخصیت کے مقامِ ولادت پر باوثوق تحقیق ہے اور جو حقیقتاً ہمیں اُن غیر تحقیق شدہ روایات سے دور لے جاتی ہے جو عرصہ ءدراز سے ہمارے درمیان پھیلی ہوئی تھیں۔

۲۰۔ معروف مورخ ڈاکٹر خالد ناجی السامرائی

پروفیسر جامعہ بغداد و صدر عرب عراق نیشنل الائنس 'حکومتِ عراق

کوئی تعجب نہیں کہ قطبِ بغداد' عالم زمانہ بلا منازع' صاحبِ کرامات حضرت الشیخ عبد القادر الکیلانی رضی اللہ عنہ کے پوتے نے اس علمی اور سلجھے ہوئے انداز میں اپنے جدّ امجد کی سیرتِ عطرہ رقم کر دی۔

آپ کی یہ ذہین کاوش عربی تصانیف میں محض ایک تصنیف کے اضافہ سے کہیں زیادہ بغداد کی نمائندہ شخصیت کی حیاتِ بابرکات کی وضاحت ہے جس کے انوار سے بغداد تابناک ہے اور کیوں نہ ہو کہ وہ اپنی تمام صفات میں بازِ اشہب ہے۔ آپ کی یہ کتاب عربی ذخیرہ کتب میں عموماً اور خالص اسلامی تصوف کے مکاتب میں خصوصاً ایک قیمتی اضافہ ہے۔

۲۱۔ پروفیسر تاریخ ڈاکٹر نبیلہ عبد المنعم داؤد

صدر مرکز احیاء التراث العلمي العربي 'جامعہ بغداد' عراق

میں ڈاکٹر جمال الدین الکیلانی کی ان مساعی کی تعریف کرتی ہوں جو انہوں نے امام و شیخِ جلیل حضرت عبد القادر الکیلانی طیّب اللہ ثراہ کی سیرت میں اس لئے صرف کیں تاکہ اسلامی ورثہ کی تصحیح ہو جائے 'حضرتِ شیخ علیہ الرحمہ کے متعلق شکوک و شبہات دور ہو جائیں اور آئندہ نسلوں کی بلا تحقیق نقل کردہ معلومات کی بجائے ان تاریخی علمی حقائق اور صحیح معلومات کی جانب رہنمائی ہو سکے۔ میں سمجھتی ہوں کہ ڈاکٹر جمال الدین الکیلانی کا یہ مقالہ تحقیقاتِ تاریخ کے سلسلہ میں ایک غیر معمولی کوشش اور مکاتبِ اسلامی کے لئے قیمتی تحفہ ہے۔ اللہ سبحانہ تعالیٰ آپ کی کوششوں کو بابرکت فرمائے اور میں آپ سے تاریخِ اسلامی اور اس کی شخصیات کے لئے مزید تحقیق کی امید کرتی ہوں۔

۲۲۔ معروف عراقی مورخ و مصنف ڈاکٹر عبدالقادر المعاضیدی

پروفیسر تاریخ 'جامعہء بغداد' عراق

اللہ سبحانہ تعالیٰ مقالہ نگار محقق جمال الدین فالح الکیلانی پر برکتیں نازل فرمائے کہ انہوں نے اپنی تحقیق کو بڑی دلچسپی سے سنوارا اور اس کا مستحقہ حق ادا کر دیا جبکہ شیخِ صالحِ اوّاب سیدنا عبدالقادر الحسنی قدّس اللہ روحہ کی سیرت لکھی' ان کے مقامِ ولادت کی صحیح طور پر تحقیق کی اور اپنی تحریر کو اطمینان بخش دلائل' ثبوت اور شہادتوں سے آراستہ کیا۔ اللہ سبحانہ تعالیٰ انہیں اس کے لئے جزائے خیر اور بے حساب برکتیں عطا فرمائے۔

۲۳۔ معروف عراقی مصنف ڈاکٹر عبدالامیر دکسن

ڈین شعبہء تعلیم 'جامعہء بغداد' عراق

میں بے حد مسرت کے ساتھ ڈاکٹر جمال الدین الکیلانی کو ان کی اس ممتاز علمی خدمت کے لئے مبارکباد پیش کرتا ہوں جو انہوں نے اپنی باوقار تاریخی کتاب ''جغرافیۃ الباز الاشہب 'عبدالقادر الکیلانی'' کے ذریعہ سرانجام دی ہے اور امید کرتا ہوں کہ وہ مزید تاریخی مقالات پیش کرتے رہیں گے۔

۲۴۔ معروف عراقی مصنف ڈاکٹر زیاد الصمید عی

ڈین شعبہء قانون 'جامعہء عراقیہ' بغداد' عراق

عرصہء دراز سے میں سیدّنا الشیخ عبدالقادر الکیلانی قدّس اللہ سرّہ العزیز کی حیاتِ طیبہ کا مطالعہ کرتا رہا لیکن میرے ذہن میں جو سوال اُٹھتے رہے مجھے کوئی ان کا جواب دینے والا نہ ملا تا آنکہ اللہ سبحانہ تعالیٰ نے مجھے علمائے تاریخ میں سے ایک عالم تک پہنچایا جن پر اللہ سبحانہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم کا در کھول دیا ہے اور انہوں نے اپنی نادر کتاب ''جغرافیۃ الباز الاشہب'' کا تحفہ دیا جس سے مجھے میرے ذہن میں اٹھنے والے ان سوالات کا جواب مل گیا اور وہ تاریخ صاف ظاہر ہو گئی جس پر تزویر و تحریف کا غبار چڑھ گیا تھا۔ ہمارے عزیز ڈاکٹر جمال الدین الکیلانی' آپ کو اللہ سبحانہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے اور آپ پر کشوفاتِ عرفانی کا سلسلہ جاری رکھے۔

۲۵- معروف مصنف ڈاکٹر احمد شوقی العمرجی

پروفیسر شعبۂ تاریخ' جامعۂ اسیوط' مصر

محترمی ڈاکٹر جمال الدین الکیلانی ' میں نے سیّدی عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ کے متعلق آپ کا مقالۂ طیبہ پڑھا۔ یہ ایک قیمتی مطالعہ اور شاندار علمی کاوش ہے اور آپ نے اس موضوع کا احاطہ علمی طریقہ اور منہج پر کیا ہے جس کے لئے اللہ سبحانہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

۲۶- معروف مصنف ڈاکٹر احمد ناجی الغریری

اسسٹنٹ پروفیسر آرٹس کالج' جامعۂ کوفہ' عراق

اگر میں تاریخ کی اصطلاحی تعریف کروں تو یہ اشیائے جلیلہ کی حفاظت کا نام ہے اور یقیناً اس کے بعد تاریخ کی جو بھی تعریف آئی ہے وہ اس بنیادی معنی سے جدا نہیں ہے۔ یہیں سے ہر وہ مورخ جسے اپنے کام کا ادراک ہو' اپنے قلم کے واجبات کا پتہ ہو اور اپنے موضوع کی اہمیت کا اندازہ ہو اس تحقیق کی راہ نہیں چھوڑتا جس میں عامۃ النّاس کا فائدہ ہو۔ اور ہم سمجھتے ہیں کہ بنی نوعِ انسان میں سے اکابر وافاضلِ کرام کا تذکرہ خود تذکرہ نگار کی بھلائی اور فضیلت کی صفات کا بھی عکاس ہوتا ہے۔ ڈاکٹر جمال الدین الکیلانی نے اپنی ذی وقار کتاب "جغرافیۃ الباز الاشہب" میں جو معرفت آگاہ مضامین تحریر کئے ہیں وہ اس امت کے تاریخ و تمدّن میں علمی اضافہ ہے جو ہر اس شخص کے لئے باعثِ فخر ہے جو اس سے کسی نہ کسی طرح وابستہ ہے یا جس پر اس کے ثمرات نمایاں ہو گئے۔ ہمارے لئے ' برادرم ڈاکٹر صاحب کے لئے اور اس یونیورسٹی کے لئے جس نے اس کارکردگی کو درجۂ قبولیت عطا کیا یہ امر مبارک و مسعود ہے کہ ہمارے ساتھی نے یہ کارنامہ انجام دیا اور بے شک صاحبِ کتاب ہمیں اس طرح کے مزید تحائف بھی دیتے رہیں گے۔

۲۷۔معروف مصری مورخ ڈاکٹر السید عبد العزیز سالم

پروفیسر تاریخ' جامعہ اسکندریہ' مصر

سیدِ محقق جمال الدین فالح الکیلانی 'میں آپ کو آپ کی معتبر علمی کاوش کتاب "جغرافیۃ الباز الاشہب" کے لئے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اللہ سبحانہ تعالیٰ آپ کو امتِ مسلمہ کے علمی ورثہ کی مزید تحقیق اور ان پوشیدہ حقیقتوں کو بے نقاب کرنے کی توفیق دے جن پر آج بھی جہالت اور حقیقت ناشناسی کے پردے پڑے ہیں اور جس کی ہمیں اشد ضرورت ہے۔ میں آپ کے لئے اللہ سبحانہ تعالیٰ کی جانب سے مزید توفیق اور عطا کا طالب ہوں۔

۲۸۔معروف مورخ وعالم ڈاکٹر محمد مظفر الادہمی

پروفیسر الجامعة الملكية' عمان' اُردن

تالیف "جغرافیۃ الباز الاشہب" ایک بہترین اور مبارک کوشش کی عکاس ہے جس میں محقق ڈاکٹر جمال الدین الکیلانی نے بڑے اہتمام اور ممتاز اندازِ تحقیق کا مظاہرہ کیا اور عربی اسلامی ذخیرہء کتب میں اس تصنیف کا اضافہ کیا تاکہ یہ بھی ان نہایت قیمتی کتابوں میں شامل ہو جائے جو اپنے معتمد حوالوں کے لئے مشہور ہیں۔ علاوہ ازیں اس کتاب میں جو علمی مواد ہے وہ اپنے مقصد میں محکم اور واضح ہونے کے باعث ممتاز اسلوب اور طریقہء تحقیق کی حامل ہے جس سے اُمّتِ عربی واسلامی کی نمائندہ شخصیات خاص طور پر عالمِ ربّانی جلیل القدر عظیم الفخر امام عبد القادر الکیلانی قدّس اللہ سرّہ الشریف سے متعلق صفحاتِ تاریخ کے اہم گوشے منّور ہو گئے ہیں۔ میں اللہ سبحانہ تعالیٰ سے دست بدعا ہوں کہ ہمارے محبوب محققین کو قول و عمل میں حقانیت نصیب ہو اور اللہ کے فضل و کرم سے ان کے ذریعہ ایسی مزید تخلیقات سامنے آئیں۔

۲۹- معروف عراقی مورخ و محقق پروفیسر ڈاکٹر حاتم صالح الضامن

اسسٹنٹ ڈین 'فیکلٹی آف آرٹس' جامعہ بغداد 'عراق

حضرت الشیخ عبد القادر الکیلانی رضی اللہ عنہ کی سیرت میں تحقیق آسان نہیں پُر خطر ہے اور یہ کام صرف وہی کر سکتا ہے جسے علمی تحقیق کا تجربہ ہو اور جو جوہرِ صبر سے لیس ہو۔ ڈاکٹر الشریف جمال الدین الکیلانی کو یہ کامیاب مشقت مبارک ہو کہ انہوں نے مکتباتِ تاریخ میں عموماً اور کتبِ تصوف میں خصوصاً ایک حقیقی اضافہ کیا ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ محققِ محترم اس خصوص میں مزید تحقیقات پیش کرتے رہیں گے۔

۳۰- معروف مورخ و مصنف پروفیسر ڈاکٹر عبد الرزاق الانباری

صدر شعبہ تاریخ 'جامعہ بغداد 'عراق

یہ تالیف "جغرافیۃ الباز الاشہب" محقق ڈاکٹر جمال الدین الکیلانی کی لائقِ تشکر کوشش کا نتیجہ ہے جس میں انہوں نے مشہور و معروف اور معتمد سمجھی جانے والی کتابوں میں پائی جانے والی ملاوٹ کی وضاحت کر دی اور یہ بات صاف کر دی کہ حضرت امام عبد القادر الکیلانی رضی اللہ عنہ کی ولادت 'نشو نما اور وفات عراق میں ہوئی۔ اور جب ہم صفحاتِ تاریخ سے اس امامِ جلیل سے متعلق اس صفحہ کو دیکھتے ہیں تو ہمیں یہ حقیقت صاف و صریح طور پر نظر آتی ہے اور یہی اس علمی تحقیق کا امتیاز ہے۔ اللہ سبحانہ تعالیٰ برادرم ڈاکٹر جمال کو مستقبل میں ایسی مزید معرفت آمیز تخلیقات کی توفیق میسر فرمائے۔

۳۱- معروف شاعر و ادیب ڈاکٹر مامون فریز جرار

اسسٹنٹ پروفیسر 'جامعة العلوم التطبیقیه 'عمان 'اُردن

مجھے جب آپ کے اور میری والدہ کے جدِّ اعلیٰ قطبِ ربّانی سیدی عبد القادر الجیلانی قدّس سرّہ کے مقامِ ولادت سے متعلق آپ کی علمی تحقیق کا علم ہوا تو اس خبر نے مجھ میں حضرت علیہ الرحمہ سے متعلق مزید معلومات جاننے اور ان کی کتابوں کے مطالعہ کے شوق کو فروغ دیا۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ امام عبد القادر

رضی اللہ عنہ حضرت امام بدیع الزمان النورسی علیہ الرحمہ مؤلف "رسائل النّور" کے اساتذہ سے ہیں جنہیں میں نے اسی وقت سے اپنا امام مان لیا جب میں نے "رسائل النّور" میں موجود اس علمِ لدّنی کو دیکھا جو اس دور کی اہم ضرورت ہے۔ اور قطبِ ربّانی سیدی عبد القادر رضی اللہ عنہ نے ہی ہمارے استاذ النورسی رحمہ اللہ کی طریق الی اللہ کی جانب رہنمائی کی تھی۔ اللہ سبحانہ تعالیٰ ہمارے جدّ امجد قدّس سرّہ کے وطنِ ولادت کی تحقیق میں آپ کی اس عظیم علمی کاوش میں برکت عطا فرمائے۔ آپ کی اس کتاب کے مطالعہ کے بعد مجھے ہمارے جدّ امجد قطبِ ربّانی رضی اللہ عنہ کے متعلق آپ کی دیگر کتب و مقالات کو دیکھنے کا اشتیاق ہے۔ اللہ سبحانہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے' آپ کے علم کو نفع بخش کر دے اور ہمیں اپنے جدّ کریم کی برکات سے بہرہ مند فرما دے۔ آمین

۳۲۔ معروف محقق و مصنف ڈاکٹر عبد الرحمٰن علی الحجی

سابق پروفیسر تاریخ جامعات بغداد' ریاض' متحدہ امارات' کویت' یمن

ڈاکٹر جمال الدین فالح الکیلانی نے بڑی مبارک تحقیق کی اور اس حقیقت کا اظہار کر دیا کہ ہمارے جدّ امجد الشیخ عبد القادر الکیلانی رضی اللہ عنہ کا مقامِ ولادت عراق ہے۔ ان کا اظہارِ حقیقت اور اندازِ تحقیق کا یہ عمل نہایت باوثوق' واضح اور تاریخ و امّت کے لئے ایک دستاویز ہے۔ اللہ سبحانہ تعالیٰ برکتیں عطا فرمائے اور ایسی مزید کتابوں کی توفیق دے۔

۳۳۔ معروف مورخ و مصنف ڈاکٹر علاء موسیٰ کاظم نورس

صدر شعبہ ءتاریخ جامعہ ءبغداد و مشیر وزارتِ خارجیہ' حکومتِ عراق

ہمارے پیشِ نظر یہ کتاب مکتباتِ اسلامیہ میں عموماً اور عراقی مراکز کتب میں خصوصاً ایک قیمتی اضافہ ہے۔ اس کتاب میں محقق ڈاکٹر جمال الدین الکیلانی نے حضرت شیخِ کیلانی رضی اللہ عنہ کے مقامِ ولادت جیلانِ عراق پر جو محلِ اختلاف تھا' نہایت واضح' مدلل اندازِ تحقیق کے ذریعہ ضوفشانی کی ہے۔ میں اپنے اس مقام سے اللہ سبحانہ تعالیٰ سے ان کے عمل اور حیات کے لئے مزید توفیقات کی دعا کرتا ہوں اور ان سے خواہش کرتا ہوں

کہ وہ عراق کی عظیم تاریخ اور علمائے عراق کے متعلق ایسی مزید تحقیقات دنیا کے سامنے پیش کریں جسے اس کے دشمن مٹانے کی کوشش کررہے ہیں۔

۳۴۔ معروف مصنف پروفیسر ڈاکٹر عبدالستار مطلک درویش

صدر شعبہء تاریخ جامعہء دیالی' عراق

ڈاکٹر جمال الدین الکیلانی' میں نے آپ کی دلچسپ کتاب کا مطالعہ کیا جسے آپ نے حضرت الشیخ عبد القادر الکیلانی قدّس سرّہ کے لئے مخصوص کیا ہے۔ یہ آپ کے اور ہمارے لئے بڑے شرف کی بات ہے کہ ہم حضرت علیہ الرحمہ کی سیرت اور دعوت الی اللہ میں ان کے عظیم کردار کو جانیں۔ اس کتاب نے حقائق سے متعلق بڑی اہم معلومات فراہم کی ہیں جو آپ پر اللہ سبحانہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے کھول دی ہیں اور ان میں برکتیں عطا فرمادیں۔ میں اس مبارک کاوش کے لئے آپ کو اور پروفیسر ڈاکٹر علامہ عماد عبد السلام کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ اللہ سبحانہ تعالیٰ اسے آپ کی میزانِ حسنات میں شامل فرمادے اور متمنی ہوں کہ اس کتاب کی وسیع پیمانہ پر نشرواشاعت ہو۔ آپ میرے عزیز بھائی ہیں اور میری دعائیں آپ کے ساتھ ہیں۔

۳۵۔ معروف مصنف وخطاط ڈاکٹر عامر الجمیلی

اسسٹنٹ پروفیسر' شعبہء ادب' قسم آثارِ قدیمہ' جامعہء موصل' عراق

میں نے آپ کی قابلِ قدر کتاب "جغرافیۃ الباز الاشہب" کا مطالعہ کیا۔ اس کتاب میں مجھے خیرِ کثیر ملا اور میں نے اوروں کی طرح اس میں موجود نعمتوں متوازن تنقیح' فنّی صلاحیت' تحقیقی طریقہء کار اور ان دلائل سے استفادہ کیا جن سے حضرت شیخِ کیلانی رضی اللہ عنہ کے مقامِ ولادت و نشو نما کے متعلق کوئی شک وشبہ باقی نہیں رہتا اور یہی جدید تاریخی مطالعات میں بھی مذکور ہے۔ آپ نے جن براہین اور حتمی ثبوتوں کا ذکر کیا ہے میں ان میں ایک اور دلیل کا اضافہ کرنا چاہتا ہوں کہ منطقہء "الجیل" یا "الگیل" یا "الگال" جو بغداد کے منطقہء مدائن کے نواح سے ہے' یہ اور واسط اور بعقوبہ کے درمیان واقع مشرقی عراق کے دیگر علاقے شمالی ایران جن میں

موجودہ گیلانِ طبرستان بھی ہے' سے زیادہ مذہبِ تصوفِ اسلامی کی ترویج کے روحانی مراکز کی حیثیت رکھتے تھے۔اور جس کسی نے ہمارے ساتھی ڈاکٹر محمد حسین علی السویطی کی کتاب "**تاریخ واسط- دراسة فی الحرکة الفکریة خلال العصر العباسی**" ڈاکٹر تحسین حمید مجید کی کتاب "**تاریخ دیالی**" ڈاکٹر ناجیہ عبداللہ ابراہیم کی کتاب "**ریف بغداد**" اور ایسی دیگر کتابیں پڑھی ہوں جن میں مشرقی عراق کے تاریخی جغرافیہ کا احاطہ کیا گیا ہے' وہ اس نتیجہ پر پہنچ جائے گا کہ یہ مناطق مذہبِ تصوفِ اسلامی کے ظہور' ترویج' نشو نما اور ترقی کے لئے سازگار ماحول کے حامل تھے اور یہیں سے جمیع انحائے عالمِ اسلامی مشرق و مغرب میں اس طریقہ کی اشاعت ہوئی-اس کا تفصیلی ذکر ان کتب میں موجود ہے جن میں مشہور علمائے تصوف اور طرقِ تصوف کی اتباع کرنے والوں کا ذکر موجود ہے اور جس سے عرب اور مسلم راہ پیا صرفِ نظر نہیں کر سکتے۔


۳۶-معروف مصنف پروفیسر ڈاکٹر سامی مکی العانی

ڈین فیکلٹی آف آرٹس' جامعہ مستنصریہ' عراق

فاضل محقق ڈاکٹر جمال الدین فالح الکیلانی نے محققین کو آگاہ کرنے کے لئے بانگِ جرس اُٹھا دی کہ وہ بلا تحقیق تسلیم شدہ معلومات کو قبول نہ کریں کیونکہ اکثر غلطیاں مرورِ وقت کے ساتھ اور بعد کے مصنفین کی بغیر جانچے قبولیت کے سبب حقائق میں شمار ہونے لگتی ہیں' بلکہ وہ ڈاکٹر جمال الدین الکیلانی کی اقتداء کریں جیسے کہ انہوں نے اپنی اس کتاب میں ایک آہنی دیوار کو منہدم کر دیا جس سے ظاہر ہوا کہ جسے حقائقِ علمی کا ایک مضبوط ستون سمجھ لیا گیا ہو اسے بھی تحقیق علمی کی خاطر ہمت کے ساتھ غیر جانبدار تجزیہ اور متکرر گہرے مطالعہ کی ضرورت ہوتی ہے۔اور جب کسی محققِ جلیل کا ابتداء ہی سے یہ تنقیدی انداز رہے تو پھر اس کی پیش کردہ تحقیق علماء اور محققین کی محافل میں قدر و قیمت کی حامل ہو جاتی ہے۔

۳۷۔عکس تحریر مولانا مفتی خلیل احمد صاحب حفظہ اللہ

شیخ الجامعہ 'جامعہ نظامیہ 'حیدر آباد دکن



JAMIA NIZAMIA
Shibligunj, Hyderabad - 500 064, T.S. INDIA
Phones : 24416847, 24576772 Fax: 0091 - 40 - 24503267
www.jamianizamia.org E-mail fatwa@jamianizamia.org
fatwajamianizamia@yahoo.com

الجامعة النظامية
شبلی گنج، حیدرآباد ۵۰۰۰۶۴، ٹی ایس۔ الہند
www.jamianizamia.org E-mail fatwa@jamianizamia.org
fatwajamianizamia@yahoo.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی سیدنا ومولانا محمد وآلہ الطیبین وأصحابہ الأکرمین أجمعین ۔ اما بعد !

حضور پیران پیر رضی اللہ تعالی عنہ کی شخصیت اور خدمات کسی پر پوشیدہ نہیں ۔ آپ کی سیرت وخدمات پر تقریباً ہر زبان میں کئی کتابیں لکھی گئی ہیں ۔ ہر ایک نے اپنی تحقیق کے مطابق مواد جمع کیا ۔


اب محترم "ڈاکٹر جمال الدین فالح الکیلانی حفظہ اللہ" کی تصنیف "جغرافیۃ الباز الأشہب" کے نام سے عربی زبان میں منظر عام پر آئی ہے ۔

کتاب کے نام سے ظاہر ہو رہا ہے کہ مصنف کی تحقیق کا دائرہ وہ مقامات ہیں جہاں حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالی عنہ کی ولادت ہوئی اور جہاں آپ نے تعلیم پائی اور جہاں آپ نے وصال فرمایا ۔

ان مقامات کی جغرافیائی نوعیت کو واضح کیا گیا ۔ نیز تاریخ ولادت کے بارے میں بھی آپکی تحقیق عام تحقیق سے جدا ہے ۔

جیسا کہ ترجمہ کی اس عبارت سے ظاہر ہوتا ہے ۔

(مشہور ہے کہ حضرت شیخ عبد القادر الجیلی رضی اللہ عنہ مورخہ ۱۱ ربیع الثانی ۴۷۰ھ مطابق ۱۰۷۷ء کو جیل میں تولد ہوئے جو عراق میں بغداد سے جنوب کی جانب مدائن کے قریب ایک قریہ ہے اور یہی ہمارے اس تحقیقی مقالہ کا ماخذ وموضوع ہے



JAMIA NIZAMIA

Shibliganj, Hyderabad - 500 064, T.S. INDIA

Phones: 24416847, 24576772 Fax: 0091 - 40 - 24503267

www.jamianizamia.org E-mail:fatwa@jamianizamia.org

fatwajamianizamia@yahoo.com

الجامعة النظامية

شبلی گنج، حیدرآباد۔ ۵۰۰۰۶۴، ٹی ایس۔ الہند

www.jamianizamia.org E-mail:fatwa@jamianizamia.org

fatwajamianizamia@yahoo.com

-۲-

کہ آپکی ولادت جیل عراق میں ہوئی نہ کہ جیلان طبرستان میں

جیسے بعض کتابوں میں بغیر تحقیق و تدقیق لکھا جاتا رہا ہے۔

اسطرح بعض امور میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

مصنف موصوف خود بغداد کے رہنے والے اور خانوادہ قادریہ سے

تعلق رکھنے والے ہیں۔

اِس کتاب پر عرب علماء کے تقاریظ بھی موجود ہیں۔

اس کتاب کی اہمیت وافادیت کے پیش نظر حضرت مولانا سید وحید پاشاہ

قادری رحمۃ اللہ علیہ کے نواسے جناب سید وحید القادری عارف حفظہ اللہ

نے اردو داں طبقہ کیلئے اردو زبان میں اس کا ترجمہ کیا۔

محققین کیلئے اور معتقدین کیلئے یہ کتاب مفید اور معلومات آفریں ہے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مصنف علام کو جزائے خیر دے اور اس میں

مترجم و ناشر اور مطالعہ کنندگان کو بھی شامل فرمائے۔

وآمین بجاہ سید الانبیاء والمرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

مفتی خلیل احمد

شیخ الجامعۃ النظامیہ

۳۸-مکتوبِ تحسین بزبانِ عربی

مولانا مفتی خلیل احمد صاحب حفظہ اللہ (شیخ الجامعہ 'جامعہ نظامیہ 'حیدرآباد دکن)

بسم الله الرحمن الرحيم

JAMIA NIZAMIA

Shibligunj, Hyderabad - 500 064 A.P. INDIA.
Phones : 4416847, 4576772
Fax : 0091 - 40 - 4503267
www.jamianizamia.org E-mail : fatwa@jamianizamia.org



الجامعة النظامية

شبلی گنج، حیدرآباد۔۵۰۰۰۶۴ اے پی۔ الهند
فون نمبر ۴۴۱۶۸۴۷ - ۴۵۷۶۷۷۲
فیاکس ۰۰۹۱-۴۰-۴۵۰۳۲۶۷
www.jamianizamia.org E-mail : fatwa@jamianizamia.org

File & Despatch No. مثل و مجاریہ نشان

Date : تاریخ

الحمد لله رب العالمين، والصلاة والسلام على سيدنا ومولانا محمد وآله الطيبين وأصحابه الأكرمين أجمعين أما بعد:

لا يخفى على أحد ما لسيدنا عبد القادر الجيلاني رضي الله عنه من الفضائل الشخصية الجمة والخدمات الجليلة الباهرة في نشر الإسلام، وقد تناوله المؤلفون في مؤلفاتهم ودراساتهم، فما تركوا لغة من لغات العالم الشهيرة إلا وقد ألفوا فيها كتبا تبحث عن سيرته وفضائله وجهوده في نشر الإسلام والعقائد الصحيحة، وكل واحد منهم جمعوا المواد حسب تحقيقاتهم. وقد صدر حديثا كتاب في اللغة العربية بعنوان: " جغرافية الباز الأشهب" لصاحبه د. جمال الدين فالح الكيلاني حفظه الله.

ويبدو من عنوان الكتاب أن مجال المؤلف في هذا السفر هو الأماكن التي ولد فيها سيدنا عبد القادر الجيلي رضي الله عنه أو حصل فيها على العلوم أو توفي فيها.

وقد أثبت صاحب هذا الكتاب جغرافية هذه الأماكن ومواقعها، ومما يثير نقاشا بين الأوساط العلمية أنه أفرد في تعيين تاريخ ولادة الشيخ عن سائر المؤلفين الآخرين، وذهب إلى قول آخر لا يوافق قول الجمهور. وقد استدل بما ذهب إليه من الشواهد التاريخية وأقوال الرحالة والمؤرخين؛ يقول في كتابه:

"ولد الشيخ عبد القادر الجيلي في (جيل العراق) في ١١ ربيع الثاني وهو الأشهر، سنة ٤٧٠هـ الموافق ١٠٧٧م، في جيل العراق وهي قرية قرب المدائن جنوب بغداد، وهو ما نأخذ به نتيجة البحث، لا في جيلان الطبرستان كما يردد اعتماداً على رواية واحدة رددتها بعض الكتب بلا تدقيق أو نظر وهو موضوع بحثنا".

وقد قدم علماء العرب تقديمات لهذا الكتاب، ونظرا إلى أهمية هذا الكتاب وما احتواه من مواد علمي رصين نقله إلى اللغة الأردية سبط مولانا السيد وحيد باشا عليه الرحمة والرضوان السيد وحيد القادري حفظه الله تعالى.

وآمل أن هذه الترجمة ستفيد الباحثين والمحققين على نطاق واسع بإذن الله تعالى، داعيا المولى عز وجل أن يجزي مؤلف هذا الكتاب خير الجزاء وأن يجزي كذلك المترجم والناشر والقارئ.

آمين بجاه سيد الأنبياء والمرسلين صلى الله عليه وآله وأصحابه وسلّم.

شيخ الجامعة
جامعة نظامية

JAMIA NIZAMIA
20-3-160 Hussaini Alam,
HYDERABAD-500 064

۳۹۔مکتوبِ تحسین پروفیسر مہ جبین اختر صاحبہ

صدر شعبہء عربی جامعہ عثمانیہ وڈائرکٹر دائرۃ المعارف العثمانیہ 'حیدر آباد دکن

نحمده ونصلي على رسوله الكريم ، أما بعد :

لاشك فيه أن الشيخ الجليل سيدنا عبد القادر الجيلاني رضي الله عنه يعدّ من كبار الصلحاء والزهداء والأقطاب الذي نوّر العالم بقداسته وصحبته وبتعاليمه المؤثرة على العالم العربي والعجمي لم يزل يستسقي ويستبرك المجتمع الإسلامي بفيوض تعاليمه الروحية ولا يزال يستسقون بها حتى الآن.

وهذا شرف وافتخار لي أنني أرقم سطورا عن هذه الشخصية العظيمة ، إن صاحب الرسالة المحققة " جغرافية الباز الأشهب " للدكتور جمال الدين فالح الكيلاني قدّم سيرة قطب عصره الكاملة فيها وأعتقد أنها مجهودة جبارة وناجحة.

وقام بترجمة هذه الرسالة في اللغة الأردية سيد وحيد القادري وهي ترجمة ممتازة جدا وهي حاجة مأسة لعامة الناس من عصرنا الحاضر ، وهذا الجهد سيكون هدية علمية لأصحاب الفكر والأدب من آداب اللغة الأردية ، وأهل اللغة الأردية سيعرفون عن جوانب حياة الشيخ عبد القادر الجيلاني رضي الله عنه وتعاليمه الدينية والروحية مع أن الكتب المختلفة قد ألفت عن حياة الشيخ الجليل في شتى اللغات ولكن هذه الرسالة تتناول جوانب مختلفة عن حياته المجيدة وتعاليمه الخالصة فيلزم علينا أن نطالعها ، لأن المؤلف استدل عن ميزات سيرته بروايات معتمدة وغض البصر عن روايات غير معتمدة أو متروكة.

فأدعو الله سبحانه وتعالى أن يوفقنا مطالعة هذه الرسالة وترجمتها الأردية واغفر لنا أجمعين يارب العالمين – آمين بجاه سيد الأنبياء والمرسلين

البروفيسور مه جبين أختر

رئيسة قسم اللغة العربية بالجامعة العثمانية

ومديرة دائرة المعارف العثمانية ، الجامعة العثمانية

حيدرآباد – الهند

Prof. Dr. MEHJABEEN AKTHER
Head Dept. of Arabic
Osmania University
Hyderabad-500 007.

۴۰۔مکتوبِ تحسین جناب مولوی احمد علی صاحب

کیوریٹر 'سالار جنگ میوزیم' حیدرآباد دکن

Ahmed Ali
Keeper (Mss)
SALAR JUNG MUSEUM
Hyderabad
Minisrtry of Culture, Govt. of India
E-Mail : ahmedali.sjm@gmail.com



احمد علی
محافظ شعبۂ مخطوطات
دارالنوادر، سالار جنگ حیدرآباد۔
وزارتِ ثقافت حکومتِ ہند

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الى

الدكتور جمال الدين فالح الجيلاني حفظه الله ورعاه

باب المعظم بغداد، جمهورية العراق.

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

يسرّني ويسعدني أن اقدّم الى سماحتكم أكرم التهاني والتبريكات، حيث انكم قمتم بدراسة سيرة سيدنا الشيخ عبد القادر الجيلاني رضي الله عنه وفتحتم بابا جديدا في كتابكم، ومما لا شك فيه أن الكتاب **"جغرافية الباز الأشهب"** هو من أمتع الكتب وأنفعها المتعلقةبسيرة الشيخ وبالأخصّ في تحديد مكان مولده. وهذا الكتاب هو من نتاج جهودكم الجبارة في مجال التاريخ، والذي لاقى قبولا واسعا بين الأوساط العلمية والتاريخية، وسيفتح بابا جديدا، ويوجّه الدعوة لإعادة النظر في سيرة شيخنا من موارده الأصيلة ومصادره الحقيقية، والذي يقرأ الكتاب يجد أن المؤلف راعى فيه أصول البحث العلمي على وجه أتم، وكيف لا يراعي وهو من سلالة شيخنا، ويكفي لشهرة هذا الكتاب أنه طبع أربع مرات حتى الآن وترجم إلى لغات متعددة.

هذا واهنئكم مرّة ثانية من أعماق قلبي على هذا العمل المبارك، وأسأل الله تعالى أن يوفقكم لمزيد من الإنتاجات العلمية بمثله، وتقبل الله منكم هذه الجهود وجعلها في موازين حسناتكم.


والسلام

5/x/2016

الأستاذ أحمد علي
أمين قسم المخطوطات
متحف سالار جنغ،
حيدرآباد، الهند.


AHMED ALI
CURATOR (MANUSCRIPT)
SALAR JUNG MUSEUM
MINISTRY OF CULTURE

ڈاکٹر جمال الدین فالح الکیلانی کی دیگر تالیفات























سید وحید القادری عارف کی دیگر کتابیں



















آراء بر کتاب

مولدِ قادری

کسی باشعور انسان کے پاس اگر کوئی غیر معمولی فن ہو تو وہ کبھی نہ کبھی کسی نہ کسی طرح منظرِ عام پر آجاتا ہے اور فائیدہ اُٹھانے والے اُس سے فائیدہ حاصل کرتے ہیں۔ جناب وحید القادری عارف نے کوئی تیس ۳۰ سال قبل "مشکوٰۃ النبوۃ" کا فارسی سے اُردو میں ترجمہ کیا تھا جس سے ان کی لسانی صلاحیتوں کا اندازہ ہوتا ہے۔ جنابِ عارف نے ایک بار پھر حضرت سیدنا عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ کی جائے ولادت و سیرت مبارکہ پر مبنی عربی زبان کے جامع مقالہ کا اُردو ترجمہ کر کے اپنی خداداد صلاحیت کا لوہا منوالیا ہے۔ ڈاکٹر توفیق انصاری احمد

عارف صاحب کو پڑھنے اور پھر ان سے ملنے کے بعد ان کے شعر و ادب سے ہر اہلِ نظر متاثر ہوتا ہے۔ اُن کی زبان رفتہ اور اظہار برملا ہے۔ وہ جو کچھ کہتے اور لکھتے ہیں وہ دل کی آواز ہوتی ہے۔ ڈاکٹر توفیق انصاری احمد نے جب حضرت غوث اعظم دستگیر رضی اللہ عنہ کے متعلق عربی مقالہ پر ان کے اُردو ترجمہ کا تذکرہ کیا تو میں نے ازراہِ عقیدت و اعترافِ فورِ آکتاب کی اشاعت کو ضروری قرار دیتے ہوئے اس کی اشاعت کے اہتمام پر زور دیا۔ خدا کا شکر ہے کہ یہ اُردو ترجمہ کتابی صورت میں اب منظرِ عام پر آرہا ہے۔ اُمید ہے کہ عوام و خواص دونوں اس سے مستفید ہوں گے۔ خلیل الزماں خان

صدیوں سے پیغمبروں، بزرگوں، صوفیوں اور دانشوروں پر ہر دور میں کتابیں لکھی جاتی رہی ہیں۔ "مولدِ قادری" بھی دیکھنے اور پڑھنے میں آئی کہ یہ کتاب حضرت سید عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ کی حیاتِ پاک پر عربی مقالہ "جغرافیہ الباز الاشہب" کا اُردو ترجمہ ہے۔ یہ ترجمہ معیاری ہے اور اس میں ضروری مواد اور حوالہ جات کو سلیقہ سے پیش کیا گیا ہے۔ اس کتاب کی اشاعت پر میں بحیثیت مصنف "ورلڈ بگ بک" دنیا کے سات ارب پچیس کروڑ انسانوں کی جانب سے جناب سید وحید القادری عارف کو ان کے کامیاب اُردو ترجمہ پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ یوسف قادری

ڈاکٹر جمال الدین فالح الکیلانی کے مقالہ کا اُردو ترجمہ میری نظر سے گزرا۔ مقالہ نگار نے نہایت خوش اسلوبی کے ساتھ حضور غوثِ پاک رضی اللہ عنہ کی سیرت کے اُن بے شمار گوشوں کو منظرِ عام پر لایا ہے جو اہلِ علم کی نظروں سے آج تک بھی اوجھل رہے ہیں۔ چونکہ کسی بھی تحقیقی مقالہ کا عنوان اور معیار عام کتب سے نہایت بلند اور مختلف ہوتا ہے اور اس میں پیش کردہ مواد کو کسی نکتہ یا پہلو کو ثابت کرنے کے لئے حقائق، دلائل اور حوالہ جات کے شکنجہ میں جکڑ دیا جاتا ہے اس لئے وہی کیفیت یہاں بھی پائی جاتی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ مقالہ نگار کی یہ جد وجہد اور ترجمہ نگار جناب سید وحید القادری عارف کی یہ انمول کاوش اہلِ علم کے لئے نہایت مفید ثابت ہوگی۔ پروفیسر احمد عبد الحکیم

